درود شریف کے صیغوں پر مشتمل دلوں کو روشن کرنے والی کتاب

دلائل الخیرات

وشوارق الانوار فی ذکر الصلاۃ علی النبی المختار

صفحات 321



امام ابو عبداللہ محمد بن سلیمان جزولی رحمۃ اللہ علیہ

پیشکش
المدینۃ العلمیۃ
Islamic Research Center

یادداشت

دورانِ مطالعہ ضرورتاً انڈر لائن کیجئے اِشارات لکھ کر صفحہ نمبر نوٹ فرمالیجئے، اِنْ شَآءَ اللہ علم میں ترقی ہوگی۔

عنوان	صفحہ



اَسْمَآءُ الْحُسْنٰى



اَسْمَآءُ الْحُسْنٰی

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں

جَلَّ جَلَالُهٗ **اَلرَّحْمٰنُ** نہایت مہربان	جَلَّ جَلَالُهٗ **اَلرَّحِیْمُ** رحم والا	جَلَّ جَلَالُهٗ **اَلْمَلِكُ** بادشاہ
جَلَّ جَلَالُهٗ **اَلْقُدُّوْسُ** نہایت پاک	جَلَّ جَلَالُهٗ **اَلسَّلَامُ** سلامتی دینے والا	جَلَّ جَلَالُهٗ **اَلْمُؤْمِنُ** امان بخشنے والا
جَلَّ جَلَالُهٗ **اَلْمُهَيْمِنُ** حفاظت فرمانے والا	جَلَّ جَلَالُهٗ **اَلْعَزِيْزُ** عزت والا	جَلَّ جَلَالُهٗ **اَلْجَبَّارُ** عظمت والا
جَلَّ جَلَالُهٗ **اَلْمُتَكَبِّرُ** کبریائی والا	جَلَّ جَلَالُهٗ **اَلْخَالِقُ** بنانے والا	جَلَّ جَلَالُهٗ **اَلْبَارِئُ** پیدا کرنے والا

جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلْمُصَوِّرُ**	جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلْغَفَّارُ**	جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلْقَهَّارُ**
ہر ایک کو صورت دینے والا	بہت بخشنے والا	سب پر غالب
جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلْوَهَّابُ**	جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلرَّزَّاقُ**	جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلْفَتَّاحُ**
بہت عطا فرمانے والا	بڑا رزق دینے والا	بہترین فیصلہ کرنے والا
جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلْعَلِيْمُ**	جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلْقَابِضُ**	جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلْبَاسِطُ**
سب کچھ جاننے والا	تنگی کرنے والا	کشادگی کرنے والا
جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلْخَافِضُ**	جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلرَّافِعُ**	جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلْمُعِزُّ**
جھکانے والا	بلندی دینے والا	عزت دینے والا
جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلْمُذِلُّ**	جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلسَّمِيْعُ**	جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلْبَصِيْرُ**
ذلت دینے والا	سننے والا	دیکھنے والا

جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْحَكَمُ	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْعَدْلُ	جَلَّ جَلَالُہٗ اَللَّطِيْفُ
فیصلہ فرمانے والا	انصاف فرمانے والا	ہر باریکی جاننے والا
جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْخَبِيْرُ	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْحَلِيْمُ	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْعَظِيْمُ
خبر دار	حِلم والا	بڑائی والا
جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْغَفُوْرُ	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلشَّكُوْرُ	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْعَلِيُّ
بخشنے والا	قدر فرمانے والا	بلندی والا
جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْكَبِيْرُ	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْحَفِيْظُ	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُقِيْتُ
سب سے بڑا	نگہبان	قادر
جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْحَسِيْبُ	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْجَلِيْلُ	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْكَرِيْمُ
حساب لینے والا	عظمت والا	کرم والا

جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلرَّقِیْبُ** نگاہ رکھنے والا	جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلْمُجِیْبُ** دعا سُننے والا	جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلْوَاسِعُ** وسعت والا
جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلْحَکِیْمُ** حکمت والا	جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلْوَدُوْدُ** محبت والا	جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلْمَجِیْدُ** عزت والا
جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلْبَاعِثُ** قائم کرنے والا	جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلشَّهِیْدُ** گواہ	جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلْحَقُّ** حق
جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلْوَکِیْلُ** کام بنانے والا	جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلْقَوِیُّ** قوت والا	جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلْمَتِیْنُ** قدرت والا
جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلْوَلِیُّ** سنبھالنے والا	جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلْحَمِیْدُ** سب خوبیوں والا	جَلَّ جَلَالُہٗ **اَلْمُحْصِیْ** سب شمار جاننے والا

جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُبْدِئُ پہلے بنانے والا	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُعِیْدُ دوبارہ بنانے والا	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُحْیِ زندگی بخشنے والا
جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُمِیْتُ مَوت دینے والا	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْحَیُّ زندہ	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْقَیُّوْمُ قائم رکھنے والا
جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْوَاجِدُ غنی	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمَاجِدُ بزرگی والا	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْوَاحِدُ اکیلا
جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْاَحَدُ ایک	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلصَّمَدُ بے نیاز	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْقَادِرُ قادر
جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُقْتَدِرُ عظیم قدرت والا	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُقَدِّمُ مقدم کرنے والا	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُؤَخِّرُ مؤخر کرنے والا

جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْاَوَّلُ	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْاٰخِرُ	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلظَّاهِرُ
اوّل	آخر	ظاہر
جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْبَاطِنُ	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْوَالِیُ	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُتَعَالِیُ
باطن	مالک	بلندی والا
جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْبَرُّ	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلتَّوَّابُ	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُنْعِمُ
احسان فرمانے والا	بہت توبہ قبول کرنے والا	نوازنے والا
جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُنْتَقِمُ	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْعَفُوُّ	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلرَّءُوْفُ
بدلہ لینے والا	معاف کرنے والا	نہایت مہربان

جَلَّ جَلَالُہٗ مَالِكُ الْمُلْكِ	جَلَّ جَلَالُہٗ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ
مُلک کا مالک	عظمت اور بزرگی والا

جَلَّ جَلَالُہٗ اَلرَّبُّ پروردگار	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُقْسِطُ انصاف والا	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْجَامِعُ جمع فرمانے والا
جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْغَنِیُّ بے نیاز	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُغْنِیُ غنی کرنے والا	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمُعْطِیُ عطا فرمانے والا
جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْمَانِعُ روکنے والا	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلضَّآرُّ ضرر پہنچانے والا	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلنَّافِعُ فائدہ پہنچانے والا
جَلَّ جَلَالُہٗ اَلنُّوْرُ نور	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْھَادِیُ ہدایت دینے والا	جَلَّ جَلَالُہٗ اَلْبَدِیْعُ بے نمونے کے بنانے والا

نبیِّ مختار صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر دُرود شریف کے بیان
میں بھلائیوں کے کشادہ راستے اور نور کی کرنیں

دَلَآئِلُ الْخَیْرَات

وَ شَوَارِقُ الْاَنْوَارِ فِیْ ذِکْرِ الصَّلَاۃِ عَلَی النَّبِیِّ الْمُخْتَار

مؤلف

شیخ محمد بن سلیمان جَزُوْلِی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ

پیش کش

المدینۃ العلمیۃ

Islamic Research Center

ناشر

مکتبۃ المدینہ کراچی

نام کتاب: دَلَائِلُ الْخَيْرَات
صفحات: 319
پہلی بار: ذوالقعدہ ۱۴۴۰ھ، جولائی 2019ء تعداد: 5000 (پانچ ہزار)

دَلَائِلُ الْخَيْرَات مع ترجمہ واضافہ

پہلی بار: رجب المرجب ۱۴۴۴ھ، فروری 2023ء تعداد: 5000 (پانچ ہزار)
صفحات: 320
پیش کش: المدينة العلمية
Islamic Research Center

جملہ حقوق بحق مکتبۃ المدینہ محفوظ ہیں

مکتبۃ المدینہ
MAKTABA TUL MADINAH

دینی کتابوں کی اشاعت کا بین الاقوامی ادارہ

فیضانِ مدینہ، محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، کراچی
Faizan-E-Madina,Mohalla Sodagaran,Old Sabzi Mandi,Karachi

UAN: +922111112526692 :92-313-1139278
www.dawateislami.net www.maktabatulmadina.com
ilmia@dawateislami.net feedback@maktabatulmadina.com

پاکستان کے چند مکتبۃ المدینہ

اسلام آباد: شہید شریف روڈ G-11 مرکز اسلام آباد 051-5553765	لاہور: داتا دربار مارکیٹ، گنج بخش روڈ 04237311679
ملتان: نزد حبیبی والی مسجد، اندرون بوہڑ گیٹ 0614511192	فیصل آباد: امین پور بازار 0412632625
پشاور: مکتبۃ المدینہ پشاور انٹرنیشنل ایئرپورٹ 0092 311 9677780	حیدر آباد: فیضانِ مدینہ، آفندی ٹاؤن 0222620122
سکھر: مکتبۃ المدینہ، فیضانِ مدینہ، بیراج روڈ سکھر 0092 312 2611826	میر پور آزاد کشمیر: چوک شہیداں 05827437212

دنیا بھر کے چند مکتبۃ المدینہ

سعودی عرب: 00971-525641947	متحدہ عرب امارات: 00971-4514691	انگلینڈ: 0044 7872 119618	جرمنی: 0049 1521 6972748
ملائیشیا: 0060 16-934 1591	آسٹریلیا: 0061 430 539 226	اٹلی: 0039-3392358897	امریکہ: 001 (847) 800-3865
جاپان: 0081-8097526831	ترکی: 0090-5318980786	بھارت: 0091 93703 84948	ساؤتھ افریقہ: 0027 79 271 9161
ساؤتھ کوریا: 0082 105517-2612	بنگلہ دیش: 00880 1934-457874	کویت: 00965-99972721	

المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)
دعوتِ اسلامی DAWAT-E-ISLAMI
مکتبۃ المدینہ MAKTABA TUL MADINAH

فہرست

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ
1	دلائل الخیرات شریف پڑھنے کی 12 نیتیں	15
2	شیخ محمد بن سلیمان جزولی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ	19
3	کچھ دلائل الخیرات شریف کے بارے میں	22
4	دلائل الخیرات شریف اور المدینۃ العلمیۃ	26
5	دلائل الخیرات شریف پڑھنے کے آداب اور طریقے	31
6	مقدمہ دلائل الخیرات شریف	32
7	فَصْلٌ فِیْ فَضْلِ الصَّلٰوۃِ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم	36
8	فِیْ صِفَۃِ الرَّوْضَۃِ الْمُبَارَکَۃِ	58
9	اَسْمَآءُ النَّبِیِّ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم	62
10	اَلْحِزْبُ الْاَوَّلُ فِیْ یَوْمِ الْاِثْنَیْنِ (پہلی منزل بروز پیر)	86

11	اَلْحِزْبُ الثَّانِيْ فِيْ يَوْمِ الثَّلَاثَآء (دوسری منزل بروز منگل)	116
12	اِبْتِدَاءُ الرُّبُعِ الثَّانِي (دوسری چوتھائی کی ابتداء)	139
13	اَلْحِزْبُ الثَّالِثُ فِيْ يَوْمِ الْاَرْبَعَآء (تیسری منزل بروز بدھ)	144
14	اِبْتِدَاءُ الثُّلُثِ الثَّانِيْ (دوسری تہائی کی ابتداء)	157
15	اَلْحِزْبُ الرَّابِعُ فِيْ يَوْمِ الْخَمِيْسِ (چوتھی منزل بروز جمعرات)	172
16	اِبْتِدَاءُ الرُّبُعِ الثَّالِثِ (تیسری چوتھائی کی ابتداء)	192
17	اَلْحِزْبُ الْخَامِسُ فِيْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ (پانچویں منزل بروز جمعہ)	204
18	اَلْحِزْبُ السَّادِسُ فِيْ يَوْمِ السَّبْتِ (چھٹی منزل بروز ہفتہ)	240
19	اِبْتِدَاءُ الثُّلُثِ الثَّالِثِ (تیسری تہائی کی ابتداء)	243
20	اِبْتِدَاءُ الرُّبُعِ الرَّابِعِ (چوتھی چوتھائی کی ابتداء)	259
21	اَلْحِزْبُ السَّابِعُ فِيْ يَوْمِ الْاَحَدِ (ساتویں منزل بروز اتوار)	274
22	اَلْحِزْبُ الثَّامِنُ فِيْ يَوْمِ الْاِثْنَيْنِ (آٹھویں منزل بروز پیر)	304
23	تَخْرِيْجُ الْاَحَادِيْث	318

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

"دَلَآئِلُ الْخَیْرَات" کے 12 حروف کی نسبت سے اس کتاب کو پڑھنے کی 12 نیتیں

فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ واٰلِہٖ وسَلَّم: نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔ (معجم کبیر، 6/185، حدیث 5942، دار احیاء التراث العربی بیروت)

مدنی پھول: جتنی اچّھی نیّتیں زیادہ، اُتنا ثواب بھی زِیادہ۔

(1) ہر بار حَمد و (2) صلوٰۃ اور (3) تعوُّذ و (4) تَسمِیہ سے آغاز کروں گا (اسی صفحہ پر اوپر دی ہوئی عربی عبارات پڑھ لینے سے چاروں نیتوں پر عمل ہو جائے گا)۔ (5) حتَّی الْوُسع باوُضُو اور (6) قبلہ رُو وِرد کروں گا (7) روزانہ ایک وِرد مقرر کر کے ہفتہ میں مکمل کروں گا (8) مستقل پڑھنے کی عادت بناؤں گا (9) اس کا ثواب آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی ساری امت کو ایصال کروں گا (10) فضائل بتا کر دوسروں کو پڑھنے کی ترغیب دلاؤں گا (11) اس حدیثِ پاک "تَهَادَوْا تَحَابُّوْا" ایک دوسرے کو تحفہ دو آپس میں محبت بڑھے گی (مؤطا امام مالک، 2/407، حدیث 1731، دار المعرفہ بیروت) پر عمل کی نیت سے اسے دوسروں کو تحفۃً دوں گا (12) کتابت وغیرہ میں شرعی غلطی ملی تو ناشرین کو تحریری طور پر مطلع کروں گا۔ (ناشرین و مصنّفین وغیرہ کو کتابوں کی اَغلاط صرف زبانی بتانا خاص مفید نہیں ہوتا۔)

اچھی اچھی نیتوں سے متعلق رہنمائی کے لیے امیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کا سنتوں بھرا بیان "نیت کا پھل" اور نیتوں سے متعلق آپ کا مرتب کردہ رسالہ "ثواب بڑھانے کے نسخے" مکتبۃ المدینہ سے خرید فرمائیں۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

المدینۃُ العلمیۃ

(Islamic Research Centre)

عالمِ اسلام کی عظیم دینی تحریک دعوتِ اسلامی نے مسلمانوں کو درست اسلامی لٹریچر پہنچانے اور اس کے ذریعے اصلاحِ فرد و معاشرہ کے عظیم مقصد کے لئے 1421ھ مطابق 2001ء کو جامعۃ المدینہ گلستانِ جوہر کراچی میں المدینۃ العلمیۃ کے نام سے ایک تحقیقی ادارہ قائم کیا جس کا بنیادی مقصد اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان قادری رحمۃ اللہ علیہ کی کتب کو دورِ حاضر کے تقاضوں کے مطابق شائع کروانا تھا۔ جُمادی الاولیٰ 1424ھ / جولائی 2003ء اسے عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ پرانی سبزی منڈی، یونیورسٹی روڈ کراچی میں منتقل کر دیا گیا۔ امیرِ اہلِ سنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی علامہ محمد الیاس عطار قادری دامت بَرَکاتُہُمُ العالیہ کے نیکی کی دعوت، اِحیائے سنّت اور اِشاعتِ علمِ شریعت کا عزم پیشِ نظر رکھتے ہوئے یہ ادارہ چھ شعبہ جات میں تقسیم کیا گیا۔ پھر ان میں بتدریج اضافہ ہوتا رہا۔ اس کی کراچی کے علاوہ ایک شاخ مدنی مرکز فیضانِ مدینہ، مدینہ ٹاؤن فیصل آباد، پنجاب میں بھی قائم ہو چکی ہے، دونوں شاخوں میں 120 سے زائد علما تصنیف و تالیف یا ترجمہ و تحقیق وغیرہ کے کام میں مصروف ہیں اور 2021ء تک اس کے 23 شعبے قائم کئے جا چکے ہیں:

(1) شعبہ فیضانِ قرآن (2) شعبہ فیضانِ حدیث (3) شعبۂ فقہ (فقہِ حنفی و شافعی) (4) شعبہ سیرتِ مصطفےٰ (5) شعبہ فیضانِ صحابہ واہلِ بیت (6) شعبہ فیضانِ صحابیات وصالحات (7) شعبہ فیضانِ اولیا و علما (8) شعبہ کتبِ اعلیٰ حضرت (9) شعبہ تخریج (10) شعبہ درسی کتب (11) شعبہ اصلاحی کتب (12) شعبہ ہفتہ وار رسالہ (13) شعبہ بیاناتِ دعوتِ اسلامی (14) شعبہ تراجم کتب (15) شعبہ فیضانِ امیرِ اہلِ سنّت (16) ماہنامہ فیضانِ مدینہ (17) شعبہ دینی کاموں کی تحریرات و رسائل (18) دعوتِ اسلامی کے شب و روز (19) شعبہ بچّوں کی دنیا (20) شعبہ

رسائلِ دعوتِ اسلامی (21) شعبہ گرافکس ڈیزائننگ (22) شعبہ رابطہ برائے مصنفین و محققین (23) شعبہ انتظامی امور قائم ہیں۔

المدینۃ العلمیۃ کے اغراض و مقاصد یہ ہیں: ☆باصلاحیت علمائے کرام کو تحقیق، تصنیف و تالیف کیلئے پلیٹ فارم مہیا کرنا اور ان کی صلاحیتوں میں اضافہ کرنا☆ قرآنی تعلیمات کو عصری تقاضوں کے مطابق منظر عام پر لانا☆ افادۂ خواص و عوام کیلئے علومِ حدیث اور بالخصوص شرحِ حدیث پر مشتمل کتب تحریر کرنا☆ سیرتِ نبوی، عہدِ نبوی، قوانینِ نبوی، طبِ نبوی وغیرہ پر مشتمل تحریریں شائع کرنا☆ اہلِ بیت و صحابۂ کرام اور علما و بزرگانِ دین کی حیات و خدمات سے آگاہ کرنا☆ بزرگوں کی کتب و رسائل جدید منہج و اسلوب کے مطابق منظرِ عام پر لانا بالخصوص عربی مخطوطات (غیر مطبوع) کتب و رسائل کو دورِ جدید سے ہم آہنگ تحقیقی منہج پر شائع کروانا☆ نیکی کی دعوت کا جذبہ رکھنے والوں کو مستند مواد فراہم کرنا☆ دینی و دنیاوی تعلیمی اداروں کے طَلَبہ کو مستند صحت مند مواد کی فراہمی نیز درسِ نظامی کے طلبہ و اساتذہ کے لیے نصابی کتب عمدہ شروحات و حواشی کے ساتھ شائع کر کے انکی ضرورت کو پورا کرنا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! اَمیرِ اَہلِ سنّت دامت بَرَکاتُہمُ العالیہ کی شفقت و عنایت، تربیت اور عطا کردہ اصولوں پر عمل پیرا ہونے کا ہی نتیجہ ہے کہ دنیا و آخرت میں کامیابی پانے، نئی نسل کو اسلام کی حقانیت سے آگاہ کرنے، انہیں باعمل مسلمان اور ایک صحت مند معاشرے کا بہترین فرد بنانے، والدین و اساتذہ اور سرپرست حضرات کو اندازِ تربیت کے درست طریقوں سے آگاہ کرنے اور اسلام کی نظریاتی سرحدوں اور دین و ایمان کی حفاظت کیلئے المدینۃ العلمیۃ نے اپنے آغاز سے لے کر اب تک جو کام کیا وہ اپنی مثال آپ ہے۔

اللہ پاک اپنے فضل و کرم سے بشمول المدینۃ العلمیۃ دعوتِ اسلامی کے دینی کاموں، اداروں اور شعبوں کو مزید ترقی عطا فرمائے۔ امین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ والہ وسلم

تاریخ: 15 شوال المکرم 1442ھ / 27 مئی 2021ء





شیخ محمد بن سلیمان جَزولی عَلَیْہِ رَحْمَۃُ اللہِ الْوَالِی

حضرت شیخ سلیمان جَزولی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہِ کا شمار اَکابر اَولیاء میں ہوتا ہے، آپ کا اسمِ مبارک محمد والد کا نام عبد الرحمٰن دادا ابو بکر اور پر دادا کا نام سلیمان ہے۔ آپ کو اپنے پر دادا کے نام سے منسوب کر کے محمد بن سلیمان کہا جاتا ہے۔ بلادِ عرب میں آپ سیدی بن سلیمان کے نام سے معروف ہیں۔ آپ کی ولادت باسعادت 807ھ/1404ء میں بحرِ اوقیانوس (Atlantic Ocean) اور اَطلس پہاڑوں (Atlas Mountains) کے درمیان آباد افریقہ کے ایک اسلامی ملک مراکش (Morocco) کے شہر سُوس (Souss-Massa) کی بربر قوم کے قبیلے جزولی کی شاخ سملالہ کے ایک سادات گھرانے میں ہوئی۔ اسی وجہ سے آپ کو جزولی اور سملالی کہا جاتا ہے۔ آپ کا سلسلۂ نسب اُنیس پشتوں کے بعد حضرت امام حَسَن رَضِیَ اللہُ عَنْہ سے جا ملتا ہے۔

ابتدائی تعلیم آبائی وطن میں حاصل کرنے کے بعد مزید تعلیم کے لیے مدینۃ الاولیاء "فاس" تشریف لے گئے اور وہاں کے مشہور مدرسہ "مَدرَسَۃُ الصَّفَّارین" میں داخلہ لیا۔ اس مدرسہ میں ایک حجرے میں آپ نے سکونت اختیار فرمائی اور کسی کو اپنے حجرے میں داخل نہ ہونے دیتے، کچھ لوگوں نے آپ رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ کے بارے میں بدگمانی کی کہ آپ نے اس حجرے میں مال و دولت جمع کر رکھا ہے اور آپ کے والد محترم سے اس بات کی شکایت کی، چنانچہ جب وہ تشریف لائے اور حجرے میں داخل ہوئے تو یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ حجرے کی دیواروں پر جگہ جگہ لکھا تھا الموت، الموت۔ اس پر والدِ محترم نے فرمایا: اُنْظُرْ اَیْنَ ھٰذَا وَاَیْنَ نَحْنُ یعنی دیکھو یہ کس مرتبے پر ہیں اور ہم کس خیال میں تھے! آج بھی آپ

کارہائشی حجرہ معروف ومحفوظ ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اسی حجرہ مبارکہ میں آپ نے دلائل الخیرات شریف تحریر فرمائی۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ "جامع قَرَوِیّین" (فاس) کے کتب خانہ سے استفادہ کرکے آپ نے یہ کتاب ترتیب دی۔ پھر فاس سے ساحل تشریف لائے تو یکتائے زمانہ، عارفِ کامل، الشیخ ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ امغار الصغیر رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ کے دستِ اقدس پر آپ نے سلسلۂ شاذلیہ میں بیعت کا شرف حاصل کیا جس کے بعد راہِ سلوک کی مزید منازل طے کرنے کے لئے چودہ سال خلوت نشینی اختیار فرمائی۔ پھر آسفی میں خلق خدا کی رہنمائی اور مریدین کی تربیت کا سلسلہ شروع فرمایا۔ علم وادب میں اعلیٰ مقام حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ درجہ ولایت میں بھی آپ رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ کو کمال حاصل تھا، مسلکاً آپ مالکی تھے آپ سے حیرت انگیز خوارق اور بے شمار عظیم کرامتوں کا ظہور ہوا۔ بے شمار مخلوقِ خدا آپ کے دستِ اقدس پر تائب ہوکر حلقۂ اِرادت میں داخل ہوئی۔ ایک قول کے مطابق آپ رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ کے مریدین کی تعداد بارہ ہزار سے زائد تھی۔ احکامِ الٰہیہ کی پابندی اور سنتِ رسول کی پیروی پر آپ سختی سے کاربند تھے اوراد ووظائف بھی کثرت سے پڑھتے تھے۔ آپ کی شہرت عزت اور عوام الناس میں بے پناہ مقبولیت کو دیکھتے ہوئے آپ کے مخالفین اور حاسدین کا ایک گروہ پیدا ہوگیا، حاکم آسفی نے بھی خطرہ محسوس کرتے ہوئے آپ کو شہر چھوڑنے کا پیغام بھجوادیا چنانچہ آپ آفرغال تشریف لے آئے اور یہاں رشد وہدایت کا سلسلہ جاری رکھا۔ آسفی کے حاکم نے یہ خیال کرلیا کہ یہ وہی فاطمی ہیں جن کا انتظار کیا جارہا ہے یعنی امام مہدی لہٰذا اس نے آپ کو زہر دے دیا چنانچہ 16 ربیع الاول

870ھ / 1465ء آفرغال میں صبح کی نماز کے سجدے میں آپ کا وصال ہوا۔ اسی روز نمازِ ظہر کے بعد آپ کو اپنی تعمیر کردہ مسجد کے وسط میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

حضرت امام جزولی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کے وصال کے 77 سال بعد سلطان ابو العباس احمد المعروف بہ الاعرج مراکش (Morocco) میں داخل ہوا تو اس نے آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کے جسمِ اقدس کو لے جا کر مراکش کے قبرستان ریاض العروس میں دفن کیا اور اس پر گنبد تعمیر کروایا۔ جب آپ کے جسدِ اقدس کو قبرِ انور سے نکالا گیا تو اتنا طویل عرصہ گزرنے کے باوجود جسمِ مبارک میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی تھی اور آپ نے وصال سے پہلے سر اور داڑھی مبارکہ کا جو خط بنوایا تھا وہ بھی بالکل ویسا ہی تھا۔ کسی شخص نے آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کے چہرۂ انور کو انگلی سے دبایا تو اس مقام سے خون ہٹ گیا اور جب انگلی ہٹائی تو خون پھر اپنی جگہ واپس آ گیا جیسے زندہ انسان کا ہوتا ہے۔

صاحبِ مطالع المسرات علامہ فاسی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ فرماتے ہیں: آپ رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کی قبرِ انور سے کستوری کی مہک آتی ہے۔ ہزاروں زائرین آپ کے مزارِ مقدس پر حاضر ہوتے ہیں اور دلائل الخیرات شریف پڑھتے ہیں۔

اللہ پاک کی ان پر رحمت ہو اور ان کے صدقے ہماری بے حساب مغفرت ہو۔

اٰمِیْن بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم۔

(ماخوذ از مطالع المسرات مترجم، نوریہ رضویہ پبلی کیشنز لاہور۔ نور نور چہرے، مکتبہ قادریہ لاہور۔ زیارات مراکش، راولپنڈی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

کچھ "دَلَائِلُ الْخَیرات" کے بارے میں

دُرود شریف کے موضوع پر لکھی جانے والی کُتب میں دلائل الخیرات شریف کو ایک جداگانہ حیثیت اور بلند مرتبہ حاصل ہے، چار دانگِ عالَم میں اس کا شُہرہ ہے۔ اس کتاب سے متعلق علامہ محمد مہدی فاسی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ فرماتے ہیں:

نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی ذاتِ پاک پر درود شریف سے متعلق یہ کتاب اللہ پاک کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے اور مَشارق ومَغارِب بالخصوص روم کے شہروں میں باقاعدگی سے پڑھی جاتی ہے۔ (کشف الظنون، 1 / 759، دار الکتب العلمیۃ بیروت)

عباس بن ابراہیم مؤلفِ اعلام نقل فرماتے ہیں:

دلائل الخیرات شریف کو اللہ پاک نے لوگوں کے لیے بڑی نفع بخش کتاب بنایا ہے اس کی شہرت ومقبولیت شمس وقمر کی طرح پوری دنیا میں پھیلی ہوئی ہے مشرق، مغرب، شہروں، وادیوں میں ہر جگہ اس کی مقبولیت یکساں ہے اور لوگ اس کتاب کے ذریعے نور اور برکتیں پاتے ہیں۔

(الاعلام بمن حل مراکش واغمات من الاعلام، 5 / 52، المطبعۃ الملکیۃ، رباط مراکش)

علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ فرماتے ہیں: اللہ پاک کی توفیق سے میں نے درود شریف کے موضوع پر متعدد کتابیں لکھی ہیں، لیکن ایک بہت ہی اہم کام

جو میرے لیے باقی ہے وہ ہے کتاب دلائل الخیرات شریف کی خدمت، کیونکہ درود شریف کے موضوع پر یہ ایک عظیم کتاب ہے، اس کی شہرت واشاعت بہت زیادہ ہے، اس کی ترتیب اَحسن اور اس کا نفع عظیم ہے۔ (الدلالات الواضحات، ص33، نسخۃ مکۃ المکرمۃ)

اس کتاب کا پورا نام "دَلَائِلُ الْخَيْرَاتِ وَ شَوَارِقُ الْأَنْوَارِ فِيْ ذِكْرِ الصَّلَاةِ عَلَى النَّبِيِّ الْمُخْتَارِ" ہے یعنی نبیِّ مختار صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر دُرود شریف کے بیان میں بھلائیوں کے کشادہ راستے اور نور کی کرنیں۔ مشائخ عظام نہ صرف دلائل الخیرات کو بطورِ وِرد پڑھتے رہے ہیں بلکہ اپنے مشائخ سے باقاعدہ اجازت بھی حاصل کرتے رہے ہیں۔ حرمین شریفین میں علمی اور عملی کمالات کے جامع ایسے حضرات بھی ہوئے ہیں جو نہ صرف دلائل الخیرات کے باقاعدہ عامل ہوتے تھے بلکہ اہل محبت و معرفت ان کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنے نسخوں کی تصحیح کرتے تھے اور ان سے اجازت بھی لیتے تھے ایسے حضرات "شیخ الدلائل" کے محترم لقب سے یاد کیے جاتے تھے۔ (مطالع المسرات مترجم، ص34، نوریہ رضویہ پبلیکیشنز)

"دَلَائِلُ الْخَيرات" کی تالیف کا سبب

حضرت علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ اس کتاب کی تالیف کا سبب بیان کرتے ہوئے "الدلالات الواضِحات علی دلائل الخیرات" میں فرماتے ہیں: شیخ احمد صاوی مصری رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ سے ہمارے شیخ علامہ حسن عدوی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ نے نقل فرمایا کہ دلائل الخیرات شریف کے مؤلف شیخ محمد بن سلیمان جزولی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ وُضو کے لئے ایک کنویں پر تشریف لے گئے مگر یہ دیکھ کر پریشان ہو گئے کہ وہاں نہ ڈول ہے نہ

رسی۔ آپ کو پریشان دیکھ کر قریب کے بلند مکان سے ایک بچی نے پوچھا کہ آپ کون ہیں جب آپ نے بتایا تو وہ کہنے لگی کہ آپ کی بزرگی کے تو ہر طرف چرچے ہیں اور آپ پریشان ہیں کہ کنویں سے پانی کیسے نکالیں چنانچہ اس نے کنویں میں اپنا لُعاب دہن (یعنی تھُوک) ڈال دیا۔ پانی جوش مارتا ہوا باہر اُبل پڑا، شیخ رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ نے وُضُو کیا پھر اُس بچی سے کہنے لگے: میں تمہیں قسم دے کر پوچھتا ہوں کہ تم نے یہ مرتبہ کیسے حاصل کیا؟ اس بچی نے جواب دیا: اس ذاتِ اَقدس پر کثرت سے درود پڑھنے کی بدولت جو جنگل میں چلتے تو وحشی جانور ان کے دامن سے لپٹ جاتے۔ یہ سن کر شیخ نے قسم کھائی کہ میں دَربارِ رِسالت میں پیش کرنے کے لیے دُرود و سلام کی کتاب ضرور لکھوں گا۔ (الدلالات الواضحات، 61) پھر آپ رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ نے یہ کتاب تحریر فرمائی جس کی شہرت اکناف عالم میں پھیل گئی۔

صَلٰوۃُ الْبِئْر

شرفِ ملت حضرت علامہ عبد الحکیم شرف قادری رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ نے دلائل الخیرات شریف کے 1372ھ/1953ء میں طبع شدہ ایک نسخے کے حوالے سے "مَطَالِعُ الْمَسَرَّات" کے ترجمہ صفحہ 47 پر لکھا ہے کہ اس بچی نے پوچھنے پر بتایا کہ میں یہ درود شریف پڑھا کرتی ہوں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
صَلٰوۃً دَآئِمَۃً مَّقْبُوْلَۃً تُؤَدِّیْ بِھَا عَنَّا حَقَّہُ الْعَظِیْمَ ۞

(مطالع المسرات مترجم، ص 47)

اسے صلوٰۃ البئر کہا جاتا ہے، شیخ سلیمان جزولی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ نے ساتویں حزب کے آخر میں (صفحہ 295 پر) یہ دُرودِ پاک تحریر فرمایا ہے۔

”دَلائِلُ الْخَیرات“ کے نسخوں میں اِختِلاف کا سبب

علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ فرماتے ہیں: شیخ محمد بن سلیمان جزولی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ ”دلائل الخیرات“ کی تالیف کے بعد مسلسل غور و فکر فرماتے رہتے جونہی کوئی لفظ بہتر نظر آتا تو پہلے لفظ کو اس سے بدل دیتے، لوگ کثرت سے نقلیں حاصل کیا کرتے تھے کسی نے تبدیلی سے پہلے اور کسی نے تبدیلی کے بعد نقل حاصل کی اس وجہ سے نسخوں میں اختلاف ہے، پھر بھی معاملہ آسان ہے کہ ایک نسخہ اگر بہتر ہے تو دوسرا بہترین۔ سب سے زیادہ قابل اعتماد نسخہ شیخ ابوعبداللہ محمد الصغیر السَّہلی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ کا ہے، جس کی حضرت مؤلف رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ نے اپنے وصال مبارک سے آٹھ سال پہلے 6 ربیع الاول 862ھ / 1458ء جمعۃ المبارک بوقت چاشت تصحیح مکمل فرمائی تھی اور آپ کے دستخط بھی تھے۔ (الدلالات الواضحات، 67) حضرت ابوعبداللہ محمد الصغیر السہلی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ مؤلف کے اکابر شاگردوں میں سے تھے اور یہ نسخہ ان کی طرف نسبت کی وجہ سے ”نسخہ سَہْلِیَہ“ سے مشہور ہے۔

”دَلائِلُ الْخَیرات“ کی اَحسن ترتیب

مؤلف رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ نے اس کتاب کو آٹھ حصوں میں تقسیم کیا ہے اور ہر حصے کو حزب کا نام دیا ہے، ابتداء میں الگ سے خطبہ، مقدمہ، درود شریف کے فضائل، رسول

اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے روضۂ پاک کا بیان اور اس کے بعد دو سو ایک اَسْمَآءُ النَّبِی یعنی رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے مبارک نام تحریر فرمائے ہیں، یہ مبارک نام پوری کتاب میں متفرق مقامات پر مذکور ہیں، مصنف نے ان کو ابتداء میں ایک جگہ جمع کر دیا ہے تاکہ ان کا وِرد کرنا آسان ہو، پڑھنے والے کے دل میں آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی محبت و شوق میں اضافہ ہو اور آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی شان و عظمت کا بیان ہو۔ اسمآء النبی کے بعد بیت اللہ شریف اور گنبد خضریٰ کی تصاویر ہیں تاکہ ان کی زیارت سے آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور ان کا تصور نظروں میں جمایا جاسکے۔

دلائل الخیرات شریف اور المدینۃ العلمیۃ

ساری دنیا میں سنتوں کو عام کرنے کا درد رکھنے والی مدنی تحریک دعوتِ اسلامی کے ادارے اسلامک ریسرچ سینٹر "المدینۃ العلمیۃ" شعبہ تخریج کے اسلامی بھائیوں کے لیے دلائل الخیرات شریف پر کام کرنا سعادت کی بات ہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہ اس کتاب کو عصری تقاضوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے بہتر انداز میں لانے کی کوشش کی گئی ہے اور جو کام کیا گیا ہے اس کی تفصیل کچھ یوں ہے:

صحیح اور مستند نسخہ سے تقابل

کسی بھی کتاب پر کام کرنے کے لیے اس کے معتمد و مستند اور اَصح (یعنی قابل اعتماد اور صحیح ترین) نسخے کا انتخاب، اس کی دستیابی پھر کمپوز شدہ مواد کا اس سے تقابل ایک اہم اور ابتدائی مرحلہ ہے، لیکن دلائل الخیرات شریف ایک ایسی کتاب ہے

جس کی طباعت بہت کثیر ہے اور اس کے نسخوں میں الفاظ کا کافی اختلاف ہے اور مطبوعہ نسخوں کا شمار بھی بہت مشکل کام ہے لہٰذا ایک یا دو نسخے سامنے رکھ کر کام کرنا ناکافی تھا چونکہ ”دلائل الخیرات“ شریف کی کئی شروحات اور حواشی لکھے گئے ہیں لہٰذا یہ طے ہوا کہ ان کو بھی پیشِ نظر رکھا جائے۔

شروحات اور حواشی سے اِستفادہ

”دلائل الخیرات“ کو یہ شرف حاصل ہے کہ جلیل القدر اور جید (یعنی بڑی شان والے اور قابلِ ترین) علمائے کرام رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہِم نے اس کی شروحات اور حواشی تحریر فرمائے ہیں جن میں سے بعض کو بڑی شہرت حاصل ہے، ان میں سب سے مشہور، امام محمد مہدی فاسی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ کی شرح ”مَطَالِعُ المَسَرَّات“ ہے لہٰذا دلائل الخیرات شریف پر کام کرتے وقت اس شرح کو سامنے رکھا گیا اور حواشی میں حضرت علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ کے حاشیہ ”اَلدَّلَالَاتُ الْوَاضِحَات“ کو پیشِ نظر رکھا گیا ہے۔ صاحب ”کشف الظنون“ حاجی خلیفہ رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ کے مطابق سب سے معتبر اور معتمد شرح علامہ فاسی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ کی ”مَطَالِعُ المَسَرَّات“ ہے۔ (کشف الظنون، 1/، 759، دار الکتب العلمیۃ بیروت)۔ علامہ محمد مہدی فاسی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ نے ”دلائل الخیرات“ شریف کی تین شروحات تحریر فرمائی تھیں، مَبسُوط، مُتَوَسِّط اور مختصر، ”مَطَالِعُ المَسَرَّات“ آپ کی مختصر شرح ہے، ”دلائل الخیرات“ شریف کی شرح کرتے ہوئے آپ کے سامنے اس کے معتدد نسخے موجود تھے ایک جگہ ”نسخہ سَهْلِيَه“ کا حوالے دینے کے بعد سات نسخوں کا حوالہ دیتے ہیں اس کے علاوہ کئی مقامات پر نسخوں کے اختلاف کی بھی وضاحت فرمائی ہے لہٰذا متعدد مقامات پر اختلاف

کی صورت میں اسی شرح "مَطَالِعُ المَسَرَّات" (عربی اور اردو ترجمہ از شرف ملت رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ) کی طرف مراجعت کی گئی ہے اور حضرت علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ کے حاشیہ " اَلدَّلَالَاتُ الْوَاضِحَات " سے بھی کافی اِستفادہ کیا گیا ہے۔

اردو ترجمہ اور اس کا اُسلُوب

مکتبۃ المدینہ سے اس کتاب کا پہلا مطبوعہ بغیر ترجمہ کے شائع ہوا تھا لیکن اس ایڈیشن (2022) میں اَلْحَمْدُ لله اردو ترجمہ شامل کر دیا گیا ہے۔ یہ ترجمہ شعبہ تراجم کی طرف سے، جولائی 2019 میں شائع ہونے والے، مکتبۃ المدینہ کے مطبوعے کو سامنے رکھ کر کیا گیا ہے۔ لفظی ترجمہ کے بجائے آسان اور عام فہم ترجمہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے، کہیں کہیں ضرورتاً بریکٹ میں معانی کی وضاحت بھی کی گئی ہے، جہاں معنی میں کئی احتمالات (امکان) تھے وہاں اس طرح ترجمہ کیا گیا ہے کہ سب احتمالات اس میں آجائیں یا شروحات دیکھ کر کسی ایک معنی کو متعین کیا گیا ہے، بعض مقامات پر بزرگوں کے تراجم بالخصوص شرفِ ملّت حضرت علامہ عبد الحکیم شرف قادری رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ کے ترجمہ کی طرف مراجعت کی گئی ہے، مکرر عبارات (یعنی کئی مقامات پر آنے والی ایک ہی عبارت) کا ترجمہ ایک جیسا کیا گیا ہے، صَلَّی اور صَلِّ کے ترجمے میں تقریباً تمام ہی جگہوں پر "رحمتیں نازل فرمانا" کی تعبیر استعمال کی گئی ہے اور جہاں عربی میں "تَرَحَّمْ اور اِرْحَمْ" وغیرہ کے الفاظ بھی ساتھ تھے وہاں "تَرَحَّمْ اور اِرْحَمْ" کے صیغوں کا ترجمہ تو "رحمت فرمانا" کیا ہے لیکن ان جگہوں پر صَلَّی کا ترجمہ "درود بھیجنا" کیا گیا ہے۔

مترجم اور مفتشین

شعبہ تراجم کی طرف سے ترجمہ مولانا محمد عباس عطاری مدنی اور تفتیش مولانا محمد گل فراز عطاری مدنی نے اور شرعی تفتیش دارالافتاء اہلسنت کے مفتی عبد الماجد عطاری مدنی نے کی ہے۔ سَلَّمَهُمُ اللهُ الْعَظِيْم۔

اَحادیث کی تخریج

احادیثِ مبارکہ کی مقدور بھر (جہاں تک ہو سکا) تخریج کی کوشش کی گئی ہے اور عربی متن میں حدیث پر نمبر لگا کر کتاب کے آخر میں اس کا حوالہ لکھا گیا ہے نیز اس حدیث سے متعلق محدثین کی رائے بھی تحریر کر دی گئی ہے۔ جن کتب سے تخریج کی گئی ہے ان کے مطابع بھی ساتھ ہی ذکر کئے گئے ہیں۔

قرآنی آیات اور ترجمہ

آیات میں قرآنی رسم الخط (خط عثمانی) برقرار رکھنے کے لیے تمام آیات مکتبۃ المدینہ سے شائع ہونے والے قرآن پاک مع ترجمۂ کنزالایمان سے پیسٹ کی گئی ہیں اور تین مرتبہ ان کا تقابل کیا گیا ہے۔

حواشی اور کچھ مزید کام

الحزب الرابع، صفحہ 181 پر حاشیہ میں البحر الخطم سے متعلق نسخوں کے اختلاف کی وضاحت کی گئی ہے، اسی طرح الحزب الاوّل، صفحہ 93 پر مطالع المسرات کے حوالے سے ایک عبارت ”بِغَيْرِ نِكْلٍ فِيْ قَدَمٍ وَلَا وَهْيٍ فِيْ عَزْمٍ“ شامل کی گئی ہے جس کے بارے

میں علامہ محمد مہدی فاسی لکھتے ہیں: دلائل الخیرات کے ایک نسخے میں، شفا کے بعض نسخوں میں، عزفی، حضرت جبر اور حافظ سخاوی کے نزدیک فِیْ مَرْضَاتِكَ کے بعد یہ عبارت ہے (مطالع المسرات، ص172، دار الکتب العلمیۃ بیروت)۔ بزرگانِ دین کے طریقے پر عمل کرتے ہوئے اسمآء النبی اور جہاں جہاں حضور نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اور دیگر انبیائے کرام عَلَیْہِمُ السَّلَام کا نام نامی آیا ہے وہاں "سیدنا" کا اضافہ کیا گیا ہے، تاہم اگر کہیں لکھنے سے رہ گیا ہو تو پڑھنے والے کو چاہیے کہ وہاں "سیدنا" کے ساتھ پڑھے۔ صفحہ 109 اور صفحہ 224 اور 225 پر فضائل پر مشتمل عبارات کا کلر تبدیل کیا گیا ہے دورانِ وردان کو نہیں پڑھنا چاہیے۔ جہاں "(تین بار)" لکھا ہے ان کلمات کو تین مرتبہ پڑھنا ہے۔ مزید تفصیلات کے لیے "مَطَالِعُ المَسَرَّات" کی طرف رجوع کیا جائے۔

اس کام میں آپ کو جو خوبیاں نظر آئیں یقیناً وہ اللہ پاک کی عطا اور اس کے پیارے حبیب صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی عنایت سے ہیں اور علمائے کرام رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہِم بالخصوص امیر اہلسنت مَدَّظِلُّہُ العَالِی کے فیضان کا صدقہ ہیں اور باوجود احتیاط کے جو خامیاں رہ گئیں انہیں ہماری طرف سے نادانستہ کوتاہی پر محمول کیا جائے۔ قارئین خصوصاً علمائے کرام دَامَتْ فُیُوْضُھُمْ سے گزارش ہے اگر کوئی خامی آپ محسوس فرمائیں یا اپنی قیمتی آراء اور تجاویز دینا چاہیں تو ہمیں تحریری طور پر مطلع فرمائیے۔ اللہ پاک ہمیں اپنی رضا کے لیے کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور دعوتِ اسلامی کی مجلس "المدینۃ العلمیۃ" اور دیگر مجالس کو دن گیارہوں رات بارہویں ترقی عطا فرمائے۔ اٰمِیْن بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم۔

شعبہ تخریج مجلس "المدینۃ العلمیۃ"

”دَلائِلُ الْخَیرات“ پڑھنے کے آداب

”دلائل الخیرات“ شریف پڑھنے والے کو چاہیے کہ مسواک کرے، وضو کرے، پاک وصاف کپڑے پہنے، خوشبو لگائے اور قبلہ رخ ہو کر پورے دھیان اور اخلاص کے ساتھ اس کا وِرد کرے۔

”دَلائِلُ الْخَیرات“ پڑھنے کے طریقے

یہ بابرکت کتاب بطورِ وظیفہ دنیا بھر میں کثرت سے پڑھی جانے والی کتاب ہے اور بلادِ اسلامیہ میں اس کے باکثرت حفاظ بھی موجود ہیں۔ مختلف سلاسل کے بزرگانِ دین رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہِم نے اپنے سلسلے کے اَوراد ووَظائف میں اس کتاب کو شامل فرمایا ہے اور اپنے مریدین اور متعلقین کو اس کے ورد کی ترغیب بھی دلائی ہے۔ اس کتاب کو پڑھنے کے مختلف طریقے ہیں:

پہلا طریقہ: بعض سلاسل کے مشائخ کرام رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہِم نے اس کے پڑھنے کی ایک خاص ترکیب ارشاد فرمائی ہے اور ابتداء اور آخر میں مخصوص دعائیہ کلمات، سورۂ اخلاص، سورۂ فلق، سورۂ ناس اور سورۂ فاتحہ اور اسماءُ الحسنیٰ وغیرہ کا اضافہ فرمایا ہے لہٰذا مریدین کو چاہیے کہ اپنے شیخ کی اجازت اور سلسلے کا جو خاص طریقہ ہو تو اسی کے مطابق اس کا ورد فرمائیں تاکہ سلسلے کے فیوض وبرکات بھی حاصل ہوں۔

دوسرا طریقہ: ہر روز پوری دلائل الخیرات شریف پڑھی جائے۔

تیسرا طریقہ: دو دن میں پڑھی جائے، ایک دن ابتداء سے رُبعُ الثانی کے اختتام تک اور دوسرے دن ابتدائے رُبعُ الثالث سے آخر تک۔

چوتھا طریقہ: تین دن میں پڑھی جائے اور ہر دن ایک ایک فُلُث پڑھا جائے۔

پانچواں طریقہ: چار دن میں پڑھی جائے اور ہر دن ایک ایک رُبع پڑھا جائے۔

چھٹا طریقہ: ہفتے بھر میں پڑھی جائے اور پیر شریف سے ابتداء کر کے روزانہ ایک ایک حزب اور آئندہ پیر شریف کو آٹھواں حزب پڑھ کر مکمل کی جائے اور اسی دن پہلے حزب سے پھر ابتداء کی جائے۔

درود شریف اور اسماء النبی پڑھنے کا طریقہ

درود شریف کے فضائل اور اسماءُ النبی کو ہر روز پڑھنا بہتر ہے یہ نہ ہو سکے تو کبھی کبھار ضرور پڑھ لینے چاہئیں۔

مُقَدَّمَة

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے۔

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَ

ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر اور حضور کے سب آل و

صَحْبِهٖ وَسَلَّمَ

اصحاب پر اللہ پاک دُرود و سلام نازل فرمائے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ هَدَانَا لِلْاِيْمَانِ وَالْاِسْلَامِ

سب تعریفیں اللہ پاک کی ہیں جس نے ہمیں ایمان و اسلام کے راستے پر چلایا۔

وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَّبِيِّهٖ

دُرود و سلام ہو اللہ کے نبی اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر

الَّذِى اسْتَنْقَذَنَا بِهٖ مِنْ عِبَادَةِ الْاَوْثَانِ وَ

جن کے صدقے ربِّ کریم نے ہمیں صورت والے اور بے صورت بُتوں کی پوجا سے

الْاَصْنَامِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحٰبِهِ النُّجَبَآءِ الْبَرَرَةِ

بچایا اور حضور کے عالی مرتبہ، معزّز و نیک آل و اصحاب پر بھی دُرود و سلام

الْكِرَامِ ۞ وَبَعْدَ هٰذَا فَالْغَرَضُ فِيْ هٰذَا الْكِتٰبِ

ہو۔ حمد و صلوٰۃ کے بعد! اس کتاب کا مقصد

ذِكْرُ الصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ

درود شریف کے صیغے اور درود شریف کی

فَضَآئِلِهَا نَذْكُرُهَا مَحْذُوْفَةَ الْاَسَانِيْدِ لِيَسْهُلَ

فضیلتیں بیان کرنا ہے، ہم انہیں سندوں کے بغیر بیان کریں گے تاکہ پڑھنے والوں کے لیے

حِفْظُهَا عَلَى الْقَارِئِ ۞ وَهِيَ مِنْ اَهَمِّ الْمُهِمَّاتِ

یاد کرنا آسان ہو۔ جو بندہ سب آقاؤں کے آقا و مولیٰ عَزَّوَجَلَّ کا قُرب چاہتا ہے

لِمَنْ يُّرِيْدُ الْقُرْبَ مِنْ رَّبِّ الْاَرْبَابِ وَ سَمَّيْتُهٗ

اُس کے لیے دُرود شریف بہت اہم وظیفہ ہے۔ میں نے اس کتاب کا نام

بِكِتَابِ دَلَآئِلِ الْخَيْرَاتِ وَشَوَارِقِ الْاَنْوَارِ

"دَلَآئِلُ الْخَيْرَاتِ وَشَوَارِقُ الْاَنْوَارِ فِيْ ذِكْرِ الصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ الْمُخْتَارِ (نبیِّ مختار صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

فِيْ ذِكْرِ الصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ الْمُخْتَارِ ۞ اِبْتِغَآءً

وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر دُرود شریف کے بیان میں بھلائیوں کے کشادہ راستے اور نور کی کرنیں)" رکھا ہے۔ اللہ پاک

لِّمَرْضَاتِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَمَحَبَّةً فِيْ رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ

کی خوشی چاہتا ہوں اور اس کے معزّز رسول، ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا ۞

کی محبّت کار فرما ہے۔اللہ پاک آپ پر رحمت اور بہت سلام نازل فرمائے

وَاللّٰهُ الْمَسْئُوْلُ اَنْ يَّجْعَلَنَا لِسُنَّتِهٖ مِنَ التَّابِعِيْنَ

اللہ پاک سے دُعا ہے کہ وہ ہمیں حضورِ اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی سُنّت کی پیروی کرنے

وَلِذَاتِهِ الْكَامِلَةِ مِنَ الْمُحِبِّيْنَ فَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ

والوں اور آپ کی کامل ذات سے محبت کرنے والوں میں سے کر دے بلاشبہ وہ اس پر قادر

قَدِيْرٌ ۞ لَآ اِلٰهَ غَيْرُهٗ وَلَا خَيْرَ اِلَّا خَيْرُهٗ وَهُوَ نِعْمَ

ہے۔اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں،اس کی دی ہوئی بھلائی کے سوا کوئی بھلائی نہیں،

الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

وہ کیا ہی اچھا آقا اور کیا ہی اچھا مدد گار ہے،بلندی وعظمت والے اللہ ہی کی عطا سے نیکی کرنے

الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۞

اور گناہ سے بچنے کی طاقت ملتی ہے۔

فَصْلٌ فِي فَضْلِ الصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

فَصْلٌ فِیْ فَضْلِ الصَّلٰوۃِ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

دُرود شریف کی فضیلتیں

قَالَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ: اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ

ربِّ کریم ارشاد فرماتا ہے: ﴿بیشک اللہ اور اس کے فرشتے دُرود بھیجتے ہیں

عَلَی النَّبِیِّ ؕ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ

اس غیب بتانے والے (نبی) پر اے ایمان والو ان پر درود اور

وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ﴿۵۶﴾ وَیُرْوٰی اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی

خوب سلام بھیجو۔﴾ حدیث شریف میں ہے کہ ایک دن حضور نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جَآءَ ذَاتَ یَوْمٍ وَّالْبُشْرٰی تُرٰی

وَسَلَّم تشریف لائے تو حضور کا مبارک چہرہ خوشی سے چمک رہا تھا۔ پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

فِیْ وَجْھِہٖ فَقَالَ اِنَّہٗ جَآءَنِیْ جِبْرِیْلُ عَلَیْہِ السَّلَامُ

وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: میرے پاس جبریل عَلَیْہِ السَّلَام آئے اور عرض کرنے

فَقَالَ: اَمَا تَرْضٰی یَا مُحَمَّدُ اَنْ لَّا یُصَلِّیَ عَلَیْکَ

لگے: جنابِ محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! کیا آپ اس بات پر خوش نہ ہوں گے کہ آپ کا جو امتی

اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِکَ اِلَّا صَلَّیْتُ عَلَیْہِ عَشْرًا وَّ

آپ پر دُرود بھیجے میں اس پر دس رحمتیں بھیجوں گا اور آپ کا جو امتی

لَا یُسَلِّمُ عَلَیْكَ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِكَ اِلَّا سَلَّمْتُ

آپ پر سلام بھیجے میں اس پر دس سلام بھیجوں گا۔

عَلَیْهِ عَشْرًا[1] ۞ وَقَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ

فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہے : سب لوگوں سے زیادہ مجھ

اَوْلَی النَّاسِ بِیْ اَكْثَرُهُمْ عَلَیَّ صَلٰوةً[2] ۞ وَقَالَ

سے قریب وہ ہو گا جو سب لوگوں سے زیادہ مجھ پر درود بھیجے گا۔ فرمانِ مصطفٰے

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلَّتْ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہے : جو مجھ پر دُرود پڑھے تو جب تک وہ درود پڑھتا

عَلَیْهِ الْمَلٰٓئِكَةُ مَا دَامَ یُصَلِّیْ عَلَیَّ فَلْیُقِلَّ

ہے فرشتے اُس کے لیے دُعائے رحمت کرتے ہیں اب بندے کی مرضی ہے کہ کم

عِنْدَ ذٰلِكَ اَوْ لِیُكْثِرْ[3] ۞ وَقَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

پڑھے یا زیادہ ۔ فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہے :

وَسَلَّمَ بِحَسْبِ الْمَرْءِ مِنَ الْبُخْلِ اَنْ اُذْكَرَ عِنْدَهٗ

آدمی کے کنجوس ہونے کے لیے یہی بات بہت ہے کہ اس کے سامنے میرا تذکرہ ہو

وَلَا یُصَلِّیْ عَلَیَّ[4] ۞ وَقَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

لیکن وہ مجھ پر دُرود نہ پڑھے۔ فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہے :

اَكْثِرُوا الصَّلٰوةَ عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ (5) ۞ وَقَالَ صَلَّى

جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود پڑھو۔ فرمانِ مصطفٰے صَلَّی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ مِنْ اُمَّتِيْ

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہے : میرا جو امتی مجھ پر درود پڑھے

كُتِبَتْ لَهٗ عَشْرُ حَسَنَاتٍ وَّ مُحِيَتْ عَنْهُ عَشْرُ

اس کے لیے دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور دس گناہ مٹائے جاتے ہیں۔

سَيِّاٰتٍ (6) ۞ وَّقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ

جاتے ہیں۔ فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہے : جو اذان اور

قَالَ حِيْنَ يَسْمَعُ الْاَذَانَ وَالْاِقَامَةَ: ”اَللّٰهُمَّ

اقامت سُن کر کہے: ”یااللہ! اس

رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّآمَّةِ وَ الصَّلٰوةِ الْقَآئِمَةِ

کامل دُعا اور قائم ہونے والی نماز کے مالک!

اٰتِ مُحَمَّدَ نِ الْوَسِيْلَةَ وَ الْفَضِيْلَةَ وَ الدَّرَجَةَ

حضرت محمدِ مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو وسیلہ، فضیلت اور بلند مرتبہ عطا فرما

الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِيْ

اور اُنہیں مقامِ محمود پر فائز فرما جس کا تُو نے اُن سے

وَعَدْتَّهٗ "حَلَّتْ لَهٗ شَفَاعَتِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۞ (7) وَ

وعدہ کیا ہے" اُس کے لیے قیامت کے دن میری شفاعت ثابت ہوگی۔

قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ فِيْ

فرمانِ مصطفےٰ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم ہے: جو کسی تحریر میں مجھ پر دُرود بھیجے

كِتَابٍ لَّمْ تَزَلِ الْمَلٰٓئِكَةُ تُصَلِّيْ عَلَيْهِ مَا دَامَ

تو جب تک میرا نام اس تحریر میں لکھا رہے گا فرشتے اُس کے لیے دُعائے رحمت

اسْمِيْ فِيْ ذٰلِكَ الْكِتَابِ ۞ (8) وَقَالَ اَبُوْ سُلَيْمَانَ

کرتے رہیں گے۔ حضرت سیّدُنا ابو سلیمان دارانی رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْه فرماتے ہیں:

الدَّارَانِيُّ مَنْ اَرَادَ اَنْ يَّسْئَلَ اللّٰهَ حَاجَتَهٗ فَلْيُكْثِرْ

جو بارگاہِ الٰہی سے اپنی کوئی مراد پوری کرنا چاہتا ہے وہ مصطفےٰ جانِ رحمت صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

بِالصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ

وَسَلَّم پر کثرت سے دُرود شریف پڑھے پھر بارگاہِ الٰہی میں

يَسْئَلِ اللّٰهَ حَاجَتَهٗ وَلْيَخْتِمْ بِالصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ

اپنی عرضی پیش کرے اور دُعا کا اختتام بھی درود شریف پر کرے،

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَقْبَلُ الصَّلٰوتَيْنِ

ربّ کریم دُعا سے پہلے اور بعد والے درودوں کو قبول فرمائے گا اور پھر اُس کی اونچی

وَھُوَ اَکْرَمُ مِنْ اَنْ یَّدَعَ مَا بَیْنَھُمَا ۞ وَرُوِیَ

شان کے لائق نہیں کہ دُرودوں کے بیچ والی دُعا نامنظور کردے۔

عَنْہُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ قَالَ مَنْ صَلّٰی

فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم: جو جمعہ کے دن

عَلَیَّ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ مِائَۃَ مَرَّۃٍ غُفِرَتْ لَہٗ خَطِیْٓئَۃُ

مجھ پر سو (100) مرتبہ درود پڑھے اُس کے اسّی (80) سال کی خطائیں

ثَمَانِیْنَ سَنَۃً ۞ (9) وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی

مٹادی جائیں گی۔ حضرت سیّدُنا ابو ہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ سے روایت ہے:

عَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ

رحمتِ عالَم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:

لِلْمُصَلِّیْ عَلَیَّ نُوْرٌ عَلَی الصِّرَاطِ وَمَنْ کَانَ عَلَی

جو مجھ پر دُرود پڑھتا ہے پُل صراط پر اُسے نور عطا ہوگا اور جو

الصِّرَاطِ مِنْ اَھْلِ النُّوْرِ لَمْ یَکُنْ مِّنْ اَھْلِ النَّارِ ۞ (10)

پُل صراط پر نور والوں میں سے ہوا وہ جہنمیوں میں سے نہیں ہوگا۔

وَقَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ نَّسِیَ الصَّلٰوۃَ

فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہے: جو مجھ پر درود پڑھنا بھول گیا وہ جنّت کے راستے

عَلَیَّ فَقَدْ اَخْطَاَ طَرِیْقَ الْجَنَّۃِ وَاِنَّمَا اَرَادَ بِالنِّسْیَانِ (11)

سے بھٹک گیا۔ دُرود شریف بھول جانے سے مراد یہ ہے کہ درود شریف پڑھنا چھوڑ

التَّرْکَ وَاِذَا کَانَ التَّارِکُ یُخْطِیءُ طَرِیْقَ الْجَنَّۃِ

دے۔ جب درود شریف چھوڑنے والا جنّت کے راستے سے بھٹک گیا ہے تو درود

کَانَ الْمُصَلِّیْ عَلَیْہِ سَالِکًا اِلَی الْجَنَّۃِ ۞ وَفِیْ

شریف پڑھنے والا تو یقیناً جنّت کے راستے پر گامزن ہے۔

رِوَایَۃِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ رَّضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی

حضرت سیِّدُنا عبد الرحمن بن عوف رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ سے روایت ہے:

عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:

جَآءَنِیْ جِبْرِیْلُ عَلَیْہِ السَّلَامُ فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ

میرے پاس جبریل عَلَیْہِ السَّلَام آئے، عرض کی: جنابِ محمد!

لَا یُصَلِّیْ عَلَیْکَ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِکَ اِلَّا صَلّٰی

آپ کا جو امتی آپ پر درود پڑھتا ہے اُس کے لیے ستّر ہزار فرشتے دُعائے رحمت

عَلَیْہِ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَکٍ وَّمَنْ صَلَّتْ عَلَیْہِ

کرتے ہیں اور جس کے لیے فرشتے دُعائے رحمت کریں وہ جنّتیوں

الْمَلٰٓئِكَةُ كَانَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ(12) ۞ وَقَالَ صَلَّى

میں سے ہوجاتا ہے۔ فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْثَرُكُمْ عَلَيَّ صَلٰوةً اَكْثَرُكُمْ

عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہے: تم میں سے جو مجھ پر زیادہ دُرود پڑھے گا وہ جنّت میں

اَزْوَاجًا فِي الْجَنَّةِ(13) ۞ وَرُوِيَ عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

زیادہ بیویوں والا ہوگا۔ فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ: مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلٰوةً تَعْظِيْمًا

وَسَلَّم ہے: جو میرے حق کو بڑا سمجھتے ہوئے مجھ پر درود پڑھتا ہے

لِّحَقِّيْ خَلَقَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ مِنْ ذٰلِكَ الْقَوْلِ مَلَكًا

اللّٰہ پاک اُس کے پڑھنے سے ایک فرشتہ پیدا فرماتا ہے جس کا ایک

لَّهٗ جَنَاحٌ بِالْمَشْرِقِ وَالْاٰخَرُ بِالْمَغْرِبِ وَرِجْلَاهُ

پَر مشرق میں اور دوسرا پَر مغرب میں ہوتا ہے، اُس کے پاؤں

مَقْرُوْرَتَانِ فِي الْاَرْضِ السَّابِعَةِ السُّفْلٰى وَ

ساتویں اور نچلی زمین پر جمے ہوتے ہیں

عُنُقُهٗ مُلْتَوِيَةٌ تَحْتَ الْعَرْشِ يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ

اُس کی گردن عرش کے نیچے جھکی ہوتی ہے، اللّٰہ پاک اُس فرشتے سے فرماتا ہے:

لَہٗ صَلِّ عَلٰی عَبْدِیْ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی نَبِیِّیْ فَھُوَ

میرے بندے کے لیے دُعائے رحمت کر جیسا کہ اُس نے میرے نبی پر درود بھیجا۔ چنانچہ

یُصَلِّیْ عَلَیْہِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ (14) ۞ وَ رُوِیَ عَنْہُ صَلَّی

وہ فرشتہ درود پڑھنے والے بندے کے لیے قیامت تک دُعائے رحمت کرتا رہتا ہے۔

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ قَالَ: لَیَرِدَنَّ عَلَیَّ الْحَوْضَ

فرمانِ مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہے: بلاشبہ قیامت کے دن حوضِ کوثر پر میرے حضور

یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اَقْوَامٌ مِّمَّا اَعْرِفُھُمْ اِلَّا بِکَثْرَۃِ الصَّلٰوۃِ

وہ لوگ بھی حاضر ہوں گے جنہیں میں کثرت سے درود پڑھنے کے باعث ہی پہچانتا

عَلَیَّ (15) ۞ وَ رُوِیَ عَنْہُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ

ہوں گا۔ فرمانِ مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہے:

قَالَ: مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مَرَّۃً وَّاحِدَۃً صَلَّی اللّٰہُ

جو مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھے اللہ پاک

عَلَیْہِ عَشْرَ مَرَّاتٍ وَّمَنْ صَلّٰی عَلَیَّ عَشْرَ مَرَّاتٍ

اُس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا اور جو مجھ پر دس مرتبہ درود پڑھے

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ مِائَۃَ مَرَّۃٍ وَّمَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مِائَۃَ

اللہ پاک اُس پر سو رحمتیں نازل فرمائے گا اور جو مجھ پر سو مرتبہ دُرود پڑھے

مَرَّۃٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ اَلْفَ مَرَّۃٍ وَّمَنْ صَلّٰی عَلَیَّ

اللہ پاک اُس پر ہزار رحمتیں نازل فرمائے گا اور جو مجھ پر ہزار مرتبہ درود پڑھے

اَلْفَ مَرَّۃٍ حَرَّمَ اللّٰہُ جَسَدَہٗ عَلَی النَّارِ وَثَبَّتَہٗ

اللہ پاک اُس کے بدن کو جہنم پر حرام فرما دے گا اور اُسے دُنیا کی زندگی میں

بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَۃِ

اور آخرت میں قبر کے سوالات کے وقت حق بات پر ثابت قدم رکھے گا،

عِنْدَ الْمَسْئَلَۃِ وَاَدْخَلَہُ الْجَنَّۃَ وَجَآءَتْ صَلٰوتُہٗ

اُسے جنّت میں داخلہ عطا فرمائے گا اور اُس کا دُرود شریف قیامت کے دن

عَلَیَّ نُوْرًا لَّہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ عَلَی الصِّرَاطِ مَسِیْرَۃَ

پُل صراط پر ایسا نُور بن کر آئے گا جو پانچ سو سال کی مسافت

خَمْسِ مِائَۃِ عَامٍ وَّاَعْطَاہُ اللّٰہُ بِکُلِّ صَلٰوۃٍ

جتنی دُوری سے دِکھائی دے گا اور اللہ پاک اُسے ہر درود شریف کے بدلے

صَلّٰھَا عَلَیَّ قَصْرًا فِی الْجَنَّۃِ قَلَّ ذٰلِكَ اَوْ کَثُرَ (16)

جنّت میں ایک محل عطا فرمائے گا چاہے وہ زیادہ دُرود پڑھے یا کم۔

وَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ

فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہے: بندہ مجھ پر دُرود شریف پڑھتا ہے

عَبْدٍ صَلّٰى عَلَيَّ اِلَّا خَرَجَتِ الصَّلٰوةُ مُسْرِعَةً

تو درود شریف اس کی زبان سے نکل کر تیزی سے بڑھتا ہے اور

مِّنْ فِيْهِ فَلَا يَبْقٰى بَرٌّ وَّلَا بَحْرٌ وَّلَا شَرْقٌ وَّلَا غَرْبٌ

ہر خشکی و تر، مشرق و مغرب کے پاس سے گزرتے ہوئے کہتا ہے کہ

اِلَّا وَتَمُرُّ بِهٖ وَتَقُوْلُ اَنَا صَلٰوةُ فُلَانِ ابْنِ فُلَانٍ

میں فلاں بن فلاں کا دُرود شریف ہوں جو اُس نے

صَلّٰى عَلٰى مُحَمَّدِ نِ الْمُخْتَارِ خَيْرِ خَلْقِ اللّٰهِ

سب مخلوق سے بہتر ہستی اور با اختیار نبی حضرت محمد مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر

فَلَا يَبْقٰى شَيْءٌ اِلَّا وَصَلّٰى عَلَيْهِ وَيُخْلَقُ مِنْ

پڑھا ہے۔ چنانچہ اب ہر چیز اُس بندے کے لیے دُعائے رحمت کرنے لگتی ہے اس

تِلْكَ الصَّلٰوةِ طَآئِرٌ لَّهٗ سَبْعُوْنَ اَلْفَ جَنَاحٍ فِيْ

درود شریف سے ایک پرندہ پیدا کیا جاتا ہے جس کے ستر ہزار بازو ہیں، ہر بازو میں

كُلِّ جَنَاحٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ رِيْشَةٍ فِيْ كُلِّ رِيْشَةٍ

ستر ہزار پر ہیں، ہر پَر میں ستر ہزار

سَبْعُوْنَ اَلْفَ رَأْسٍ فِيْ كُلِّ رَأْسٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ

سر ہیں، ہر سر میں ستر ہزار

وَجْهٍ فِيْ كُلِّ وَجْهٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ فَمٍ فِيْ كُلِّ فَمٍ

چہرے ہیں، ہر چہرے میں ستر ہزار منہ ہیں، ہر منہ میں

سَبْعُوْنَ اَلْفَ لِسَانٍ فِيْ كُلِّ لِسَانٍ يُّسَبِّحُ اللّٰهَ

ستر ہزار زبانیں ہیں، ہر زبان سے وہ پرندہ

تَعَالٰى بِسَبْعِيْنَ اَلْفَ لُغَاتٍ وَّيَكْتُبُ اللّٰهُ لَهٗ

ستر ہزار زبانوں میں اللہ پاک کی تسبیح پڑھتا ہے اور اللہ پاک ان سب کا ثواب درود

ثَوَابَ ذٰلِكَ كُلِّهٖ (17) ۞ وَعَنْ عَلِيِّ ابْنِ اَبِيْ طَالِبٍ

شریف پڑھنے والے بندے کے لیے لکھتا ہے۔ امیر المؤمنین حضرت سیّدُنا علیُّ المرتضٰی

رَّضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ سے روایت ہے، پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ يَوْمَ

جو کوئی جمعہ کے دن مجھ پر سو مرتبہ

الْجُمُعَةِ مِائَةَ مَرَّةٍ جَآءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَ مَعَهٗ

درود پڑھے قیامت کے دن ایسے نُور کے ساتھ آئے گا

نُوْرٌ لَّوْ قُسِّمَ ذٰلِكَ النُّوْرُ بَيْنَ الْخَلْقِ كُلِّهِمْ

جو سب مخلوق میں تقسیم کردیا جائے تو سبھی کے

لَوَسِعَهُمْ (18) ۞ وَذُكِرَ فِیْ بَعْضِ الْاَخْبَارِ مَكْتُوْبٌ

لیے کافی ہو۔ منقول ہے کہ عرش کے پائے پر لکھا ہے:

عَلٰی سَاقِ الْعَرْشِ مَنِ اشْتَاقَ اِلَیَّ رَحِمْتُهٗ وَ

جو میرا مشتاق ہو میں اُس پر رحمت فرماتا ہوں،

مَنْ سَاَلَنِیْ اَعْطَیْتُهٗ وَمَنْ تَقَرَّبَ اِلَیَّ بِالصَّلٰوۃِ

جو کوئی مجھ سے مانگے میں اُسے عطا فرماتا ہوں اور جو میرے حبیب

عَلٰی حَبِیْبِیْ مُحَمَّدٍ غَفَرْتُ لَهٗ ذُنُوْبَهٗ وَلَوْ كَانَتْ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر دُرود شریف پڑھتے ہوئے میرا قرب چاہے میں اُس کے گناہ

مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ (19) ۞ وَرُوِیَ عَنْ بَعْضِ الصَّحَابَةِ

بخش دیتا ہوں چاہے اُس کے گناہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔ ایک صحابی

رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ اَنَّهٗ قَالَ مَا مِنْ

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ فرماتے ہیں: جس

مَّجْلِسٍ یُّصَلّٰی فِیْهِ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

مجلس میں مصطفٰے جانِ رحمت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر درود شریف پڑھا جائے

وَسَلَّمَ اِلَّا قَامَتْ مِنْهُ رَآئِحَةٌ طَیِّبَةٌ حَتّٰی تَبْلُغَ

وہاں سے ایک پاکیزہ خوشبو پھوٹتی ہے اور آسمانوں تک

عَنَانَ السَّمَآءِ فَتَقُوْلُ الْمَلٰٓئِكَةُ هٰذَا مَجْلِسٌ

جا پہنچتی ہے۔ فرشتے کہتے ہیں: یہ وہ مجلس ہے جس میں حضرت

صُلِّيَ فِيْهِ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (20)

محمدِ مصطفٰے صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر درود شریف پڑھا گیا ہے۔

ذُكِرَ فِيْ بَعْضِ الْاَخْبَارِ اَنَّ الْعَبْدَ الْمُؤْمِنَ اَوِ

منقول ہے کہ مؤمن بندہ یا بندی

الْاَمَةَ الْمُؤْمِنَةَ اِذَا بَدَءَ بِالصَّلٰوةِ عَلٰى مُحَمَّدٍ

حضورِ اقدس صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر درود شریف پڑھنا شروع کرے تو

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فُتِحَتْ لَهٗ اَبْوَابُ السَّمَآءِ

اُس کے لیے آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور

وَالسُّرَادِقَاتُ حَتّٰى اِلَى الْعَرْشِ فَلَا يَبْقٰى مَلَكٌ

عرش تک پردے ہٹادیئے جاتے ہیں، آسمانوں کے سب فرشتے

فِي السَّمٰوٰتِ اِلَّا صَلّٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضور جانِ عالَم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر درود شریف پڑھنے لگتے ہیں اور

وَسَلَّمَ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِذٰلِكَ الْعَبْدِ اَوِ الْاَمَةِ

جب تک اللہ چاہے اُس درود پڑھنے والے بندے یا بندی کے لیے دُعائے رحمت کرتے

مَا شَآءَ اللّٰہُ وَقَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ (21)

رہتے ہیں۔ فرمانِ مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہے: جس کا

عَسُرَتْ عَلَیْہِ حَاجَۃٌ فَلْیُکْثِرْ بِالصَّلٰوۃِ عَلَیَّ

کوئی کام پورا نہ ہورہا ہو وہ مجھ پر کثرت سے درود شریف پڑھے

فَاِنَّھَا تَکْشِفُ الْھُمُوْمَ وَالْغُمُوْمَ وَالْکُرُوْبَ

کہ درود شریف غموں، فکروں اور پریشانیوں کو دُور کردیتا ہے،

وَتُکَثِّرُ الْاَرْزَاقَ وَتَقْضِی الْحَوَآئِجَ ۞ (22) وَعَنْ

روزی بڑھاتا ہے اور کام بناتا ہے۔ ایک بزرگ

بَعْضِ الصَّالِحِیْنَ اَنَّہٗ قَالَ کَانَ لِیْ جَارٌ نَّسَّاخٌ

رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کا بیان ہے: ایک کاتب میرا پڑوسی تھا،

فَمَاتَ فَرَاَیْتُہٗ فِی الْمَنَامِ فَقُلْتُ لَہٗ مَا فَعَلَ اللّٰہُ

اُس کا انتقال ہوگیا، میں نے خواب میں اُسے دیکھا تو پوچھا: اللہ پاک نے تمہارے ساتھ

بِکَ فَقَالَ غَفَرَ لِیْ فَقُلْتُ لَہٗ فَبِمَ ذٰلِکَ فَقَالَ

کیسا معاملہ فرمایا؟ کہا: ربِّ کریم نے مجھے بخش دیا۔ میں نے کہا: کس عمل کی برکت سے؟

کُنْتُ اِذَا کَتَبْتُ اسْمَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

کہا: میں جب کسی تحریر میں پیارے آقا حضرت محمد مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا پیارا نام

وَ سَلَّمَ فِیْ کِتَابٍ صَلَّیْتُ عَلَیْہِ فَاَعْطَانِیْ رَبِّیْ

لکھتا تو درود شریف بھی لکھتا تھا چنانچہ میرے پیارے ربّ نے مجھے وہ نعمتیں عطا فرمائی

مَا لَا عَیْنٌ رَّاَتْ وَلَآ اُذُنٌ سَمِعَتْ وَ لَا خَطَرَ عَلٰی

ہیں جو نہ کسی آنکھ نے دیکھی ہیں نہ کسی کان نے سُنی ہیں اور نہ کسی انسان کے دِل پر اُن

قَلْبِ بَشَرٍ ۞ وَعَنْ اَنَسٍ رَّضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

نعمتوں کا خیال گزرا ہے۔ حضرت سیِّدُنا انس رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ سے روایت ہے:

اَنَّہٗ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا:

لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنْ

تم میں کوئی مسلمان نہیں ہوتا جب تک میں اُسے

نَّفْسِہٖ وَمَالِہٖ وَوَلَدِہٖ وَوَالِدِہٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ ۞ (23)

اُس کی جان، مال، اولاد اور ماں باپ اور تمام آدمیوں سے زیادہ محبوب نہ ہوں۔

وَ فِیْ حَدِیْثِ عُمَرَ: اَنْتَ اَحَبُّ اِلَیَّ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

حضرت سیِّدُنا فاروقِ اعظم رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ کی روایت میں ہے کہ انہوں نے عرض کی: یارسولَ اللہ!

مِنْ کُلِّ شَیْءٍ اِلَّا نَفْسِیَ الَّتِیْ بَیْنَ جَنْبَیَّ فَقَالَ

میرے پہلوؤں کے درمیان جو میری جان ہے حضور اُس کے علاوہ ہر چیز سے زیادہ مجھے پیارے

لَہٗ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ لَا تَکُوْنُ مُؤْمِنًا

اَفْضَلَ مَا اَنْتَ مَسْئُوْلٌ لَّهٗ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ ۞

اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کو وہ سب سے اعلیٰ مراد عطا فرما جو قیامت تک تجھ سے مانگی گئی ہو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ سَيِّدِنَا

یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر، ہمارے سردار حضرت آدم عَلَيْهِ

اٰدَمَ وَ سَيِّدِنَا نُوْحٍ وَّ سَيِّدِنَآ اِبْرَاهِيْمَ وَ سَيِّدِنَا

السَّلَام پر، ہمارے سردار حضرت نوح عَلَيْهِ السَّلَام پر، ہمارے سردار حضرت ابراہیم عَلَيْهِ السَّلَام پر،

مُوْسٰى وَ سَيِّدِنَا عِيْسٰى وَ مَا بَيْنَهُمْ مِّنَ النَّبِيِّيْنَ

ہمارے سردار حضرت موسیٰ عَلَيْهِ السَّلَام پر، ہمارے سردار حضرت عیسیٰ عَلَيْهِ السَّلَام پر اور ان کے بیچ

وَ الْمُرْسَلِيْنَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَ سَلَامُهٗ عَلَيْهِمْ

جو نبی اور رسول گزرے ہیں ان پر رحمتیں نازل فرما۔ سب انبیاء ورسل پر اللہ پاک کی رحمت

اَجْمَعِيْنَ (تین بار)

وسلامتی ہو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰٓى اَبِيْنَا سَيِّدِنَآ اٰدَمَ وَ اُمِّنَا

یااللہ! ہمارے والدِ گرامی اور ہمارے سردار حضرت آدم عَلَيْهِ السَّلَام پر اور ہماری

سَيِّدَتِنَا حَوَّآءَ صَلٰوةً مَلٰٓئِكَتِكَ وَ اَعْطِهِمَا مِنَ

والدۂ ماجدہ حضرت سیّدہ حوّا رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا پر اپنی ویسی رحمتیں نازل فرما جیسی رحمتیں

الرِّضْوَانِ حَتّٰى تُرْضِيَهُمَا وَ اجْزِهِمَا اللّٰهُمَّ اَفْضَلَ

فرشتوں پر ہیں اور انہیں اتنی رضا عطا فرما کہ تُو انہیں راضی فرمادے اور انہیں وہ سب

مَا جَازَيْتَ بِهٖٓ اَبًا وَّ اُمًّا عَنْ وَّلَدَيْهِمَا ۞ (تین بار)

سے اعلیٰ جزا عطا فرما جو تو نے کسی ماں باپ کو ان کی اولاد کی طرف سے عطا فرمائی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا جِبْرِيْلَ وَ سَيِّدِنَا

یااللہ! ہمارے سردار حضرت جبریل عَلَیْہِ السَّلَام پر، ہمارے سردار حضرت

مِيْكَآئِيْلَ وَ سَيِّدِنَآ اِسْرَافِيْلَ وَ سَيِّدِنَا عِزْرَآئِيْلَ

میکائیل عَلَیْہِ السَّلَام پر، ہمارے سردار حضرت اسرافیل عَلَیْہِ السَّلَام پر، ہمارے سردار

وَ حَمَلَةِ الْعَرْشِ وَ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ وَ الْمُقَرَّبِيْنَ وَ

حضرت عزرائیل عَلَیْہِ السَّلَام پر، عرش اٹھانے والے فرشتوں، سب فرشتوں اور قرب

عَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَ الْمُرْسَلِيْنَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ

والے فرشتوں پر اور سب نبیوں اور رسولوں پر رحمتیں نازل فرما۔ ان سب پر اللہ

وَ سَلَامُهٗ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ ۞ (تین بار)

پاک کی رحمت و سلامتی ہو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا

یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اپنے

عَلِمْتَ وَ مِلْءَ مَا عَلِمْتَ وَ زِنَةَ مَا عَلِمْتَ وَ

علم کے شمار، احاطے اور وزن جتنی اور اپنے کلمات کی روشنائی

مِدَادَ كَلِمَاتِكَ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

جتنی رحمتیں نازل فرما۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر وہ

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً مَّوْصُوْلَةً بِالْمَزِيْدِ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

رحمتیں نازل فرما جو بڑھتی ہی رہیں۔ یااللہ! ہمارے سردار

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً لَّا تَنْقَطِعُ اَبَدَ الْاٰبَادِ

حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر وہ رحمتیں نازل فرما جن کا سلسلہ کبھی بھی نہ ٹوٹے نہ

وَلَا تَبِيْدُ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

وہ ختم ہوں۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر وہ رحمتیں نازل فرما

صَلٰوتَكَ الَّتِيْ صَلَّيْتَ عَلَيْهِ وَ سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

جو تُو نے اُن پر نازل فرمائیں اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر وہ سلامتیاں نازل فرما

مُحَمَّدٍ سَلَامَكَ الَّذِيْ سَلَّمْتَ عَلَيْهِ وَ اجْزِهٖ

جو تُو نے اُن پر نازل فرمائیں اور ہماری طرف سے حضور کو وہ جزا عطا فرما جس کے وہ حق دار

عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

ہیں۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر وہ رحمتیں نازل فرما جن پر تُو راضی ہو اور

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُرْضِيْكَ وَ تُرْضِيْهِ وَ تَرْضٰى بِهَا

تیرے حبیب صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم راضی ہوں اور جس کے طفیل تُو ہم سے راضی ہو اور حضور کو ہماری

عَنَّا وَ اجْزِهٖ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

طرف سے وہ جزا عطا فرما جس کے وہ حق دار ہیں۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بُحْرِ اَنْوَارِكَ وَ مَعْدِنِ اَسْرَارِكَ

وَاٰلِهٖ وَسَلِّمْ پر رحمتیں نازل فرما، ہمارے وہ آقا جو تیرے نوروں کا سمندر ہیں، تیرے رازوں کا خزانہ ہیں

وَلِسَانِ حُجَّتِكَ وَ عَرُوْسِ مَمْلَكَتِكَ وَ اِمَامِ

تیری دلیلوں کی زبان ہیں اور تیری سلطنت کے دولہا ہیں، تیرے دربار میں سب کے پیشوا

حَضْرَتِكَ وَ طِرَازِ مُلْكِكَ وَ خَزَآئِنِ رَحْمَتِكَ وَ

ہیں، تیری بادشاہی کی زینت ہیں، تیری رحمت کے خزانے ہیں، تیری

طَرِيْقِ شَرِيْعَتِكَ الْمُتَلَذِّذِ بِتَوْحِيْدِكَ اِنْسَانِ

شریعت کا راستہ ہیں، تیری توحید بیان کر کے لذّت اٹھاتے ہیں، وجود کی آنکھ کی

عَيْنِ الْوُجُوْدِ وَ السَّبَبِ فِيْ كُلِّ مَوْجُوْدٍ عَيْنِ اَعْيَانِ

پتلی (اصل) ہیں، ہر مخلوق کا سببِ وجود ہیں، تیری مخلوق کے معزّزین کے بھی سردار

خَلْقِكَ الْمُتَقَدِّمِ مِنْ نُّوْرِ ضِيَآئِكَ صَلٰوةً

ہیں اور تیرے نور کی سب سے پہلی کرن ہیں۔ ایسی رحمتیں نازل فرما جو تیرے دوام کے ساتھ

تَدُوْمُ بِدَوَامِكَ وَ تَبْقٰى بِبَقَآئِكَ لَا مُنْتَهٰى

مسلسل نازل ہوتی رہیں اور تیری بقا کے ساتھ باقی رہیں اور تیرے علم کی انتہا سے پہلے ان کی کوئی

لَهَا دُوْنَ عِلْمِكَ صَلٰوةً تُرْضِيْكَ وَ تُرْضِيْهِ وَ

انتہا نہ ہو (اور علمِ الٰہی کی کوئی انتہا نہیں)۔ وہ رحمتیں جن پر تُو راضی ہو، تیرے حبیب راضی ہوں اور جن

تَرْضٰى بِهَا عَنَّا يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

کے صدقے تُو ہم سے راضی ہو اے سب جہان والوں کے مالک۔ یا اللہ! ہمارے سردار حضرت

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِيْ عِلْمِ اللّٰهِ صَلٰوةً

محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر اپنے علم کے شمار جتنی رحمتیں نازل فرما جو تیری بادشاہی کے

دَآئِمَةً بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

دوام کے ساتھ ہمیشہ نازل ہوتی رہیں۔ یا اللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَآ اِبْرَاهِيْمَ

پر رحمتیں نازل فرما جیسا کہ تُو نے ہمارے سردار حضرت ابراہیم عَلَيْهِ السَّلَام پر رحمتیں نازل فرمائیں اور

وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی آل پر

مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ فِي الْعَالَمِيْنَ

سب جہانوں میں برکت نازل فرما جیسا کہ تُو نے حضرت ابراہیم عَلَيْهِ السَّلَام کی آل پر برکت نازل فرمائی،

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ عَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضٰى نَفْسِكَ

بیشک تُو سب خوبیوں والا عزّت والا ہے۔ حضور پر اور حضور کی آل پر اپنی مخلوق کی تعداد جتنی، اپنی رضا

وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ وَعَدَدَ مَا

جتنی، اپنے عرش کے وزن جتنی، اپنے کلمات کی روشنائی جتنی اور جتنا تیری مخلوق

ذَكَرَكَ بِهٖ خَلْقُكَ فِيْمَا مَضٰى وَعَدَدَ مَا هُمْ

نے ماضی میں تیرا ذِکر کیا اور جتنا آئندہ کریں گے

ذَاكِرُوْنَكَ بِهٖ فِيْمَا بَقِيَ فِيْ كُلِّ سَنَةٍ وَّ شَهْرٍ وَّ

اتنی رحمتیں اور برکتیں ہر سال، ہر مہینے،

جُمُعَةٍ وَّ يَوْمٍ وَّ لَيْلَةٍ وَّ سَاعَةٍ مِّنَ السَّاعَاتِ وَ

ہر ہفتے، ہر دن، ہر رات، ہر گھڑی میں، مخلوق کے ہر سونگھنے،

شَمٍّ وَّ نَفَسٍ وَّ طَرْفَةٍ وَّ لَمْحَةٍ مِّنَ الْاَبَدِ اِلَى الْاَبَدِ

سانس لینے، آنکھ جھپکنے اور پلک مارنے میں، ہمیشہ سے لے کر ہمیشہ تک،

وَ اٰبَادِ الدُّنْيَا وَ اٰبَادِ الْاٰخِرَةِ وَ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ

دُنیا کے اختتام تک اور آخرت کی ہمیشگیوں تک بلکہ ان سے بھی زیادہ (رحمتیں اور برکتیں)

لَا يَنْقَطِعُ اَوَّلُهٗ وَلَا يَنْفَدُ اٰخِرُهٗ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

نازل فرما جن کا سلسلہ کبھی بھی نہ ٹوٹے نہ وہ ختم ہوں۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلٰى قَدْرِ حُبِّكَ فِيْهِ ۞

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم سے تجھے جتنی محبّت ہے حضور پر اتنی رحمتیں نازل فرما۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلٰى قَدْرِ

یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر تیری جتنی نگاہِ عنایت ہے حضور پر

عِنَايَتِكَ بِهٖ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اتنی رحمتیں نازل فرما۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد وَسَلَّم پر حضور کی

حَقَّ قَدْرِهٖ وَ مِقْدَارِهٖ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

عظمت وشان جتنی رحمتیں نازل فرما۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنَجِّيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ

وَسَلَّم پر وہ درود بھیج جس کے طفیل تُو ہمیں سب ہولناکیوں اور آفتوں

وَ الْاٰفَاتِ وَ تَقْضِيْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَ

سے نجات بخشے، ہماری سب حاجتیں پوری فرمائے،

تُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّئَاتِ وَ تَرْفَعُنَا بِهَا

ہمیں سب گناہوں سے پاک فرمائے، ہمیں اونچے

اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَ تُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ

مرتبے عطا کرے اور اس درود شریف کی برکت سے ہماری زندگی میں

مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِي الْحَيٰوةِ وَ بَعْدَ الْمَمَاتِ ۞

اور ہمارے انتقال کے بعد ہمیں بھلائیوں کی انتہائی بلندیوں تک پہنچائے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةَ الرِّضٰى

یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر رضا والی رحمتیں نازل فرما

وَارْضَ عَنْ اَصْحٰبِهٖ رِضَآءَ الرِّضٰى ۞ اَللّٰهُمَّ

اور حضور کے پیارے صحابہ سے بہت راضی ہوجا۔ یااللہ!

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ السَّابِقِ لِلْخَلْقِ

ہمارے وہ سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم جن کا نور سب مخلوق سے پہلے پیدا ہوا

نُوْرُهٗ وَ رَحْمَةٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ظُهُوْرُهٗ عَدَدَ مَنْ مَّضٰى

اور جن کا ظہور سارے جہان کے لیے رحمت ہے اُن پر اپنی گذشتہ و آئندہ مخلوق کے

مِنْ خَلْقِكَ وَ مَنْ بَقِيَ وَ مَنْ سَعِدَ مِنْهُمْ وَ

شمار جتنی اور خوش نصیب و بدنصیب مخلوق کے شمار

مَنْ شَقِيَ صَلٰوةً تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ وَ تُحِيْطُ بِالْحَدِّ

جتنی وہ رحمتیں نازل فرما جو شمار کو گھیر لیں اور حدود کا احاطہ کرلیں،

صَلٰوةً لَّا غَايَةَ لَهَا وَ لَا مُنْتَهٰى وَ لَا انْقِضَآءَ صَلٰوةً

وہ رحمتیں جن کی کوئی انتہا، اختتام اور فنا نہ ہو، وہ رحمتیں جو تیرے دوام کے ساتھ

دَآئِمَةً بِدَوَامِكَ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ سَلِّمْ

ہمیشہ نازل ہوتی رہیں اور حضور کے آل واصحاب پر ایسی رحمتیں اور حضور پر اور حضور کے

تَسْلِيْمًا مِّثْلَ ذٰلِكَ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

آل واصحاب پر ایسی ہی سلامتیاں بھی نازل فرما۔ یااللہ! ہمارے وہ سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ مَلَأْتَ قَلْبَهٗ مِنْ جَلَالِكَ وَ

وَاٰلِهٖ وَسَلَّم جن کا پاکیزہ دل تو نے اپنی بزرگی کی ہیبت سے سنوارا اور اُن کی مبارک آنکھیں اپنے

عَيْنَهٗ مِنْ جَمَالِكَ فَاَصْبَحَ فَرِحًا مُّؤَيَّدًا مَّنْصُوْرًا وَّ

جمال سے روشن کی ہیں چنانچہ وہ مسرور ہوئے اور مدد و غلبہ دیئے گئے اُن مبارک ہستی پر

عَلٰٓى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ سَلِّمْ تَسْلِيْمًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ

اور اُن کے آل وصحابہ پر رحمتیں اور بہت سلامتیاں نازل فرما۔ اس پر سب تعریفیں

عَلٰى ذٰلِكَ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا

اللہ پاک کی ہیں۔ یااللہ! ہمارے سردار اور ہمارے آقا حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَوْرَاقِ الزَّيْتُوْنِ وَ جَمِيْعِ الثِّمَارِ ۞

پر زیتون اور سب پھلوں کے درختوں کے پتّوں جتنی رحمتیں نازل فرما۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

یااللہ! گزشتہ وآئندہ کے معاملات کی تعداد میں اور رات کے اندھیرے میں ڈوبنے والی اور دن

مَا كَانَ وَ مَا يَكُوْنُ وَعَدَدَ مَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ

کی روشنی میں آشکار ہونے والی چیزوں کی تعداد میں رحمتیں ہمارے سردار اور ہمارے آقا حضرت

وَ اَضَآءَ عَلَيْهِ النَّهَارُ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر نازل فرما۔ یااللہ! ہمارے سردار اور ہمارے آقا حضرت محمد

وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ وَ اَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر، حضور کی آل پر اور پاکیزہ بیویوں اور مبارک اولاد پر امت کی

عَدَدَ اَنْفَاسِ اُمَّتِهٖ ۞ اَللّٰهُمَّ بِبَرَكَةِ الصَّلٰوةِ

سانسوں جتنی رحمتیں نازل فرما۔ یااللہ! درود شریف کی برکت سے ہمیں

عَلَيْهِ اجْعَلْنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ مِنَ الْفَآئِزِيْنَ وَ

کامیابی والوں، حضور کے حوضِ کوثر پر سیرابی کا

عَلٰى حَوْضِهٖ مِنَ الْوَارِدِيْنَ الشَّارِبِيْنَ وَبِسُنَّتِهٖ

جام پینے والوں، حضور کی سنّت پر چلنے والوں اور حضور کی فرماں برداری

وَ طَاعَتِهٖ مِنَ الْعَامِلِيْنَ ۞ وَ لَا تَحُلْ بَيْنَنَا

کرنے والوں میں سے بنادے۔ ہمیں قیامت میں حضور سے آڑ میں

وَ بَيْنَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۞

نہ کرنا اے سب جہان والوں کے مالک۔

وَاغْفِرْ لَنَا وَ لِوَالِدَيْنَا وَ لِجَمِيْعِ الْمُسْلِمِيْنَ

ہماری، ہمارے ماں باپ کی اور سب مسلمانوں کی بخشش فرما اور سب

وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ۞

تعریفیں اللہ پاک کی ہیں جو سب جہان والوں کا ربّ ہے۔

اِبْتِدَآءُ الثُّلُثِ الثَّانِي

دوسری تہائی کی ابتدا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَكْرَمِ خَلْقِكَ وَسِرَاجِ

آل پر رحمت، سلامتی اور برکت نازل فرما۔ ہمارے وہ آقا جو تیری مخلوق میں سب سے معزّز ہیں، تیرے

اُفُقِكَ وَاَفْضَلِ قَآئِمٍۢ بِحَقِّكَ الْمَبْعُوْثِ بِتَيْسِيْرِكَ

جہان کے آفتاب ہیں، تیرے حقوق کی ادائیگی میں سب پر فائق ہیں اور تیری بارگاہ کی آسانی و نرمی

وَرِفْقِكَ صَلٰوةً يَّتَوَالٰى تَكْرَارُهَا وَتَلُوْحُ عَلَى

کے ساتھ بھیجے گئے ہیں۔ وہ رحمتیں نازل فرما جو مسلسل برستی رہیں اور اُن کی کرنیں سب جہان پر

الْاَكْوَانِ اَنْوَارُهَا ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ

جگمگاتی رہیں۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی آل پر رحمت، سلامتی اور برکت نازل فرما۔ ہمارے وہ آقا جو تیری بارگاہ کی تعریف

اَفْضَلِ مَمْدُوْحٍ بِقَوْلِكَ وَاَشْرَفِ دَاعٍ لِّلِاعْتِصَامِ

پانے والے سب سے اعلیٰ بندے ہیں، تیری رسّی کو مضبوطی سے تھامنے کی دعوت دینے والے

بِحَبْلِكَ وَ خَاتَمِ اَنْبِيَآئِكَ وَ رُسُلِكَ صَلٰوةً

سب سے معزّز بندے ہیں، تیرے آخری نبی ورسول ہیں، وہ رحمتیں نازل فرما جن کی برکت

تُبَلِّغُنَا فِی الدَّارَیْنِ عَمِیْمَ فَضْلِكَ وَ كَرَامَةَ

سے تُو ہمیں دونوں جہان میں اپنا وسیع فضل وکرم اور اپنی رضا وقرب کا اعزاز

رِضْوَانِكَ وَ وَصْلِكَ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ

عطا فرمائے۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ

بَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر رحمت، سلامتی اور برکت نازل فرما۔ ہمارے وہ آقا جو

مُحَمَّدٍ اَكْرَمِ الْكُرَمَآءِ مِنْ عِبَادِكَ وَ اَشْرَفِ

تیرے بندوں میں سب سے زیادہ معزّز ہیں، تیری ہدایت کے راستوں کی طرف بُلانے

الْمُنَادِیْنَ لِطُرُقِ رَشَادِكَ وَ سِرَاجِ اَقْطَارِكَ

والوں میں سب سے بلند مرتبہ ہیں اور تیرے جہان کا آفتاب اور تیری سلطنت کا روشن چراغ ہیں،

وَ بِلَادِكَ صَلٰوةً لَّا تَفْنٰی وَ لَا تَبِیْدُ تُبَلِّغُنَا بِهَا

وہ رحمتیں نازل فرما جو کبھی فنا اور ختم نہ ہوں اور اُن کے طفیل تُو ہمیں مزید انعام (یعنی جنّت

كَرَامَةَ الْمَزِیْدِ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ

میں اپنے دیدار) کا اعزاز عطا فرمائے۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور

بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی آل پر رحمت، سلامتی اور برکت نازل فرما۔ ہمارے وہ

مُحَمَّدِنِ الرَّفِيْعِ مَقَامُهُ الْوَاجِبِ تَعْظِيْمُهُ وَ

آقا جن کا مرتبہ بلند ہے اور اُن کا ادب واحترام فرض ہے۔

اِحْتِرَامُهُ صَلٰوةً لَّا تَنْقَطِعُ اَبَدًا وَّلَا تَفْنٰى سَرْمَدًا

وہ رحمتیں نازل فرما جن کا سلسلہ کبھی بھی نہ ٹوٹے نہ وہ ختم ہوں

وَّلَا تَنْحَصِرُ عَدَدًا ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور نہ شمار میں آئیں۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ

حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی آل پر سب جہانوں میں رحمتیں نازل فرما جیسا کہ تو نے ہمارے سردار

عَلٰى سَيِّدِنَآ اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَآ اِبْرَاهِيْمَ

حضرت ابراہیم عَلَيْهِ السَّلَام پر اور ہمارے سردار حضرت ابراہیم عَلَيْهِ السَّلَام کی آل پر رحمتیں نازل

فِى الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۞ وَصَلِّ اللّٰهُمَّ

فرمائیں، بیشک تُو سب خوبیوں والا عزّت والا ہے۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی آل پر رحمتیں نازل فرما

كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَ غَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ

جب جب یاد کرنے والے حضور کو یاد کریں اور جب جب غفلت والے یاد سے

الْغَافِلُوْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

محروم رہیں۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّارْحَمْ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا

عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی آل پر درودیں نازل فرما اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے

وَّاٰلَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی آل پر رحمت فرما اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَرَحِمْتَ

پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی آل پر برکتیں نازل فرما جیسا کہ تو نے ہمارے سردار

وَبَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

حضرت ابراہیم عَلَيْهِ السَّلَام پر اور ہمارے سردار حضرت ابراہیم عَلَيْهِ السَّلَام کی آل پر درودیں، رحمتیں

اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

اور برکتیں نازل فرمائیں، بیشک تُو سب خوبیوں والا عزّت والا ہے۔ یااللہ! بے پڑھے غیب کی خبریں

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ وَ

بتانے والے ہمارے بہت ستھرے اور پاکیزہ سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر اور حضور کی

عَلٰٓى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ خَتَمْتَ

آل پر رحمتیں اور سلامتیاں نازل فرما۔ یا اللہ! اُن مبارک ہستی پر رحمتیں نازل فرما جن پر تُو نے

بِهِ الرِّسَالَةَ وَاَيَّدْتَّهٗ بِالنَّصْرِ وَالْكَوْثَرِ وَالشَّفَاعَةِ ۞

رسالت کا سلسلہ ختم فرمایا اور اُنہیں غلبہ، حوضِ کوثر اور شفاعت عطا فرما کر اُن کی مدد فرمائی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ نَّبِيِّ

یا اللہ! ہمارے سردار اور آقا حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر رحمتیں نازل فرما جو

الْحُكْمِ وَالْحِكْمَةِ السِّرَاجِ الْوَهَّاجِ الْمَخْصُوْصِ

فیصلے اور حکمت والے نبی ہیں، نہایت چمکتے چراغ ہیں، عظیم اخلاق

بِالْخُلُقِ الْعَظِيْمِ وَ خَتْمِ الرُّسُلِ ذِى الْمِعْرَاجِ

کے مالک ہیں، آخری رسول ہیں اور معراج والے آقا ہیں اور حضور

وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحٰبِهٖ وَاَتْبَاعِهِ السَّالِكِيْنَ عَلٰى

کے آل واصحاب پر اور حضور کے ان پیروکاروں پر رحمتیں نازل فرما جو حضور کے سیدھے

مَنْهَجِهِ الْقَوِيْمِ ۞ فَاَعْظِمِ اللّٰهُمَّ بِهٖ مِنْهَاجَ

راستے پر حضور کی پیروی کرتے ہیں۔ خُدایا! حضور کا یہ سیدھا راستہ اسلام کے روشن ستاروں اور

نُجُوْمِ الْاِسْلَامِ وَمَصَابِيْحِ الظَّلَامِ الْمُهْتَدٰى

اندھیروں میں جگمگانے والے چراغوں کی کیسی عظیم شاہراہ ہے!

بِهِمْ فِيْ ظُلْمَةِ لَيْلِ الشَّكِّ الدَّآجِّ صَلٰوةً دَآئِمَةً

بے یقینی کی اندھیری راتوں میں اِن ستاروں اور چراغوں کی بدولت سیدھا راستہ ملتا ہے،

مُّسْتَمِرَّةً مَّا تَلَاطَمَتْ فِي الْاَبْحُرِ الْاَمْوَاجُ وَطَافَ

وہ رحمتیں نازل فرما جو برستی رہیں جب تک سمندروں میں لہریں اٹھتی رہیں اور جب تک حاجی دور دراز

بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ الْحُجَّاجُ

سے رختِ سفر باندھ کر آتے رہیں اور آزاد گھر (خانۂ کعبہ) کا طواف کرتے رہیں۔

وَاَفْضَلُ الصَّلٰوةِ وَالتَّسْلِيْمِ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر سب سے اعلیٰ رحمت و سلامتی نازل

رَّسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ وَصَفْوَتِهٖ مِنَ الْعِبَادِ وَشَفِيْعِ

ہو۔ وہ آقا جو اللہ کے معزّز پیغمبر ہیں، اللہ کے خاص بندے ہیں، وعدے کی جگہ (محشر

الْخَلَآئِقِ فِي الْمِيْعَادِ صَاحِبِ الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ

میں) سب مخلوق کے حق میں سفارش فرمائیں گے، مقامِ محمود کے مالک ہیں، سب

وَالْحَوْضِ الْمَوْرُوْدِ النَّاهِضِ بِاَعْبَآءِ الرِّسَالَةِ وَ

پیاسے جس حوضِ کوثر کا رُخ کریں گے اُس حوض کے مالک ہیں، جنہوں نے رسالت

التَّبْلِيْغِ الْاَعَمِّ وَالْمَخْصُوْصِ بِشَرَفِ السِّعَايَةِ

اور تبلیغِ عام کا ذمہ لیا اور سب سے بڑی خیر خواہی (لوگوں کی اصلاح) کے لیے جد و جہد کا

فِي الصَّلَاحِ الْاَعْظَمِ ۞ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ

اعزاز اُن سے وابستہ ہے۔ اللہ پاک حضورِ اقدس صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور حضور کی آل پر وہ رحمتیں نازل

صَلٰوةً دَآئِمَةً مُّسْتَمِرَّةً الدَّوَامِ عَلٰى مَرِّ اللَّيَالِيْ

فرمائے جو گزرتے دنوں اور راتوں کے ساتھ ہمیشہ برستی

وَالْاَيَّامِ فَهُوَ سَيِّدُ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ وَاَفْضَلُ

رہیں کہ حضور سب اگلوں پچھلوں کے سردار ہیں اور سب اگلوں

الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ عَلَيْهِ اَفْضَلُ صَلٰوةِ الْمُصَلِّيْنَ

پچھلوں سے افضل ہیں، حضور پر درود شریف پڑھنے والوں کی بہترین درودیں ہوں،

وَاَزْكٰى سَلَامِ الْمُسَلِّمِيْنَ وَاَطْيَبُ ذِكْرِ الذَّاكِرِيْنَ

سلام بھیجنے والوں کے بہت مبارک سلام ہوں اور ذِکر والے حضور کا بہت پاکیزہ ذِکر کریں۔

وَاَفْضَلُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَحْسَنُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَ

اللہ کی سب سے افضل رحمتیں، اللہ کی سب سے حسین رحمتیں،

اَجَلُّ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَجْمَلُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَكْمَلُ

اللہ کی سب سے شان دار رحمتیں، اللہ کی سب سے جمیل رحمتیں، اللہ کی سب سے

صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَسْبَغُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَاَتَمُّ صَلَوَاتِ

کامل رحمتیں، اللہ کی سب سے فراخ رحمتیں، اللہ کی سب سے مکمل رحمتیں،

اللّٰهِ وَ اَظْهَرُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَ اَعْظَمُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَ

اللہ کی سب سے روشن رحمتیں، اللہ کی سب سے بڑی رحمتیں،

اَزْكٰى صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَ اَطْيَبُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَ اَبْرَكُ

اللہ کی سب سے مبارک رحمتیں، اللہ کی سب سے زیادہ مہکتی رحمتیں، اللہ کی سب

صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَ اَزْكٰى صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَ اَنْمٰى صَلَوَاتِ

سے خالص رحمتیں، اللہ کی سب سے پاکیزہ رحمتیں، اللہ کی سب سے زیادہ بڑھتی رحمتیں،

اللّٰهِ وَ اَوْفٰى صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَ اَسْنٰى صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَ

اللہ کی سب سے پوری رحمتیں، اللہ کی سب سے بلند وروشن رحمتیں،

اَعْلٰى صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَ اَكْثَرُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَ اَجْمَعُ

اللہ کی سب سے اونچی رحمتیں، اللہ کی سب سے کثیر رحمتیں، اللہ کی سب سے جامع

صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَ اَعَمُّ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَ اَدْوَمُ صَلَوَاتِ

رحمتیں، اللہ کی سب سے وسیع رحمتیں، اللہ کی سب سے دائمی رحمتیں، اللہ کی سب

اللّٰهِ وَ اَبْقٰى صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَ اَعَزُّ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَ

سے مستقل رحمتیں، اللہ کی سب سے معزّز رحمتیں، اللہ کی سب

اَرْفَعُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَ اَعْظَمُ صَلَوَاتِ اللّٰهِ عَلٰى

سے برتر رحمتیں اور اللہ کی سب سے عظیم رحمتیں اُن مبارک ہستی پر نازل ہوں جو

اَفْضَلِ خَلْقِ اللّٰهِ وَاَحْسَنِ خَلْقِ اللّٰهِ وَاَجَلِّ

اللہ کی سب مخلوق سے افضل ہیں، اللہ کی سب مخلوق سے حسین ہیں، اللہ کی سب مخلوق

خَلْقِ اللّٰهِ وَاَكْرَمِ خَلْقِ اللّٰهِ وَاَجْمَلِ خَلْقِ

سے بلند رتبہ ہیں، اللہ کی سب مخلوق سے معزّز ہیں، اللہ کی سب مخلوق سے خوب صورت ہیں،

اللّٰهِ وَاَكْمَلِ خَلْقِ اللّٰهِ وَاَتَمِّ خَلْقِ اللّٰهِ وَاَعْظَمِ

اللہ کی سب مخلوق سے زیادہ کامل ہیں، اللہ کی سب مخلوق سے زیادہ مکمّل ہیں، بارگاہِ الٰہی

خَلْقِ اللّٰهِ عِنْدَ اللّٰهِ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَنَبِيِّ اللّٰهِ وَحَبِيْبِ

میں سب مخلوقِ الٰہی سے عظیم تر ہیں، اللہ کے رسول ہیں، اللہ کے نبی ہیں، اللہ کے پیارے

اللّٰهِ وَصَفِيِّ اللّٰهِ وَنَجِيِّ اللّٰهِ وَخَلِيْلِ اللّٰهِ وَوَلِيِّ

ہیں، اللہ کے پسندیدہ ہیں، اللہ سے مناجات والے ہیں، اللہ کے خلیل ہیں، اللہ کے

اللّٰهِ وَاَمِيْنِ اللّٰهِ وَخِيَرَةِ اللّٰهِ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ وَ

دوست ہیں، اللہ کے امانت دار ہیں، اللہ کی مخلوق میں سے اللہ کے پسندیدہ ہیں، اللہ کی

نُخْبَةِ اللّٰهِ مِنْ بَرِيَّةِ اللّٰهِ وَصَفْوَةِ اللّٰهِ مِنْ اَنْبِيَآءِ

خلقت میں اللہ کا انتخاب ہیں، اللہ کے نبیوں میں اللہ کے چُنے ہوئے ہیں، اللہ کی

اللّٰهِ وَعُرْوَةِ اللّٰهِ وَعِصْمَةِ اللّٰهِ وَنِعْمَةِ اللّٰهِ وَ

مضبوط رسّی ہیں، اللہ کی طرف سے بندوں کی جائے پناہ ہیں، اللہ کی نعمت ہیں، اللہ کی

مِفْتَاحِ رَحْمَةِ اللّٰهِ الْمُخْتَارِ مِنْ رُّسُلِ اللّٰهِ

رحمت کی کنجی ہیں، اللہ کے رسولوں میں سے پسندیدہ رسول ہیں، اللہ کی

الْمُنْتَخَبِ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ الْفَآئِزِ بِالْمَطْلَبِ فِيْ

مخلوق میں سے منتخب بندے ہیں، خوف وامید میں جو مقصود ہو اُسے حاصل فرمالینے

الْمَرْهَبِ وَ الْمَرْغَبِ الْمُخْلَصِ فِيْمَا وُهِبَ اَكْرَمِ

والے ہیں، انعامات کی نوازش میں خصوصی طور پر چُنے گئے ہیں، سب سے معزّز پیغمبر

مَبْعُوْثٍ اَصْدَقِ قَآئِلٍ اَنْجَحِ شَافِعٍ اَفْضَلِ

ہیں، بات میں سب سے سچے ہیں، سب سے زیادہ کامیاب شفاعت والے ہیں، منظور شفاعت والی

مُشَفَّعٍ نِ الْاَمِيْنِ فِيْ مَا اسْتُوْدِعَ الصَّادِقِ فِيْ

سب سے اعلیٰ ہستی ہیں، سونپی جانے والی امانتوں میں انتہائی امانت دار ہیں، تبلیغِ دین میں نہایت

مَا بَلَّغَ الصَّادِعِ بِاَمْرِ رَبِّهِ الْمُضْطَلِعِ بِمَا حُمِّلَ

سچے ہیں، اپنے رب کے فرامین اعلانیہ سُنانے والے ہیں، جو ذمہ داری عطا ہوئی اُسے پورا فرمالینے والے

اَقْرَبِ رُسُلِ اللّٰهِ اِلَى اللّٰهِ وَسِيْلَةً وَّ اَعْظَمِهِمْ غَدًا

ہیں، اللہ کے رسولوں میں (بندوں کے لیے) اللہ کا سب سے قریبی وسیلہ ہیں، کل (آخرت میں) اللہ

عِنْدَ اللّٰهِ مَنْزِلَةً وَّ فَضِيْلَةً وَّ اَكْرَمِ اَنْبِيَآءِ اللّٰهِ

کے یہاں سب رسولوں سے بڑے مرتبے اور فضیلت والے ہیں، اللہ کے معزّز و منتخب نبیّوں میں

اَلْكِرَامِ الصَّفْوَةِ عَلَى اللّٰهِ وَاَحَبِّهِمْ اِلَى اللّٰهِ

سے بارگاہِ الٰہی میں سب سے اونچے درجے والے ہیں، اللہ کو اُن سب سے زیادہ پیارے ہیں، بارگاہِ

وَاَقْرَبِهِمْ زُلْفٰى لَدَى اللّٰهِ وَاَكْرَمِ الْخَلْقِ عَلَى

الٰہی میں اُن سب سے زیادہ قرب والے ہیں، اللہ کے یہاں سب مخلوق سے زیادہ معزّز ہیں،

اللّٰهِ وَاَحْظَاهُمْ وَاَرْضَاهُمْ لَدَى اللّٰهِ وَاَعْلَى النَّاسِ

سب سے زیادہ مقرّبِ بارگاہ ہیں، سب سے زیادہ پسندیدہ ہیں، سب سے اونچے مقام

قَدْرًا وَّاَعْظَمِهِمْ مَّحَلًّا وَّاَكْمَلِهِمْ مَّحَاسِنًا وَّ

والے ہیں، سب سے عظیم شان والے ہیں، سب سے زیادہ کامل خوبیوں اور

فَضْلًا وَّاَفْضَلِ الْاَنْبِيَآءِ دَرَجَةً وَّاَكْمَلِهِمْ شَرِيْعَةً

فضیلتوں والے ہیں، سب نبیّوں سے افضل مرتبے والے ہیں، سب نبیوں سے زیادہ کامل شریعت

وَّاَشْرَفِ الْاَنْبِيَآءِ نِصَابًا وَّاَبْيَنِهِمْ بَيَانًا وَّ

والے ہیں، سب نبیوں سے برتر بنیاد والے ہیں، سب سے واضح کلام وبیان والے ہیں، سب سے

خِطَابًا وَّاَفْضَلِهِمْ مَّوْلِدًا وَّ مَهْجَرًا وَّ عِتْرَةً وَّ

افضل مقامِ پیدائش (مکۂ مکرّمہ)، سب سے افضل مقامِ ہجرت (مدینۂ منوّرہ)، سب سے افضل گھرانے

اَصْحَابًا وَّاَكْرَمِ النَّاسِ اَرُوْمَةً وَّاَشْرَفِهِمْ جُرْثُوْمَةً

اور سب سے افضل صحابہ والے ہیں، سب سے باعزّت حسب ونسب والے ہیں، سب سے بہترین

وَّخَيْرِهِمْ نَفْسًا وَّاَطْهَرِهِمْ قَلْبًا وَّاَصْدَقِهِمْ قَوْلًا

رُوح والے ہیں، سب سے پاکیزہ دل والے ہیں، سب سے سچی بات والے ہیں، سب سے

وَّاَزْكَاهُمْ فِعْلًا وَّاَثْبَتِهِمْ اَصْلًا وَّاَوْفٰهُمْ عَهْدًا

مبارک کاموں والے ہیں، سب سے مضبوط نسب والے ہیں، سب سے زیادہ وعدہ پورا فرمانے والے

وَّاَمْكَنِهِمْ مَّجْدًا وَّاَكْرَمِهِمْ طَبْعًا وَّاَحْسَنِهِمْ

ہیں، سب سے مضبوط خاندانی شرافت والے ہیں، سب سے کریمانہ طبیعت والے ہیں، سب سے اچھے

صُنْعًا وَّاَطْيَبِهِمْ فَرْعًا وَّاَكْثَرِهِمْ طَاعَةً وَّسَمْعًا

احسانات والے ہیں، سب سے پاکیزہ شاخوں (یعنی اہلِ بیت وصحابہ) والے ہیں، (اللہ کے) سب سے زیادہ

وَّاَعْلَاهُمْ مَّقَامًا وَّاَحْلَاهُمْ كَلَامًا وَّاَزْكَاهُمْ سَلَامًا

مطیع وفرماں بردار ہیں، سب سے بلند مقام والے ہیں، سب سے میٹھی گفتگو والے ہیں، سب سے بابرکت

وَّاَجَلِّهِمْ قَدْرًا وَّاَعْظَمِهِمْ فَخْرًا وَّاَسْنَاهُمْ فَخْرًا

سلام والے ہیں، سب سے اونچی شان والے ہیں، سب سے عظیم خوبیوں والے ہیں، سب سے روشن خوبیوں

وَّاَرْفَعِهِمْ فِي الْمَلَإِ الْاَعْلٰى ذِكْرًا وَّاَصْدَقِهِمْ

والے ہیں، عالمِ بالا میں سب سے اونچے چرچے والے ہیں، وعدے کے سب سے زیادہ سچے ہیں،

وَعْدًا وَّاَكْثَرِهِمْ شُكْرًا وَّاَعْلَاهُمْ اَمْرًا وَّاَجْمَلِهِمْ

سب سے زیادہ شکر گزار ہیں، سب سے اونچی شان والے ہیں، سب سے عمدہ صبر والے ہیں،

صَبْرًا وَّ اَحْسَنِهِمْ خَيْرًا وَّ اَقْرَبِهِمْ يُسْرًا وَّ اَبْعَدِهِمْ

سب سے اچھی بھلائی والے ہیں، سب سے زیادہ نرمی وآسانی فرمانے والے ہیں، سب سے بلند

مَّكَانًا وَّ اَعْظَمِهِمْ شَاْنًا وَّ اَثْبَتِهِمْ بُرْهَانًا وَّ اَرْجَحِهِمْ

مرتبے والے ہیں، سب سے بڑی شان والے ہیں، سب سے مضبوط دلیل والے ہیں سب سے

مِّيْزَانًا وَّ اَوَّلِهِمْ اِيْمَانًا وَّ اَوْضَحِهِمْ بَيَانًا وَّ اَفْصَحِهِمْ

زیادہ عقل وانصاف والے ہیں، سب سے پہلے ایمان والے ہیں، سب سے واضح کلام والے ہیں،

لِسَانًا وَّ اَظْهَرِهِمْ سُلْطَانًا ۞

سب سے فصیح زبان والے ہیں اور سب سے غالب حجّت وسلطنت والے ہیں۔

درود خواں کا بدن مٹی نہیں کھا سکتی

وہ لوگ جو اپنے اوقات درود شریف میں مُستَغرق رکھتے ہیں ان کے بدن کو مٹی نہیں کھا سکتی۔

(بہارِ شریعت، 1/114 ، مکتبۃ المدینہ، پاکستان)

آسمان کی مَسْجِد کا اِمام

حضرتِ سَیِّدُنا حَفْص بن عبدُ اللہ رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ کا بیان ہے کہ میں نے اِمام اُلْمُحَدِّثِین حضرتِ سَیِّدُنا اَبُوزُرْعَہ رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ کو ان کی وَفات کے بعد خواب میں دیکھا کہ وہ پہلے آسمان پر فِرِشتوں کو نَماز پڑھا رہے ہیں۔ میں نے دَریافت کیا: اے اَبُوزُرْعَہ! کون سی عِبادت کے صلے میں آپ کو یہ اِعْزاز و اِکرام مِلا ہے۔ اُنہوں نے اِرشاد فرمایا: ”میں نے اپنے ہاتھ سے دس لاکھ حَدیثیں لکھی ہیں اور ہر حدیث میں ”عَنِ النَّبِیِّ“ کے بعد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمْ لکھا ہے اور تُم جانتے ہو کہ نَبِیِّ رَحمت صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمْ کا فرمانِ عالیشان ہے کہ جو مُسلمان ایک مرتبہ مُجھ پر دُرُود شریف بھیجتا ہے تو اللہ پاک اس پر دس رَحمتیں نازِل فرماتا ہے۔ یہ دُرُود شریف کی بَرَکت ہے کہ خُداوَندِ عالَم نے مجھے فِرِشتوں کا امام بنادیا ہے۔“

(شرح الصدور، باب فی نبذ من اخبار من رأی الموتی فی منامہ..الخ، ص294 ملخصًا)

اَلْحِزْبُ الرَّابِعُ
فِيْ يَوْمِ الْخَمِيْس

اَلْحِزْبُ الرَّابِعُ فِیْ یَوْمِ الْخَمِیْس

چوتھی منزل بروز جمعرات

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ

یااللہ! بے پڑھے غیب کی خبریں بتانے والے ہمارے سردار اور اپنے خاص بندے

وَ رَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

اور رسول حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی

مُحَمَّدٍ ۞ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

آل پر رحمتیں نازل فرما۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکُوْنُ لَكَ

ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر وہ رحمتیں نازل فرما جن سے تُو

رِضَآءً وَّ لَہٗ جَزَآءً وَّ لِحَقِّہٖٓ اَدَآءً وَّ اَعْطِہِ الْوَسِیْلَۃَ

راضی ہو، جو حضور کے لیے جزا ہوں اور حضور کا حق ادا ہو، حضور کو وسیلہ،

وَالْفَضِیْلَۃَ وَالْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ

فضیلت اور وہ مقامِ محمود عطا فرما جس کا تُو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے اور اُنہیں ہماری طرف

وَاجْزِہٖ عَنَّا مَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَاجْزِہٖٓ اَفْضَلَ مَا

سے وہ جزا عطا فرما جس کے حضور حق دار ہیں اور اُنہیں وہ سب سے اعلیٰ جزا عطا فرما جو تو نے کسی نبی

جَازَيْتَ نَبِيًّا عَنْ قَوْمِهٖ وَ رَسُوْلًا عَنْ اُمَّتِهٖ

عَلَيْهِ السَّلَام کو اُن کی قوم کی طرف سے اور کسی رسول عَلَيْهِ السَّلَام کو اُن کی امّت کی طرف سے عطا فرمائی

وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ اِخْوَانِهٖ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَ

اور حضور کے سب بھائیوں یعنی انبیائے کرام پر رحمتیں نازل فرما اور

الصّٰلِحِيْنَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ

سب نیک مسلمانوں پر رحمتیں نازل فرما اے ہر مہربان سے بڑھ کر مہربان۔ یا اللہ!

فَضَآئِلَ صَلَوَاتِكَ وَشَرَآئِفَ زَكَوَاتِكَ وَنَوَامِيَ

اپنی اعلیٰ رحمتیں، مبارک بھلائیاں، بڑھتی

بَرَكَاتِكَ وَعَوَاطِفَ رَأْفَتِكَ وَرَحْمَتِكَ وَتَحِيَّتِكَ

برکتیں، نرمی ورحمت وسلامتی کی مہربانیاں اور اعلیٰ

وَفَضَآئِلَ اٰلَآئِكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ

نعمتیں حضرت محمد صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کو عطا فرما۔ ہمارے وہ آقا جو رسولوں کے سردار ہیں،

وَرَسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ قَآئِدِ الْخَيْرِ وَفَاتِحِ

سب جہانوں کے ربّ کے رسول ہیں، بھلائی کے پیشوا ہیں، بھلائیوں کا دروازہ کھولنے

الْبِرِّ وَنَبِيِّ الرَّحْمَةِ وَسَيِّدِ الْاُمَّةِ ۞ اَللّٰهُمَّ

والے ہیں، رحمت والے نبی اور امّت کے سردار ہیں۔ یا اللہ! حضورِ اقدس صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

ابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا تُزْلِفُ بِهٖ قُرْبَهٗ وَ

وَسَلَّم کو اُس مقام (مقامِ محمود) پر فائز فرما جس پر سب حضور کی تعریف کریں اور جس سے تو حضور کو

تُقِرُّ بِهٖ عَيْنَهٗ يَغْبِطُهٗ بِهِ الْاَوَّلُوْنَ وَ الْاٰخِرُوْنَ ۞

قربِ خاص عطا فرمائے، حضور کی آنکھیں ٹھنڈی فرمائے اور سب اگلے پچھلے رشک کریں۔

اَللّٰهُمَّ اَعْطِهِ الْفَضْلَ وَ الْفَضِيْلَةَ وَ الشَّرَفَ

یااللہ! حضور صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کو فضل، فضیلت، بزرگی،

وَ الْوَسِيْلَةَ وَ الدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَ الْمَنْزِلَةَ

وسیلہ، بلند درجہ اور اونچا مرتبہ

الشَّامِخَةَ ۞ اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُحَمَّدَا نِ الْوَسِيْلَةَ

عطا فرما۔ یااللہ! حضرت محمد صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کو وسیلہ عطا فرما،

وَبَلِّغْهُ مَاْمُوْلَهٗ وَاجْعَلْهُ اَوَّلَ شَافِعٍ وَّ اَوَّلَ

حضور کی امیدیں پوری فرما، حضور کو پہلا شفاعت والا اور پہلا شفاعت کی

مُشَفَّعٍ ۞ اَللّٰهُمَّ عَظِّمْ بُرْهَانَهٗ وَثَقِّلْ مِيْزَانَهٗ

مقبولیت والا بنا۔ یااللہ! حضور کی دلیل کو بڑائی اور پختگی عطا فرما، حضور والوں کے

وَاَبْلِجْ حُجَّتَهٗ وَارْفَعْ فِيْۤ اَهْلِ عِلِّيِّيْنَ دَرَجَتَهٗ

پلّے بھاری فرما، حضور کی حجّت کو واضح وغالب فرما، عالمِ بالا والوں میں حضور کا

وَفِيْ اَعْلَى الْمُقَرَّبِيْنَ مَنْزِلَتَهٗ ۞ اَللّٰهُمَّ اَحْيِنَا

درجہ بلند فرما اور اعلیٰ قرب والوں میں حضور کا مرتبہ اونچا فرما۔ یااللہ! ہمیں

عَلٰى سُنَّتِهٖ وَتَوَفَّنَا عَلٰى مِلَّتِهٖ وَاجْعَلْنَا مِنْ

حضور کی سنّت پر زندہ رکھ اور حضور کے دین پر ہی موت عطا فرمانا، ہمیں حضور کی

اَهْلِ شَفَاعَتِهٖ وَاحْشُرْنَا فِيْ زُمْرَتِهٖ وَاَوْرِدْنَا

شفاعت پانے والوں میں سے بنادے، ہمیں حضور کی جماعت میں اٹھانا، حضور کے

حَوْضَهٗ وَاسْقِنَا مِنْ كَاْسِهٖ غَيْرَ خَزَايَا وَلَا

حوضِ کوثر پر آنا نصیب فرمانا اور حوضِ کوثر کا یوں جام پلانا کہ نہ ہم رسوا ہوں، نہ

نَادِمِيْنَ وَلَا شَاكِّيْنَ وَلَا مُبَدِّلِيْنَ وَلَا مُغَيِّرِيْنَ

شرمندہ ہوں، نہ بے یقینی میں ہوں، نہ ہم نے حضور کے دین میں تحریف کی ہو، نہ حضور کی سنّت

وَلَا فَاتِنِيْنَ وَلَا مَفْتُوْنِيْنَ اٰمِيْنَ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۞

بدلی ہو، نہ فتنے میں ڈالا ہو اور نہ فتنے میں پڑے ہوں۔ میری دُعا قبول فرمالے اے سب جہانوں کے مالک۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاَعْطِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ

محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر رحمتیں نازل فرما اور حضور کو وسیلہ، فضیلت

وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَ ابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ

اور بلند درجہ عطا فرما اور اُنہیں مقامِ محمود پر فائز فرما جس کا

الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ مَعَ اِخْوَانِهِ النَّبِیّٖنَ صَلَّى

تو نے ان سے، ان کے بھائیوں یعنی انبیائے کرام عَلَیْہِمُ السَّلَام کے ساتھ وعدہ فرمایا

اللّٰهُ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَّبِیِّ الرَّحْمَةِ وَ سَیِّدِ

اللہ پاک ہمارے سردار، نبیِّ رحمت، سردارِ امّت حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر،

الْاُمَّةِ وَعَلٰٓى اَبِیْنَا سَیِّدِنَآ اٰدَمَ وَ اُمِّنَا سَیِّدَتِنَا

ہمارے والدِ گرامی ہمارے سردار حضرت آدم عَلَیْہِ السَّلَام اور ہماری والدۂ ماجدہ حضرت

حَوَّآءَ وَ مَنْ وَّلَدَا مِنَ النَّبِیّٖنَ وَ الصِّدِّیْقِیْنَ

سیِّدہ حوّا رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا پر اور آپ دونوں ہستیوں کی اولاد میں سب نبیّوں، صدّیقوں،

وَ الشُّهَدَآءِ وَ الصّٰلِحِیْنَ وَصَلِّ عَلٰى مَلٰٓئِكَتِكَ

شہیدوں اور سب نیک بندوں پر رحمتیں نازل فرمائے اور اپنے تمام فرشتوں پر جو

اَجْمَعِیْنَ مِنْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرَضِیْنَ وَ

آسمانوں اور زمینوں میں ہیں اور اُن سب کے ساتھ ہم پر بھی

عَلَیْنَا مَعَهُمْ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ

رحمتیں نازل فرما اے ہر مہربان سے بڑھ کر مہربان۔ یااللہ! میرے سب گناہ

اغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ

بخش دے اور میرے ماں باپ کو بخش دے اور اُن دونوں پر رحم فرما جیسا کہ ان

صَغِيْرًا وَّ لِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَ

دونوں نے میرے بچپن میں مجھے پالا، سب ایمان والوں ایمان والیوں ،

الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَ

مسلمان مردوں، مسلمان عورتوں، زندہ مسلمانوں اور فوت شدہ

الْاَمْوَاتِ وَ تَابِعْ بَيْنَنَا وَ بَيْنَهُمْ بِالْخَيْرٰتِ

مسلمانوں کو بخش دے اور ہمیں بھلائیوں نیکیوں میں اُن سے ملادے۔

﴿رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿١١٨﴾﴾

اے میرے ربّ! بخش دے اور رحم فرما اور تُو سب سے بہتر رحم فرمانے والا ہے۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۞

بلندی وعظمت والے اللہ ہی کی عطا سے نیکی کرنے اور گناہ سے بچنے کی طاقت ملتی ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُّوْرِ الْاَنْوَارِ

یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر رحمتیں نازل فرما جو سب سے عظیم نور ہیں،

وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَسَيِّدِ الْاَبْرَارِ وَزَيْنِ الْمُرْسَلِيْنَ

سب سے بڑا خزینہ ہیں، سب نیکوں کے سردار ہیں، معزّز رسولوں کی زینت

اَلْاَخْيَارِ وَاَكْرَمِ مَنْ اَظْلَمَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ وَ

ہیں، رات کے اندھیرے میں ڈوبنے والے

اَشْرَقَ عَلَيْهِ النَّهَارُ عَدَدَ مَا نَزَلَ مِنْ اَوَّلِ

اور دن کی روشنی میں آشکار ہونے والے ہر وجود سے زیادہ معزّز ہیں۔ اتنی رحمتیں

الدُّنْيَا اِلٰى اٰخِرِهَا مِنْ قَطْرِ الْاَمْطَارِ وَعَدَدَ

نازل فرما جتنے دُنیا کی ابتدا سے انتہا تک آسمان نے قطرے برسائے

مَا نَبَتَ مِنْ اَوَّلِ الدُّنْيَا اِلٰى اٰخِرِهَا مِنَ النَّبَاتِ

اور جتنے دُنیا کی ابتدا سے انتہا تک زمین نے درخت

وَالْاَشْجَارِ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ

اور پودے اُگائے، وہ رحمتیں جو سب پر غالب ایک اللہ کی بادشاہی کے دوام کے

الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ۞

ساتھ ہمیشہ برستی رہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر وہ رحمتیں نازل فرما جن سے تُو

تُكْرِمُ بِهَا مَثْوٰهُ وَتُشَرِّفُ بِهَا عُقْبٰهُ وَتُبَلِّغُ

حضور کے درجات کو اور معزّز اور حضور کی آخرت کو اور مشرّف فرمائے اور قیامت کے دن

بِهَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مُنَاهُ وَ رِضَاهُ ۞ هٰذِهِ الصَّلٰوةُ

حضور کی سب تمنّائیں پوری فرمائے اور حضور کو راضی فرمائے۔ اے ہمارے سردار حضرت

تَعْظِيْمًا لِّحَقِّكَ يَا سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا ۞ (تین بار)

محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم! حضور کی تعظیم واحترام میں یہ درود شریف پیش ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَآءِ

یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر رحمتیں نازل فرما جن کے مبارک نام (محمد)

الرَّحْمَةِ وَ مِيْمَيِ الْمُلْكِ وَ دَالِ الدَّوَامِ السَّيِّدِ

میں رحمت کی حاء ہے، (دنیا و آخرت کی) بادشاہی کے دو میم ہیں اور دوام و ہمیشگی کی دال ہے۔ جو سردار ہیں،

الْكَامِلِ الْفَاتِحِ الْخَاتِمِ عَدَدَ مَا فِيْ عِلْمِكَ

کامل ہیں، ہر بھلائی کا دروازہ کھولنے والے ہیں، نبوّت کا دروازہ بند فرمانے والے ہیں، اتنی رحمتیں جتنی

كَآئِنٌ اَوْ قَدْ كَانَ كُلَّمَا ذَكَرَكَ وَ ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ

چیزیں تیرے علمِ ازلی کے مطابق واقع ہونے والی ہیں یا واقع ہوگئی ہیں، حضور پر رحمتیں نازل فرما جب جب

وَ كُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِكَ وَ ذِكْرِهِ الْغٰفِلُوْنَ ۞

یاد کرنے والے تجھے اور ہمارے حضور کو یاد کریں اور جب جب غفلت والے تیری اور ہمارے آقا کی یاد سے

صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِكَ بَاقِيَةً بِبَقَآئِكَ

محروم رہیں۔ وہ رحمتیں جو تیرے دوام کے ساتھ ہمیشہ برستی رہیں، تیری بقا کے ساتھ

لَا مُنْتَهٰى لَهَا دُوْنَ عِلْمِكَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ

باقی رہیں اور تیرے علم کی انتہا سے پہلے ان کی کوئی انتہا نہ ہو (اور علمِ الٰہی کی کوئی انتہا نہیں)۔ بیشک

شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۞ (تین بار)

تُو سب کچھ کر سکتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

یااللہ! بے پڑھے غیب کی خبریں بتانے والے ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر

وَعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ ھُوَ اَبْھٰی

اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر رحمتیں نازل فرما۔ ہمارے وہ آقا

شُمُوْسِ الْھُدٰی نُوْرًا وَّ اَبْھَرُھَا وَاَسْیَرُ الْاَنْبِیَآءِ

جو ہدایت کے سورجوں میں سب سے حسین و درخشاں ہیں، سب نبیّوں میں سب سے

فَخْرًا وَّ اَشْھَرُھَا وَنُوْرُہٗٓ اَزْھَرُ اَنْوَارِ الْاَنْبِیَآءِ وَ

مشہور و معروف شان والے ہیں، جن کا نور سب نبیّوں کے نوروں سے زیادہ روشن و

اَشْرَفُھَا وَ اَوْضَحُھَا وَ اَزْکَی الْخَلِیْقَةِ اَخْلَاقًا

برتر و آشکار ہے، سب سے عمدہ اخلاق

وَّ اَطْھَرُھَا وَاَکْرَمُھَا خَلْقًا وَّاَعْدَلُھَا ۞ اَللّٰھُمَّ

والے ہیں، سب سے پاکیزہ، عمدہ اور متناسب ذات والے ہیں۔ یااللہ! بے پڑھے

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِۨ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰٓى

غیب کی خبریں بتانے والے ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِۨ الَّذِیْ هُوَ اَبْهٰى مِنَ

سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر رحمتیں نازل فرما۔ ہمارے وہ آقا جو چودھویں

الْقَمَرِ التَّآمِّ وَاَكْرَمُ مِنَ السَّحَابِ الْمُرْسَلَةِ

کے چاند سے زیادہ حَسین ہیں اور (بارش کے لیے) چلائے گئے بادل اور عظیم و گراں

وَالْبَحْرِ الْخَطِمِ[1] ۞

سمندر سے زیادہ کَریم ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِ نَا مُحَمَّدِ ِۨ النَّبِيِّ

یااللہ! بے پڑھے غیب کی خبریں بتانے والے ہمارے آقا حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

الْاُمِّيِّ وَعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِۨالَّذِیْ

پر اور ہمارے آقا حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر رحمتیں نازل فرما۔ ہمارے وہ آقا جن کی

---

1 ... مختلف نسخوں میں یہ لفظ اس طرح ہے: اَلْخَطِم، اَلْخِظَمِّ، اَلْخِضَمِّ اور اَلطَّامِّ۔ اَلْبَحْرِ الْخَطِم کے معنی ہوں گے ”عظیم و جلیل سمندر“ اَلْبَحْرِ الْخِظَمِّ اور اَلْبَحْرِ الْخِضَمِّ کے ”بہت پانی والا سمندر“ اور اَلْبَحْرِ الطَّامِّ کے معنی ہوں گے ”بھرا ہوا سمندر“۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ المدینۃ العلمیۃ

قُرِنَتِ الْبَرَكَةُ بِذَاتِهٖ وَمُحَيَّاهُ وَتَعَطَّرَتِ

پاکیزہ ہستی اور مبارک چہرے سے برکتیں وابستہ ہیں اور جن کے خوش گوار تذکرے کی

الْعَوَالِمُ بِطِيْبِ ذِكْرِهٖ وَرَيَّاهُ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

مہک سے اور حضور کی پیاری خوشبو سے سب عالم مہک رہے ہیں۔ یااللہ! ہمارے

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ ۞ اَللّٰهُمَّ

آقا حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر اور حضور کی آل پر رحمت و سلامتی نازل فرما۔ یااللہ!

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

ہمارے آقا حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے آقا حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی آل پر

مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

درودیں نازل فرما اور ہمارے آقا حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّارْحَمْ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی آل پر برکتیں نازل فرما اور ہمارے آقا حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر

وَّاٰلَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ

اور ہمارے آقا حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی آل پر رحمت فرما جیسا کہ تُو نے ہمارے سردار

وَتَرَحَّمْتَ عَلٰى سَيِّدِنَآ اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ

ابراہیم عَلَيْهِ السَّلَام پر اور ہمارے سردار ابراہیم عَلَيْهِ السَّلَام کی آل پر درودیں، برکتیں

سَيِّدِنَآ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۞

اور رحمتیں نازل فرمائیں، بے شک تُو سب خوبیوں والا عزّت والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ

یااللہ! ہمارے سردار اور بے پڑھے غیب کی خبریں بتانے والے اپنے بندے

نَبِيِّكَ وَ رَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ عَلٰٓى اٰلِ

نبی ورسول حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی آل پر رحمتیں نازل فرما۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّلْءَ الدُّنْيَا

محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی آل پر دنیا

وَ مِلْءَ الْاٰخِرَةِ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

وآخرت کے احاطے جتنی درودیں نازل فرما اور ہمارے سردار حضرت

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّلْءَ الدُّنْيَا وَ مِلْءَ

محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی آل پر دُنیا وآخرت کے

الْاٰخِرَةِ وَ ارْحَمْ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا وَّاٰلَ سَيِّدِنَا

احاطے جتنی برکتیں نازل فرما اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار

مُحَمَّدٍ مِّلْءَ الدُّنْيَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَةِ وَاجْزِ سَيِّدَنَا

حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی آل پر دُنیا و آخرت کے احاطے جتنی رحمتیں نازل فرما اور ہمارے

مُحَمَّدًا وَّاٰلَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّلْءَ الدُّنْيَا وَمِلْءَ

سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کو اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی آل کو دُنیا

الْاٰخِرَةِ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

و آخرت کے احاطے جتنی جزا عطا فرما اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّلْءَ الدُّنْيَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَةِ ۞

سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی آل پر دُنیا و آخرت کے احاطے جتنی سلامتیاں نازل فرما۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَآ اَمَرْتَنَآ اَنْ

یا اللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر رحمتیں نازل فرما جیسا کہ تُو نے ہمیں درود

نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا

شریف پڑھنے کا حکم ارشاد فرمایا ہے اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر رحمتیں

يَنْۢبَغِيْٓ اَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى نَبِيِّكَ

نازل فرما جیسا کہ حضور پر درود شریف پڑھنا چاہیے۔ یا اللہ! اپنے منتخب نبی، پسندیدہ رسول،

الْمُصْطَفٰى وَرَسُوْلِكَ الْمُرْتَضٰى وَوَلِيِّكَ الْمُجْتَبٰى

چُنے ہوئے دوست اور آسمانی وحی کے امانت دار حضورِ اقدس صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر

وَاَمِيْنِكَ عَلٰى وَحْيِ السَّمَآءِ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

رحمتیں نازل فرما۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر رحمتیں نازل فرماجو

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَكْرَمِ الْاَسْلَافِ الْقَآئِمِ بِالْعَدْلِ

سب بزرگوں میں سب سے معزّز ہیں، حق وانصاف کا بول بالا فرمانے والے ہیں،

وَالْاِنْصَافِ الْمَنْعُوْتِ فِيْ سُوْرَةِ الْاَعْرَافِ الْمُنْتَخَبِ

سورۃُ الاعراف میں بھی اُن کی خوبیاں بیان ہوئیں، عالی رتبہ

مِنْ اَصْلَابِ الشُّرَّافِ وَالْبُطُوْنِ الظِّرَافِ الْمُصَفّٰى

مَردوں کی پیٹھوں اور ستھرے پیٹوں سے اُنہیں لایا گیا، حضرت

مِنْ مُّصَاصِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ ابْنِ عَبْدِ مَنَافِ نِ

عبدالمطلب بن (ہاشم بن) عبدِ مناف رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمْ کے عمدہ و نفیس صاحب زادے (حضرت عبدُ اللہ

الَّذِيْ هَدَيْتَ بِهٖ مِنَ الْخِلَافِ وَبَيَّنْتَ بِهٖ سَبِيْلَ

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ) کے بے مثل فرزند ہیں، اُن کے طُفیل تُو نے باہمی اختلاف سے نجات بخشی اور پاک

الْعَفَافِ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِاَفْضَلِ مَسْئَلَتِكَ

بازی کا راستہ واضح فرمایا۔ یااللہ! تیری بارگاہ کی بہترین دُعا کے ساتھ عرض کرتا ہوں اور تیرا جو

وَبِاَحَبِّ اَسْمَآئِكَ اِلَيْكَ وَاَكْرَمِهَا عَلَيْكَ وَبِمَا

نام تیرے یہاں سب سے زیادہ پسندیدہ اور معزّز ہے اُس نام کے ساتھ عرض کرتا ہوں اور تُو

مَنَنْتَ عَلَيْنَا بِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نَّبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ

نے ہمارے سردار ہمارے نبی حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کو مبعوث فرما کر ہم پر جو

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَنْقَذْتَنَا بِهٖ مِنَ الضَّلْلَةِ وَ

احسان فرمایا، حضور کے وسیلے سے ہمیں گمراہی سے بچایا، ہمیں حضور پر درود شریف

اَمَرْتَنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ وَجَعَلْتَ صَلَاتَنَا عَلَيْهِ

پڑھنے کا حکم ارشاد فرمایا، ہمارے درود شریف پڑھنے کو ہمارے مرتبے کی بلندی، ہمارے

دَرَجَةً وَّكَفَّارَةً وَّلُطْفًا وَّمَنًّا مِّنْ اِعْطَآئِكَ فَاَدْعُوْكَ

گناہوں کا کفّارہ، اپنا لطف وکرم اور اپنی عطاؤں اور احسانوں میں سے ایک احسان بنایا ان سب

تَعْظِيْمًا لِّاَمْرِكَ وَاتِّبَاعًا لِّوَصِيَّتِكَ وَمُنْتَجِزًا

کے ساتھ تیری بارگاہ میں عرض کرتا ہوں، تیرے حکم کی تعظیم، تیرے فرمان کی پیروی کرتے

لِّمَوْعُوْدِكَ لِمَا يَجِبُ لِنَبِيِّنَا سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور تیرے وعدوں کے پورا ہونے پر یقین رکھتے ہوئے تیری بارگاہ میں اُس بات کی دُعا کرتا ہوں جو

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اَدَآءِ حَقِّهٖ قِبَلَنَآ اِذْ

ہمارے نبی اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کا حق ادا کرنے کے لیے ہم پر ضروری

اٰمَنَّا بِهٖ وَصَدَّقْنَاهُ وَاتَّبَعْنَا النُّوْرَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ

ہے کیونکہ ہم نے حضور پر ایمان رکھا، حضور کی تصدیق اور اُس نور (قرآنِ کریم) کی پیروی کی جو حضور

مَعَهٗ وَقُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ ﴿ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ

کے ساتھ نازل ہو اور تُو فرماتا ہے اور تیرا فرمان حق ہے: ﴿بیشک اللہ اور اس کے فرشتے

يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا

درود بھیجتے ہیں اس غیب بتانے والے (نبی) پر اے ایمان والو ان پر درود اور خوب

عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿٥٦﴾ ﴾ (الاحزاب:٥٦) وَاَمَرْتَ

سلام بھیجو۔﴾ اور تُو نے بندوں کو اُن کے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر

الْعِبَادَ بِالصَّلٰوةِ عَلٰى نَبِيِّهِمْ فَرِيْضَةً ۢ افْتَرَضْتَهَا

درود شریف پڑھنے کا وہ حکم ارشاد فرمایا ہے جسے تُو نے لازم فرمایا ہے اور لوگوں کو اس

وَاَمَرْتَهُمْ بِهَا فَنَسْئَلُكَ بِجَلَالِ وَجْهِكَ وَنُوْرِ

کی تعمیل کا فرمایا ہے ہم تیری عزت و جلال، تیری عظمت کے جلووں کے وسیلے سے

عَظَمَتِكَ وَبِمَآ اَوْجَبْتَ عَلٰى نَفْسِكَ لِلْمُحْسِنِيْنَ

اور تُو نے نیکوں کا جو ثواب اپنے ذمّۂ کرم پر لیا ہے اس کے وسیلے سے تیری بارگاہ میں

اَنْ تُصَلِّيَ اَنْتَ وَمَلٰٓئِكَتُكَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

دُعا کرتے ہیں کہ ہمارے سردار، تیرے بندے، تیرے رسول، تیرے نبی، تیرے دوست

عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَنَبِيِّكَ وَصَفِيِّكَ وَخِيَرَتِكَ

اور سب مخلوق میں تیرے پسندیدہ بندے حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر تُو اور تیرے فرشتے

مِنْ خَلْقِكَ اَفْضَلَ مَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْ

وہ بہترین درود بھیجیں جو تُو نے اپنی کسی مخلوق پر نازل فرمائی،

خَلْقِكَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۞ اَللّٰهُمَّ ارْفَعْ دَرَجَتَهٗ

بے شک تُو سب خوبیوں والا عزّت والا ہے۔ یااللہ! حضور کے درجات بلند فرما، حضور

وَ اَكْرِمْ مَّقَامَهٗ وَ ثَقِّلْ مِيْزَانَهٗ وَ اَبْلِجْ حُجَّتَهٗ وَ

کا مرتبہ معزّز فرما، حضور والوں کے پلّے بھاری فرما، حضور کی حجّت کو واضح و آشکار فرما،

اَظْهِرْ مِلَّتَهٗ وَ اَجْزِلْ ثَوَابَهٗ وَ اَضِئْ نُوْرَهٗ وَ اَدِمْ

حضور کے دین کو غالب فرما، حضور کا ثواب عظیم فرما، حضور کا نور اور روشن فرما، حضور

كَرَامَتَهٗ وَ اَلْحِقْ بِهٖ مِنْ ذُرِّيَّتِهٖ وَ اَهْلِ بَيْتِهٖ

کی بزرگی کو دائمی فرما، حضور کی وہ پاکیزہ اولاد اور اہلِ بیت حضور سے مِلا دے جن سے تو

مَا تُقِرُّ بِهٖ عَيْنَهٗ وَ عَظِّمْهُ فِي النَّبِيِّيْنَ الَّذِيْنَ

حضور کی آنکھیں ٹھنڈی فرمائے اور حضور سے پہلے جو انبیائے کرام عَلَیْہِمُ السَّلَام تشریف لے جا چکے

خَلَوْا قَبْلَهٗ ۞ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا

ہیں اُن میں حضور کو عظمت عطا فرما۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

اَكْثَرَ النَّبِيِّيْنَ تَبَعًا وَّ اَكْثَرَهُمْ اُزَرَآءَ وَ اَفْضَلَهُمْ

کو نبیّوں میں سب سے زیادہ پیروکاروں اور مددگاروں والا،

كَرَامَةً وَّنُوْرًا وَّاَعْلٰهُمْ دَرَجَةً وَّاَفْسَحَهُمْ فِي الْجَنَّةِ

سب سے افضل بزرگی اور نور والا، سب سے اونچے درجے والا اور جنّت میں سب سے

مَنْزِلًا ۞ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِي السَّابِقِيْنَ غَايَتَهٗ وَ

کشادہ گھر والا بنا۔ یااللہ! حضور کی مراد کو سبقت والوں کی مرادوں میں فرما، حضور کی

فِي الْمُنْتَخَبِيْنَ مَنْزِلَهٗ وَفِي الْمُقَرَّبِيْنَ دَارَهٗ وَفِي

منزل کو چُنے ہوئے بندوں کی منزلوں میں، حضور کا گھر قرب والوں کے گھروں میں اور حضور کی

الْمُصْطَفَيْنَ مَنْزِلَهٗ ۞ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ

منزل کو پسندیدہ بندوں کی منزلوں میں فرما۔ یااللہ! حضور کو اپنی بارگاہ میں سب عزّت والوں

عِنْدَكَ مَنْزِلًا وَّاَفْضَلَهُمْ ثَوَابًا وَّاَقْرَبَهُمْ مَّجْلِسًا

سے زیادہ معزّز مقام والا، سب سے افضل ثواب والا، سب سے زیادہ قرب والا، سب

وَّاَثْبَتَهُمْ مَّقَامًا وَّاَصْوَبَهُمْ كَلَامًا وَّاَنْجَحَهُمْ

سے مضبوط منصب والا، سب سے درست کلام والا، سب سے بامراد دعا والا،

مَّسْئَلَةً وَّاَفْضَلَهُمْ لَدَيْكَ نَصِيْبًا وَّاَعْظَمَهُمْ فِيْمَا

تیری بارگاہ میں سب سے اعلیٰ حصہ پانے والا اور تیرے انعامات میں سب سے

عِنْدَكَ رَغْبَةً وَّاَنْزِلْهُ فِيْ غُرُفَاتِ الْفِرْدَوْسِ مِنَ

زیادہ رغبت والا بنا اور جنّت الفردوس کے اُن اونچے مکانوں میں حضور کی مہمانی فرما

الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى الَّتِيْ لَا دَرَجَةَ فَوْقَهَا ۞ اَللّٰهُمَّ

جو سب سے اونچے درجات ہیں اور اُن سے اونچا درجہ کوئی نہیں۔ یااللہ! ہمارے

اجْعَلْ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا اَصْدَقَ قَآئِلٍ وَّ اَنْجَحَ

سردار حضرت محمد صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کو سب سے سچی بات والا، سب سے بامراد دعاوالا،

سَآئِلٍ وَّ اَوَّلَ شَافِعٍ وَّ اَفْضَلَ مُشَفَّعٍ وَّ شَفِّعْهُ

سب سے پہلے شفاعت کرنے والا اور سب سے افضل مقبول شفاعت والا بنا، حضور کی

فِيْ اُمَّتِهٖ بِشَفَاعَةٍ يَّغْبِطُهٗ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ

امّت کے حق میں حضور کی وہ شفاعت قبول فرما جس پر اگلے پچھلے حضور پر رشک کریں۔

وَاِذَا مَيَّزْتَ عِبَادَكَ بِفَصْلِ قَضَآئِكَ فَاجْعَلْ

اور جب تُو اپنے بندوں کو اپنے حق فیصلے کے ساتھ الگ الگ فرمائے تو ہمارے سردار

سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا فِي الْاَصْدَقِيْنَ قِيْلًا وَّفِي الْاَحْسَنِيْنَ

حضرت محمد صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کو سچی بات والوں، اچھے عمل والوں

عَمَلًا وَّفِي الْمَهْدِيِّيْنَ سَبِيْلًا ۞ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ

اور سیدھی راہ والوں سے فرمانا۔ یااللہ! ہمارے پیارے نبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کو

نَبِيَّنَا لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْ حَوْضَهٗ لَنَا مَوْعِدًا

ہمارا پیش رَو بنا اور ہمارے اگلوں پچھلوں کو حضور کے حوضِ کوثر پر

لِاَوَّلِنَا وَ اٰخِرِنَا ۞ اَللّٰهُمَّ احْشُرْنَا فِيْ زُمْرَتِهٖ وَ

حاضری نصیب فرما۔ یااللہ! ہمیں حضور کی جماعت میں اٹھا، حضور کی

اسْتَعْمِلْنَا فِيْ سُنَّتِهٖ وَتَوَفَّنَا عَلٰى مِلَّتِهٖ وَعَرِّفْنَا

سنّت پر چلنے کی توفیق عطا فرما، حضور کے دین پر ہی موت عطا فرما، حضور کے نورانی

وَجْهَهٗ وَاجْعَلْنَا فِيْ زُمْرَتِهٖ وَحِزْبِهٖ ۞ اَللّٰهُمَّ اجْمَعْ

چہرے کی معرفت عطا فرما اور ہمیں حضور کی جماعت اور حضور کے گروہ میں ہی رکھنا۔ یااللہ!

بَيْنَنَا وَ بَيْنَهٗ كَمَآ اٰمَنَّا بِهٖ وَلَمْ نَرَهٗ وَ لَا تُفَرِّقْ

ہمیں حضور صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کا ساتھ عطا فرمانا جیسے ہم حضور پر بے دیکھے ایمان لائے ہیں،

بَيْنَنَا وَ بَيْنَهٗ حَتّٰى تُدْخِلَنَا مَدْخَلَهٗ وَ تُوْرِدَنَا

ہمیں حضور سے جدا نہ فرمانا یہاں تک کہ تو ہمیں حضور کی تشریف آوری کی جگہ پر حاضری عطا فرمائے

حَوْضَهٗ وَ تَجْعَلَنَا مِنْ رُّفَقَآئِهٖ مَعَ الْمُنْعَمِ

ہمیں حضور کے حوضِ کوثر پر حاضر ہونا نصیب فرمائے اور جن پر تیرا فضل ہوا حضور

عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَ الشُّهَدَآءِ

کے اُن رفاقت والے نبیّوں، صدّیقوں، شہیدوں اور نیک لوگوں کے ساتھ ہمیں بھی

وَ الصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ۭ وَّ الْحَمْدُ

حضور کی رفاقت نصیب فرمائے یہ کیا ہی اچھے ساتھی ہیں۔ سب تعریفیں اللہ پاک کی

لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

ہیں جو سب جہان والوں کا ربّ ہے۔

اِبْتِدَآءُ الرُّبُعِ الثَّالِثُ

تیسری چوتھائی کی ابتدا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُّوْرِ الْهُدٰى

یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر رحمتیں نازل فرما جو ہدایت کے نور ہیں،

وَالْقَآئِدِ اِلَى الْخَيْرِ وَالدَّاعِيْ اِلَى الرُّشْدِ نَبِيِّ

بھلائی کے پیشوا ہیں، نیکی کے راستے کی طرف بُلاتے ہیں، نبیِّ

الرَّحْمَةِ وَاِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَرَسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

رحمت ہیں، پرہیز گاروں کے امام ہیں، پروردگارِ عالَم کے رسول ہیں اور حضور کے

لَا نَبِيَّ بَعْدَهٗ كَمَا بَلَّغَ رِسَالَتَكَ وَ نَصَحَ

بعد کوئی نبی نہیں۔ حضور پر رحمتیں نازل فرما کہ حضور نے تیرا پیغام پہنچادیا، تیرے بندوں کی

لِعِبَادِكَ وَتَلَآ اٰيَاتِكَ وَاَقَامَ حُدُوْدَكَ وَ وَفّٰى

خیر خواہی کی، تیری آیتیں تلاوت فرمائیں، تیری حدوں کو برقرار رکھا، تیرے عہد کی

بِعَهْدِكَ وَ اَنْفَذَ حُكْمَكَ وَ اَمَرَ بِطَاعَتِكَ وَ

پاس داری کی، تیرے احکامات کو نافذ کیا، تیری فرماں برداری کا حکم دیا،

نَهٰى عَنْ مَّعْصِيَتِكَ وَ وَالٰى وَلِيَّكَ الَّذِیْ

تیری نافرمانی سے منع کیا، تیرے اُس دوست سے دوستی رکھی جس کی دوستی

تُحِبُّ اَنْ تُوَالِيَهٗ وَ عَادٰى عَدُوَّكَ الَّذِیْ

تجھے پسند ہے اور تیرے اُس دشمن سے دشمنی رکھی جس سے دشمنی

تُحِبُّ اَنْ تُعَادِيَهٗ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا

تجھے پسند ہے۔ اور اللہ پاک ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر رحمتیں

مُحَمَّدٍ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى جَسَدِهٖ فِی الْاَجْسَادِ

نازل فرمائے۔ یااللہ! جسموں میں حضورِ اقدس صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے نورانی جسم پر،

وَعَلٰى رُوْحِهٖ فِی الْاَرْوَاحِ وَعَلٰى مَوْقِفِهٖ فِی

روحوں میں حضور کی رُوحِ مبارکہ پر، قیام گاہوں میں حضور کی

الْمَوَاقِفِ وَ عَلٰى مَشْهَدِهٖ فِی الْمَشَاهِدِ وَ

قیام گاہ پر، جگہوں میں حضور کی جلوہ گاہ پر اور جب حضور کو یاد کیا جائے تو یادِ حضور کی ایسی

عَلٰى ذِكْرِهٖۤ اِذَا ذُكِرَ صَلٰوةً مِّنَّا عَلٰى نَبِيِّنَا ۞

محفل پر رحمتیں نازل فرما ہماری طرف سے ہمارے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو یہ رحمتیں پہنچا۔

اَللّٰهُمَّ اَبْلِغْهُ مِنَّا السَّلَامَ كَمَا ذُكِرَ السَّلَامُ

یااللہ! حضور کو ہماری طرف سے ایسا سلام پہنچا جیسا سلام (درود و سلام کے حکم پر مشتمل آیت میں) مذکور

وَالسَّلَامُ عَلَى النَّبِيِّ وَ رَحْمَةُ اللهِ تَعَالٰى وَ

ہوا اور پیارے نبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر سلامتی اور بلندی والے اللہ کی رحمتیں اور

بَرَكَاتُهٗ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَلٰٓئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ

برکتیں ہوں۔ یااللہ! اپنے قرب والے فرشتوں پر، اپنے

وَعَلٰٓى اَنْۢبِيَآئِكَ الْمُطَهَّرِيْنَ وَعَلٰى رُسُلِكَ

پاکیزہ نبیّوں پر، اپنے بھیجے گئے رسولوں پر،

الْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى حَمَلَةِ عَرْشِكَ وَعَلٰى سَيِّدِنَا

اپنے عرش اٹھانے والے فرشتوں پر، ہمارے سردار حضرت

جِبْرِيْلَ وَسَيِّدِنَا مِيْكَآئِيْلَ وَسَيِّدِنَآ اِسْرَافِيْلَ

جبریل عَلَيْهِ السَّلَام، ہمارے سردار حضرت میکائیل عَلَيْهِ السَّلَام، ہمارے سردار حضرت اسرافیل عَلَيْهِ السَّلَام

وَسَيِّدِنَا مَلَكِ الْمَوْتِ وَ سَيِّدِنَا رِضْوَانَ

ہمارے سردار موت کے فرشتے (حضرت عزرائیل عَلَيْهِ السَّلَام)، ہمارے سردار جنّت کے دربان حضرت

خَازِنِ جَنَّتِكَ وَسَيِّدِنَا مَالِكٍ وَّ صَلِّ عَلٰى

رضوان عَلَيْهِ السَّلَام اور ہمارے سردار (داروغۂ جہنّم) حضرت مالک عَلَيْهِ السَّلَام پر رحمتیں نازل فرما۔

الْكِرَامِ الْكَاتِبِيْنَ وَصَلِّ عَلٰٓى اَهْلِ طَاعَتِكَ

(نامۂ اعمال لکھنے والے معزّز فرشتوں) کراماً کاتبین پر رحمتیں نازل فرما۔ آسمانوں اور

اَجْمَعِيْنَ مِنْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِيْنَ ۞

زمینوں والوں میں اپنے سب فرماں برداروں پر رحمتیں نازل فرما۔

اَللّٰهُمَّ اٰتِ اَهْلَ بَيْتِ نَبِيِّكَ اَفْضَلَ مَآ

یااللہ! اپنے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے اہلِ بیت پر وہ سب سے اعلیٰ انعام فرما

اٰتَيْتَ اَحَدًا مِّنْ اَهْلِ بُيُوْتِ الْمُرْسَلِيْنَ

جو تو نے رسولوں کے اہلِ بیت میں کسی پر فرمایا ہو اور

وَاجْزِ اَصْحَابَ نَبِيِّكَ اَفْضَلَ مَا جَازَيْتَ

اپنے پیارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے صحابیوں کو وہ سب سے اعلیٰ جزا عطا فرما

اَحَدًا مِّنْ اَصْحَابِ الْمُرْسَلِيْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ

جو تُو نے رسولوں کے صحابیوں میں کسی کو عطا فرمائی۔ یااللہ! سب

اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ

ایمان والوں، سب ایمان والیوں، سب مسلمان مردوں،

وَالْمُسْلِمَاتِ اَلْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ

سب مسلمان عورتوں، سب زندہ مسلمانوں اور سب فوت شدہ مسلمانوں کو بخش دے۔

وَ ﴿اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ

﴿ہمیں بخش دے اور ہمارے بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان لائے

وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ

اور ہمارے دل میں ایمان والوں کی طرف سے کینہ نہ رکھ اے رب ہمارے

اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٠﴾ ع﴾ (الحشر:١٠)

بیشک تو ہی نہایت مہربان رحم والا ہے۔﴾

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى النَّبِيِّ الْهَاشِمِيِّ سَيِّدِنَا

یااللہ! ہمارے سردار، ہاشمی نبی حضرت

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا ۞

محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر اور حضور کے آل واصحاب پر رحمتیں اور بہت سلامتی نازل فرما۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْبَرِيَّةِ

یااللہ! سب مخلوق سے بہترین ہستی ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر

صَلٰوةً تُرْضِيْكَ وَتُرْضِيْهِ وَتَرْضٰى بِهَا عَنَّا

وہ رحمتیں نازل فرما جن سے تُو راضی ہو تیرے حبیب راضی ہوں اور جن کے صدقے تُو ہم سے

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

راضی ہو اے ہر مہربان سے بڑھ کر مہربان۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت

مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ سَلِّمْ تَسْلِیْمًا

محمد صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر اور حضور کے آل واصحاب پر رحمتیں اور بہت

کَثِیْرًا طَیِّبًا مُّبٰرَکًا فِیْهِ جَزِیْلًا جَمِیْلًا دَآئِمًا

کثیر، پاکیزہ، بابرکت، عظیم، پیاری اور اللہ کی بادشاہی کے ساتھ ہمیشہ

بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی

برستے رہنے والی سلامتیاں نازل فرما۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِهٖ مِلْءَ الْفَضَآءِ

محمد صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر اور حضور کی آل پر فضا کے احاطے جتنی

وَ عَدَدَ النُّجُوْمِ فِی السَّمَآءِ صَلٰوةً تُوَازِنُ

اور آسمان کے ستاروں کی تعداد میں وہ رحمتیں نازل فرما جو

السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ وَ

آسمانوں اور زمین جتنی ہوں اور جتنی تُو نے مخلوقیں پیدا فرمائیں اور

مَآ اَنْتَ خَالِقُهٗٓ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ۞ اَللّٰهُمَّ

جتنی مخلوقیں پیدا فرمائے گا اتنی رحمتیں نازل فرما۔ یااللہ!

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَآ اِبْرَاهِيْمَ وَ

کی آل پر رحمتیں نازل فرما جیسا کہ تُو نے ہمارے سردار حضرت ابراہیم عَلَیْہِ السَّلَام پر رحمتیں نازل

بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

فرمائیں اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد

مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَآ اِبْرَاهِيْمَ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر سب جہانوں میں برکتیں نازل فرما جیسا کہ تُو نے ہمارے سردار حضرت

وَ عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَآ اِبْرَاهِيْمَ فِى الْعٰلَمِيْنَ

ابراہیم عَلَیْہِ السَّلَام پر اور ہمارے سردار حضرت ابراہیم عَلَیْہِ السَّلَام کی آل پر برکتیں نازل فرمائیں،

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۞

بے شک تُو سب خوبیوں والا عزّت والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِى

یا اللہ! میں تجھ سے دین، دنیا اور آخرت میں عفو و درگزر

الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۞ (تین بار)

اور عافیت مانگتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اسْتُرْنَا بِسِتْرِكَ الْجَمِيْلِ (تین بار)

یا اللہ! ہمیں اپنے جمیل پردے میں چھپائے رکھنا۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِحَقِّكَ الْعَظِيْمِ وَ بِحَقِّ

یااللہ! تیری عظیم شان کے وسیلے سے، تیری ذاتِ کریمہ کے نور کے وسیلے

نُوْرِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَبِحَقِّ عَرْشِكَ الْعَظِيْمِ

سے، تیرے عظمت والے عرش کے وسیلے سے،

وَ بِمَا حَمَلَ كُرْسِيُّكَ مِنْ عَظَمَتِكَ وَ جَلَالِكَ

تیری کرسی تیری جس عظمت، بزرگی،

وَ جَمَالِكَ وَبَهَآئِكَ وَقُدْرَتِكَ وَ سُلْطَانِكَ

جمال، حسن، قدرت اور بادشاہت کو لیے ہوئے ہے ان کے وسیلے سے اور

وَبِحَقِّ اَسْمَآئِكَ الْمَخْزُوْنَةِ الْمَكْنُوْنَةِ الَّتِيْ

تیرے اُن پوشیدہ و سربستہ ناموں کے وسیلے سے تیری بارگاہ میں دُعا مانگتا ہوں جن

لَمْ يَطَّلِعْ عَلَيْهَآ اَحَدٌ مِّنْ خَلْقِكَ ۞ اَللّٰهُمَّ

سے تیری مخلوق میں سے کسی کو آگاہی نہیں ہے۔ یااللہ!

وَاَسْئَلُكَ بِالْاِسْمِ الَّذِيْ وَضَعْتَهٗ عَلَى اللَّيْلِ

تجھ سے اُس نام کے وسیلے سے دُعا مانگتا ہوں جسے تُو نے رات پر رکھا تو وہ

فَاَظْلَمَ وَعَلَى النَّهَارِ فَاسْتَنَارَ وَعَلَى السَّمٰوٰتِ

تاریک ہوئی، دن پر رکھا تو وہ روشن ہوا، آسمانوں پر رکھا

فَاسْتَقَلَّتْ وَعَلَى الْاَرْضِ فَاسْتَقَرَّتْ وَعَلَى

تو وہ بلند ہوئے، زمین پر رکھا تو وہ مضبوطی سے ٹھہر گئی،

الْجِبَالِ فَاَرْسَتْ وَعَلَى الْبِحَارِ وَالْاَوْدِيَةِ

پہاڑوں پر رکھا تو وہ جم گئے، سمندروں اور نشیبی نالوں پر رکھا تو

فَجَرَتْ وَعَلَى الْعُيُوْنِ فَنَبَعَتْ وَعَلَى السَّحَابِ

وہ بہہ نکلے، چشموں پر رکھا تو وہ پھوٹ پڑے اور بادل پر رکھا

فَاَمْطَرَتْ ۞ وَاَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِالْاَسْمَآءِ

تو وہ برسنے لگا۔ یااللہ! میں تجھ سے ان ناموں کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جو ہمارے

الْمَكْتُوْبَةِ فِيْ جَبْهَةِ سَيِّدِنَآ اِسْرَافِيْلَ عَلَيْهِ

سردار حضرت اسرافیل عَلَیْہِ السَّلَام کی پیشانی پر لکھے ہوئے ہیں

السَّلَامُ وَ بِالْاَسْمَآءِ الْمَكْتُوْبَةِ فِيْ جَبْهَةِ

اور اُن ناموں کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جو ہمارے سردار حضرت

سَيِّدِنَا جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَعَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ

جبریل عَلَیْہِ السَّلَام کی پیشانی پر لکھے ہوئے ہیں، حضرت جبریل عَلَیْہِ السَّلَام پر اور

الْمُقَرَّبِيْنَ ۞ وَ اَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِالْاَسْمَآءِ

قرب والے فرشتوں پر سلامتی ہو۔ یااللہ! میں تجھ سے اُن ناموں کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں

اَلْمَكْتُوْبَةِ حَوْلَ الْعَرْشِ وَ اَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ

جو عرش کے گرد لکھے ہوئے ہیں اور اُن ناموں کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جو

بِالْاَسْمَآءِ الْمَكْتُوْبَةِ حَوْلَ الْكُرْسِيِّ وَاَسْئَلُكَ

کرسی کے گرد لکھے ہوئے ہیں اور اُس نام کے

اللّٰهُمَّ بِالْاِسْمِ الْمَكْتُوْبِ عَلٰى وَرَقِ الزَّيْتُوْنِ ۞

وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جو زیتون کے پتّوں پر لکھا ہوا ہے۔

عَرش کا سایہ کِس کو ملے گا؟

سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اِرشاد فرماتے ہیں: ثَلَاثَةٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ تَحْتَ عَرْشِ اللّٰهِ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهٗ قیامت کے روز جب کہ کے عرش کے سوا کوئی سایہ نہیں ہوگا تین شخص اللہ پاک کے عرش کے سائے میں ہوں گے، عرض کی گئی: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم! وہ کون لوگ ہوں گے؟ ارشاد فرمایا: ﴿1﴾ مَنْ فَرَّجَ عَنْ مَكْرُوْبِ اُمَّتِیْ یعنی وہ شخص جو میرے کسی اُمَّتی کی پریشانی دُور کردے ﴿2﴾ وَمَنْ اَحْيَا سُنَّتِیْ میری سُنَّت کو زِندہ کرنے والا ﴿3﴾ وَمَنْ اَكْثَرَ الصَّلَاةَ عَلَیَّ اور مجھ پر کثرت سے دُرُود شریف پڑھنے والا۔ (بستان الواعظین لابن الجوزی، ص240)

اپنی اَولاد کو تین باتیں سکھاؤ

نبی رحمت، شفیع امت صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا فرمانِ تربیت نشان ہے: اَدِّبُوْا اَوْلَادَکُمْ عَلٰی ثَلَاثِ خِصَالٍ یعنی اپنی اَولاد کو تین باتیں سکھاؤ ﴿1﴾ حُبِّ نَبِیِّکُمْ اپنے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی مَحَبَّت ﴿2﴾ وَحُبِّ اَھْلِ بَیْتِہٖ اَہلِ بیت (عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان) کی مَحَبَّت ﴿3﴾ وَقِرَاءَۃِ الْقُرْاٰنِ اور تلاوتِ قُرآن فَاِنَّ حَمَلَۃَ الْقُرْاٰنِ فِیْ ظِلِّ اللّٰہِ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ یَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّہٗ مَعَ اَنْبِیَائِہٖ وَاَصْفِیَائِہٖ کیونکہ قُرآنِ پاک پڑھنے والے لوگ اَنبیا و اَصْفِیا عَلَیْہِمُ السَّلام کے ساتھ اللہ پاک کے سایۂ رَحمت میں ہوں گے جس دن اس کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہو گا۔

(جامع صغیر، حرف الھمزۃ، ص۲۵، حدیث: 311)

سفینۂ نوح

حضرت سَیِّدُنا ابوذَر غفاری رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: میرے اَہلِ بیت کی مثال نوح عَلَیْہِ السَّلَام کی کشتی کی طرح ہے جو اس میں سوار ہوا اس نے نجات پائی اور جو رہ گیا وہ غرق ہوا۔ (الصواعق المحرقہ، ص 186، ملتان)



اَلْحِزْبُ الْخَامِسُ
فِيْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ



اَلْحِزْبُ الْخَامِسُ فِیْ یَوْمِ الْجُمُعَةِ

پانچویں منزل بروز جمعہ

وَاَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِالْاَسْمَآءِ الْعِظَامِ الَّتِیْ سَمَّیْتَ

یااللہ! میں تجھ سے سبھی عظمت والے ناموں کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جو

بِهَا نَفْسَكَ مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَ مَا لَمْ اَعْلَمْ

تیرے نام ہیں جنہیں میں جانتا ہوں اور جنہیں میں نہیں جانتا اور

وَاَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا

یااللہ! میں تجھ سے اُن ناموں کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جن کے ساتھ ہمارے

سَیِّدُنَآ اٰدَمُ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَ بِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ

سردار حضرت آدم عَلَیْہِ السَّلَام نے تیری بارگاہ میں دُعا کی ہے اور اُن ناموں کے وسیلے سے

دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَا نُوْحٌ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَ بِالْاَسْمَآءِ

دُعا کرتا ہوں جن کے ساتھ ہمارے سردار حضرت نوح عَلَیْہِ السَّلَام نے تیری بارگاہ میں دُعا

الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَا هُوْدٌ عَلَیْهِ السَّلَامُ

کی ہے اور اُن ناموں کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جن کے ساتھ ہمارے سردار حضرت ہود

وَ بِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَآ اِبْرَاهِیْمُ

عَلَیْہِ السَّلَام نے تیری بارگاہ میں دُعا کی ہے اور اُن ناموں کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جن کے ساتھ

عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ بِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا

ہمارے سردار حضرت ابراہیم عَلَیْہِ السَّلَام نے تیری بارگاہ میں دُعا کی ہے اور اُن ناموں کے وسیلے سے دُعا

سَیِّدُنَا صَالِحٌ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ بِالْاَسْمَآءِ

کرتا ہوں جن کے ساتھ ہمارے سردار حضرت صالح عَلَیْہِ السَّلَام نے تیری بارگاہ میں دُعا کی ہے اور اُن

الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَا یُوْنُسُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

ناموں کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جن کے ساتھ ہمارے سردار حضرت یونس عَلَیْہِ السَّلَام نے تیری بارگاہ

وَ بِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَآ اَیُّوْبُ

میں دُعا کی ہے اور اُن ناموں کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جن کے ساتھ ہمارے سردار حضرت ایوب

عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ بِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا

عَلَیْہِ السَّلَام نے تیری بارگاہ میں دُعا کی ہے اور اُن ناموں کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جن کے ساتھ

سَیِّدُنَا یَعْقُوْبُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ بِالْاَسْمَآءِ

ہمارے سردار حضرت یعقوب عَلَیْہِ السَّلَام نے تیری بارگاہ میں دُعا کی ہے اور اُن ناموں کے وسیلے سے دُعا

الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَا یُوْسُفُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

کرتا ہوں جن کے ساتھ ہمارے سردار حضرت یوسف عَلَیْہِ السَّلَام نے تیری بارگاہ میں دُعا کی ہے اور ان

وَ بِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَیِّدُنَا مُوْسٰی

ناموں کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جن کے ساتھ ہمارے سردار حضرت موسیٰ عَلَیْہِ السَّلَام نے تیری بارگاہ

عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ بِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا

میں دُعا کی ہے اور اُن ناموں کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جن کے ساتھ ہمارے سردار حضرت

سَيِّدُنَا هَارُوْنُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ بِالْاَسْمَآءِ

ہارون عَلَیْہِ السَّلَام نے تیری بارگاہ میں دُعا کی ہے اور اُن ناموں کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جن کے

الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا شُعَيْبٌ عَلَيْهِ السَّلَامُ

ساتھ ہمارے سردار حضرت شعیب عَلَیْہِ السَّلَام نے تیری بارگاہ میں دُعا کی ہے اور ان ناموں کے وسیلے

وَ بِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَآ اِسْمَاعِيْلُ

سے دُعا کرتا ہوں جن کے ساتھ ہمارے سردار حضرت اسماعیل عَلَیْہِ السَّلَام نے تیری بارگاہ میں دُعا کی

عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ بِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا

ہے اور ان ناموں کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جن کے ساتھ ہمارے سردار حضرت

سَيِّدُنَا دَاوٗدُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ بِالْاَسْمَآءِ

داؤد عَلَیْہِ السَّلَام نے تیری بارگاہ میں دُعا کی ہے اور اُن ناموں کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جن کے ساتھ

الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا سُلَيْمٰنُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

ہمارے سردار حضرت سلیمان عَلَیْہِ السَّلَام نے تیری بارگاہ میں دُعا کی ہے اور اُن ناموں کے وسیلے سے

وَ بِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا زَكَرِيَّا

دُعا کرتا ہوں جن کے ساتھ ہمارے سردار حضرت زکریا عَلَیْہِ السَّلَام نے تیری بارگاہ میں دُعا کی ہے اور ان

عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ بِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا

ناموں کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جن کے ساتھ ہمارے سردار حضرت

سَيِّدُنَا يَحْيٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ بِالْاَسْمَآءِ

یحییٰ عَلَیْہِ السَّلَام نے تیری بارگاہ میں دُعا کی ہے اور ان ناموں کے وسیلے سے دُعا کرتا

الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَآ اَرْمِيَآءُ عَلَيْهِ

ہوں جن کے ساتھ ہمارے سردار حضرت اَرْمِیاء عَلَیْہِ السَّلَام نے تیری بارگاہ میں دُعا کی ہے

السَّلَامُ وَ بِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا

اور ان ناموں کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جن کے ساتھ ہمارے سردار حضرت

شَعْيَآءُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ

شَعْیاء عَلَیْہِ السَّلَام نے تیری بارگاہ میں دُعا کی ہے اور ان ناموں کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جن کے

دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَآ اِلْيَاسُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

ساتھ ہمارے سردار حضرت الیاس عَلَیْہِ السَّلَام نے تیری بارگاہ میں دُعا کی ہے

وَ بِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا الْيَسَعُ

اور ان ناموں کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جن کے ساتھ ہمارے سردار حضرت یَسَع عَلَیْہِ السَّلَام نے

عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ بِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ

نے تیری بارگاہ میں دُعا کی ہے اور ان ناموں کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جن کے

بِهَا سَيِّدُنَا ذُوالْكِفْلِ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ

ساتھ ہمارے سردار حضرت ذُو الکفل عَلَیْہِ السَّلَام نے تیری بارگاہ میں دُعا کی ہے اور

بِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا يُوْشَعُ

ان ناموں کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جن کے ساتھ یُوشَع عَلَیْہِ السَّلَام نے تیری

عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ بِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ

بارگاہ میں دُعا کی ہے اور ان ناموں کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جن کے

بِهَا سَيِّدُنَا عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

ساتھ ہمارے سردار حضرت عیسیٰ بن مریم عَلَیْہِ السَّلَام نے تیری بارگاہ میں دُعا کی ہے

وَ بِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ

اور ان ناموں کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جن کے ساتھ ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۞ وَعَلٰى جَمِيْعِ النَّبِيِّيْنَ

وَسَلَّم نے تیری بارگاہ میں دُعا کی ہے اللہ پاک ہمارے حضور پر اور سب نبیّوں اور رسولوں پر رحمتیں

وَالْمُرْسَلِيْنَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور سلامتیاں نازل فرمائے۔ میں (ان سب وسیلوں سے) یہ دُعا کرتا ہوں کہ (یا اللہ!) تُو ہمارے سردار

نَّبِيِّكَ عَدَدَ مَا خَلَقْتَه مِنْ قَبْلِ اَنْ تَكُوْنَ

حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اتنی رحمتیں نازل فرمائے جتنی مخلوقیں تُو نے

السَّمَآءُ مَبْنِیَّةً وَّالْاَرْضُ مَدْحِیَّةً وَّالْجِبَالُ

آسمان کے بنائے جانے، زمین کے پھیلائے جانے، پہاڑوں کے

مُرْسَاةً وَّالْبِحَارُ مُجْرَاةً وَّالْعُیُوْنُ مُنْفَجِرَةً

جمائے جانے، دریاؤں کے بہائے جانے، چشموں کے پھوٹنے،

وَّ الْاَنْهَارُ مُنْهَمِرَةً وَّ الشَّمْسُ مُضْحِیَةً وَّ

نہروں کے چلنے، سورج کے نکلنے،

الْقَمَرُ مُضِیْٓئًا وَّالْكَوَاكِبُ مُسْتَنِیْرَةً كُنْتَ

چاند کے چمکنے اور تاروں کے دمکنے سے پہلے پیدا فرمائیں۔ تُو تھا

حَیْثُ كُنْتَ لَا یَعْلَمُ اَحَدٌ حَیْثُ كُنْتَ اِلَّآ

جس شان میں تھا تیرے سوا کوئی نہیں جانتا کہ تُو کس شان میں تھا،

اَنْتَ وَحْدَكَ لَاشَرِیْكَ لَكَ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

تُو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں۔ یااللہ! ہمارے

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ حِلْمِكَ وَ صَلِّ

سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اپنے حِلم جتنی رحمتیں نازل فرما اور

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ عِلْمِكَ وَ صَلِّ

ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اپنے علم جتنی رحمتیں نازل فرما اور ہمارے

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ کَلِمَاتِكَ وَ صَلِّ

سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اپنے کلمات جتنی رحمتیں نازل فرما اور ہمارے

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ نِعْمَتِكَ وَ صَلِّ

سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اپنی نعمتوں جتنی رحمتیں نازل فرما اور ہمارے سردار

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّلْءَ سَمٰوٰتِكَ وَصَلِّ

حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اپنے آسمانوں کے احاطے جتنی رحمتیں نازل فرما اور

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّلْءَ اَرْضِكَ وَصَلِّ

ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اپنی زمین کے احاطے جتنی رحمتیں نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّلْءَ عَرْشِكَ وَصَلِّ

اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اپنے عرش کے احاطے جتنی رحمتیں نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ زِنَةَ عَرْشِكَ وَصَلِّ

اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اپنے عرش کے وزن جتنی رحمتیں نازل فرما اور

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا جَرٰی بِهِ الْقَلَمُ

ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اتنی رحمتیں نازل فرما جتنی چیزوں کی

فِیْ اُمِّ الْكِتَابِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

لوحِ محفوظ میں قلم نے تقدیر لکھی اور تو نے اپنے سات آسمانوں میں جتنی

عَدَدَ مَا خَلَقْتَ فِیْ سَبْعِ سَمٰوٰتِكَ وَصَلِّ عَلٰی

مخلوقیں پیدا فرمائیں اور قیامت تک سات آسمانوں میں جتنی

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَآ اَنْتَ خَالِقٌ فِیْهِنَّ

مخلوقیں تُو پیدا فرمائے گا اُتنی رحمتیں روزانہ ہزار مرتبہ

اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ فِیْ كُلِّ یَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۞ اَللّٰهُمَّ

ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر نازل فرما۔ یااللہ!

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ قَطْرَةٍ

تیرے دُنیا بنانے سے قیامت کے دن تک

قَطَرَتْ مِنْ سَمٰوٰتِكَ اِلٰٓی اَرْضِكَ مِنْ یَّوْمٍ

تیرے آسمانوں سے زمین پر جتنے قطرے برسے اُتنی

خَلَقْتَ الدُّنْیَآ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ فِیْ كُلِّ یَوْمٍ

رحمتیں روزانہ ہزار مرتبہ ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

اَلْفَ مَرَّةٍ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

پر نازل فرما۔ یااللہ! تیرے دُنیا بنانے سے قیامت کے دن تک

عَدَدَ مَنْ یُّسَبِّحُكَ وَ یُهَلِّلُكَ وَ یُكَبِّرُكَ وَ

جتنے لوگ تیری پاکی بیان کریں، تیری خُدائی کی گواہی دیں اور تیری بڑائی اور

يُعَظِّمُكَ مِنْ يَّوْمٍ خَلَقْتَ الدُّنْيَآ اِلٰى يَوْمِ

عظمت بیان کریں اُتنی رحمتیں روزانہ ہزار مرتبہ ہمارے سردار حضرت محمد

الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر نازل فرما۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَنْفَاسِهِمْ وَ اَلْفَاظِهِمْ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر ان (تیری پاکی، خدائی، بڑائی اور عظمت بیان کرنے والوں) کی سانسوں اور اُن

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ نَسَمَةٍ خَلَقْتَهَا

کے کہے حرفوں جتنی رحمتیں نازل فرما اور تیرے دُنیا بنانے سے قیامت کے دن تک تُو نے

فِيْهِمْ مِّنْ يَّوْمٍ خَلَقْتَ الدُّنْيَآ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

(اِن ذِکر والوں کی) جتنی جانیں پیدا فرمائیں اُتنی رحمتیں روزانہ ہزار مرتبہ حضرت محمد

فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر نازل فرما۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ

عَدَدَ السَّحَابِ الْجَارِيَةِ ۞ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر چلتے بادلوں جتنی رحمتیں نازل فرما۔ اور ہمارے سردار

مُحَمَّدٍ عَدَدَ الرِّيَاحِ الذَّارِيَةِ مِنْ يَّوْمٍ خَلَقْتَ

حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر روزانہ ہزار مرتبہ اُتنی رحمتیں

الدُّنْیَآ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ اَلْفَ مَرَّۃٍ ۞

نازل فرما جتنی تیرے دنیا بنانے سے قیامت تک بکھیر کر اُڑانے والی ہوائیں ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا

یااللہ! تیرے دُنیا بنانے سے قیامت تک جتنی شاخوں،

ھَبَّتْ عَلَیْہِ الرِّیَاحُ وَحَرَّکَتْہُ مِنَ الْاَغْصَانِ

درختوں، پتّوں، پھلوں اور تیری سب زمین کی

وَالْاَشْجَارِ وَالْاَوْرَاقِ وَالثِّمَارِ وَجَمِیْعِ

اور آسمانوں کے درمیان کی پیدا فرمائی ہوئی جتنی

مَا خَلَقْتَ عَلٰٓی اَرْضِكَ وَمَا بَیْنَ سَمٰوٰتِكَ

چیزوں پر ہوا چلی اور ہوا نے انھیں جُھمایا اُتنی

مِنْ یَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْیَآ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ فِیْ

رحمتیں روزانہ ہزار مرتبہ ہمارے سردار حضرت محمد

کُلِّ یَوْمٍ اَلْفَ مَرَّۃٍ ۞ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر نازل فرما۔ یااللہ! تیرے دُنیا بنانے سے

مُحَمَّدٍ عَدَدَ نُجُوْمِ السَّمَآءِ مِنْ یَّوْمِ خَلَقْتَ

قیامت کے دن تک آسمانوں پر جتنے ستارے ہیں اُتنی رحمتیں

اَلدُّنْیَآ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ اَلْفَ مَرَّۃٍ ۞

روزانہ ہزار مرتبہ ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّلْءَ اَرْضِكَ

یااللہ! تیری قدرت کے آثار اٹھائی ہوئی زمین کے احاطے

مِمَّا حَمَلَتْ وَاَقَلَّتْ مِنْ قُدْرَتِكَ ۞ اَللّٰھُمَّ

جتنی رحمتیں ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر نازل فرما۔ یااللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ

تُو نے ساتوں سمندروں میں جتنی مخلوقیں پیدا فرمائی ہیں

فِیْ سَبْعِ بِحَارِكَ مِمَّا لَا یَعْلَمُ عِلْمُہٗٓ اِلَّآ اَنْتَ

جنہیں تُو ہی جانتا ہے اور جتنی مخلوقیں قیامت تک پیدا فرمائے گا

وَ مَآ اَنْتَ خَالِقُہٗ فِیْھَآ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ فِیْ کُلِّ

اُتنی رحمتیں روزانہ ہزار مرتبہ ہمارے سردار حضرت محمد

یَوْمٍ اَلْفَ مَرَّۃٍ ۞ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر نازل فرما۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مِلْءِ سَبْعِ بِحَارِكَ وَ صَلِّ عَلٰی

اپنے ساتوں سمندروں کے احاطے جتنی رحمتیں نازل فرما اور تیری قدرت

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ زِنَۃَ سَبْعِ بِحَارِكَ مِمَّا حَمَلَتْ

کے آثار اٹھائے ہوئے ساتوں سمندروں کے وزن جتنی رحمتیں ہمارے سردار حضرت محمد

وَاَقَلَّتْ مِنْ قُدْرَتِكَ ۞ اَللّٰھُمَّ وَصَلِّ عَلٰی

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر نازل فرما۔ یااللہ! تیرے دُنیا بنانے سے

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَمْوَاجِ بِحَارِكَ مِنْ

قیامت کے دن تک تیرے سمندروں میں جتنی موجیں ہوئیں اُتنی رحمتیں

یَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْیَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ فِیْ کُلِّ

روزانہ ہزار مرتبہ ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

یَوْمٍ اَلْفَ مَرَّۃٍ ۞ اَللّٰھُمَّ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

پر نازل فرما۔ یااللہ! تیرے دُنیا بنانے سے قیامت کے دن تک

مُحَمَّدٍ عَدَدَ الرَّمْلِ وَالْحَصٰی فِیْ مُسْتَقَرِّ

زمینوں میں جتنی ٹھہراؤ کی جگہیں، ہموار جگہیں اور پہاڑ ہیں

الْاَرَضِیْنَ وَسَھْلِھَا وَجِبَالِھَا مِنْ یَّوْمٍ خَلَقْتَ

اور اُن میں جتنے ریت کے ذرے اور کنکر ہیں اُتنی رحمتیں روزانہ

الدُّنْیَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ اَلْفَ مَرَّۃٍ ۞

ہزار مرتبہ ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

یااللہ! تیرے دُنیا بنانے سے قیامت کے دن تک میٹھے

اِضْطِرَابِ الْمِیَاہِ الْعَذْبَۃِ وَالْمِلْحَۃِ مِنْ

پانیوں اور کھارے پانیوں میں جتنی مرتبہ پانی میں ہلچل ہوئی

یَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْیَآ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ فِیْ کُلِّ

اُتنی رحمتیں روزانہ ہزار مرتبہ ہمارے سردار حضرت محمد

یَوْمٍ اَلْفَ مَرَّۃٍ وَّصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر نازل فرما اور تیرے دُنیا بنانے سے

عَدَدَ مَا خَلَقْتَہٗ عَلٰی جَدِ یْدِ اَرْضِكَ فِیْ

قیامت کے دن تک روئے زمین میں، زمین کی ٹھہراؤ والی

مُسْتَقَرِّ الْاَرَضِیْنَ شَرْقِھَا وَغَرْبِھَا وَسَھْلِھَا

جگہوں میں، زمین کے مشرق ومغرب میں، ہموار جگہوں

وَجِبَالِھَا وَاَوْدِیَتِھَا وَطَرِیْقِھَا وَعَامِرِھَا

اور پہاڑوں میں، گھاٹیوں اور راستوں میں، آبادیوں اور

وَغَامِرِھَآ اِلٰی سَآئِرِ مَا خَلَقْتَہٗ عَلَیْھَا وَمَا

ویرانوں میں، زمین کے اندر اور زمین کے اوپر جتنے کنکر، گارا

فِيْهَا مِنْ حَصَاةٍ وَّمَدَرٍ وَّحَجَرٍ مِّنْ يَّوْمٍ خَلَقْتَ

اور پتھر تُو نے پیدا فرمائے اُتنی رحمتیں روزانہ ہزار مرتبہ

الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۞

ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر نازل فرما۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ عَدَدَ

یااللہ! تیرے دُنیا بنانے سے قیامت کے دن تک زمین کا اُگایا ہوا

نَبَاتِ الْاَرْضِ مِنْ قِبْلَتِهَا وَ شَرْقِهَا وَغَرْبِهَا

جو کچھ زمین کے قبلے کی طرف ہے، مشرق میں ہے، مغرب میں

وَسَهْلِهَا وَجِبَالِهَا وَاَوْدِيَتِهَا وَاَشْجَارِهَا

ہے، ہموار زمینوں میں ہے، پہاڑوں میں ہے، گھاٹیوں میں ہے،

وَثِمَارِهَا وَ اَوْرَاقِهَا وَ زُرُوْعِهَا وَ جَمِيْعِ مَا

جو درخت ہیں، پھل ہیں، پتّے ہیں، کھیتیاں ہیں اور زمین سے اُگنے

يَخْرُجُ مِنْ نَّبَاتِهَا وَ بَرَكَاتِهَا مِنْ يَّوْمٍ خَلَقْتَ

اور فائدہ دینے والی جو سب چیزیں ہیں اُتنی رحمتیں روزانہ ہزار

الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۞

مرتبہ ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا

یااللہ! تُو نے جتنے انسان، جنّات اور شیطان پیدا فرمائے اور

خَلَقْتَ مِنَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ وَالشَّیٰطِیْنِ وَ

جتنے قیامت تک پیدا فرمائے گا اُتنی رحمتیں روزانہ ہزار مرتبہ

مَا اَنْتَ خَالِقُہٗ مِنْھُمْ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ فِیْ کُلِّ

ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

یَوْمٍ اَلْفَ مَرَّۃٍ ۞ اَللّٰھُمَّ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

پر نازل فرما۔یااللہ! تیرے دُنیا بنانے سے قیامت کے دن تک

مُحَمَّدٍ عَدَدَ کُلِّ شَعْرَۃٍ فِیْ اَبْدَانِھِمْ وَفِیْ وُجُوْھِھِمْ

انسانوں کے جسموں، چہروں اور سروں پر جتنے بال اُگے اُتنی

وَعَلٰی رُءُوْسِھِمْ مُّنْذُ خَلَقْتَ الدُّنْیَآ اِلٰی یَوْمِ

رحمتیں روزانہ ہزار مرتبہ ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ

الْقِیٰمَۃِ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ اَلْفَ مَرَّۃٍ ۞ اَللّٰھُمَّ وَ صَلِّ

عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر نازل فرما۔یااللہ! تیرے دُنیا بنانے سے قیامت

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ خَفَقَانِ الطَّیْرِ وَ طَیَرَانِ

کے دن تک جتنی مرتبہ پرندے پھڑپھڑائے اور جن اور

اَلْجِنِّ وَالشَّيٰطِيْنِ مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَآ

شیطان اُڑے اُتنی رحمتیں روزانہ ہزار مرتبہ ہمارے سردار

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۞ اَللّٰهُمَّ

حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر نازل فرما۔ یااللہ!

وَ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ بَهِيْمَةٍ

تُو نے روئے زمین پر مشرق میں،

خَلَقْتَهَا عَلٰى جَدِيْدِ اَرْضِكَ مِنْ صَغِيْرٍ

مغرب میں، چھوٹے بڑے جان دار پیدا فرمائے،

اَوْ كَبِيْرٍ فِيْ مَشَارِقِ الْاَرْضِ وَمَغَارِبِهَا

جن ہوں یا انسان یا وہ ہوں

مِنْ اِنْسِهَا وَجِنِّهَا وَ مِمَّا لَا يَعْلَمُ عِلْمَهٗٓ

جنہیں تُو ہی جانتا ہے اُتنی رحمتیں روزانہ ہزار

اِلَّآ اَنْتَ مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَآ اِلٰى يَوْمِ

مرتبہ ہمارے سردار حضرت

الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۞ اَللّٰهُمَّ وَ صَلِّ

محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر نازل فرما۔ یااللہ! تیرے دُنیا

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ خُطَاهُمْ عَلٰی وَجْهِ

بنانے سے قیامت کے دن تک زمین پر اُن جان داروں کے

الْاَرْضِ مِنْ یَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْیَآ اِلٰی یَوْمِ

جتنے قدم پڑے اُتنی رحمتیں روزانہ ہزار مرتبہ ہمارے سردار

الْقِیٰمَةِ فِیْ كُلِّ یَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۞ اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ

حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر نازل فرما۔ یااللہ!

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ یُّصَلِّیْ عَلَیْهِ

ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر درود شریف پڑھنے والوں

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ لَّمْ یُصَلِّ

اور درود شریف سے محروم رہنے والوں کی تعداد میں رحمتیں نازل فرما، اور

عَلَیْهِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْقَطْرِ

ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر بارش کی بوندوں، قطروں اور زمین سے اُگی

وَالْمَطَرِ وَالنَّبَاتِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

سب چیزوں جتنی رحمتیں نازل فرما اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر تمام

عَدَدَ كُلِّ شَیْءٍ ۞ اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

چیزوں کی تعداد جتنی رحمتیں نازل فرما۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مُحَمَّدٍ فِی اللَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

پر رات میں رحمتیں نازل فرما جب رات چھا جائے اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

فِی النَّھَارِ اِذَا تَجَلّٰی وَ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

وَسَلَّم پر دن میں رحمتیں نازل فرما جب دن روشن ہو جائے اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

فِی الْاٰخِرَۃِ وَ الْاُوْلٰی وَ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر ہر اگلی اور پچھلی گھڑی میں رحمتیں نازل فرما اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

شَابًّا زَکِیًّا وَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَھْلًا

وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر حضور کی پاکیزہ و مبارک جوانی والی رحمتیں نازل فرما اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ

مَّرْضِیًّا وَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّنْذُ کَانَ

عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر حضور کی محبوبانہ بزرگی والی رحمتیں نازل فرما اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ

فِی الْمَھْدِ صَبِیًّا ۞ وَ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر تب کی رحمتیں نازل فرما جب جھولے میں حضور کا مبارک بچپن تھا۔ ہمارے سردار حضرت

حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنَ الصَّلٰوۃِ شَیْءٌ ۞ اَللّٰھُمَّ وَ اَعْطِ

حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر رحمتیں نازل فرما یہاں تک کہ کوئی رحمت رہ نہ جائے۔ یا اللہ! ہمارے

سَیِّدَنَا مُحَمَّدَا نِ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِیْ

سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کو مقامِ محمود عطا فرما (جہاں سب اُن کی تعریف کریں) جس کا

وَعَدْتَّهُ الَّذِیْٓ اِذَا قَالَ صَدَّقْتَهٗ وَاِذَا سَاَلَ

تُو نے اُن سے وعدہ فرمایا ہے ہمارے وہ آقا جو کچھ کہیں تو تُو اُن کی تصدیق فرمائے اور جو

اَعْطَیْتَهٗ ۞ اَللّٰهُمَّ وَاَعْظِمْ بُرْهَانَهٗ وَشَرِّفْ بُنْیَانَهٗ

مانگیں تُو عطا فرمائے۔ یااللہ! حضور کی دلیل کو بڑائی اور پختگی عطا فرما، حضور کی حجّت کو غالب

وَاَبْلِجْ حُجَّتَهٗ وَبَیِّنْ فَضِیْلَتَهٗ ۞ اَللّٰهُمَّ وَتَقَبَّلْ

فرما اور حضور کی افضلیت کو واضح و آشکار فرما۔ یااللہ! حضور کی امّت کے حق میں حضور کی

شَفَاعَتَهٗ فِیْٓ اُمَّتِهٖ وَاسْتَعْمِلْنَا بِسُنَّتِهٖ وَتَوَفَّنَا

شفاعت قبول فرما، ہمیں حضور کی سنّت پر چلنے کی توفیق عطا فرما، ہمیں حضور کے دین پر ہی

عَلٰی مِلَّتِهٖ وَاحْشُرْنَا فِیْ زُمْرَتِهٖ وَتَحْتَ لِوَآئِهٖ وَ

موت عطا فرمانا، ہمیں حضور کی جماعت میں اور حضور کے جھنڈے تلے اٹھانا، ہمیں حضور کا

اجْعَلْنَا مِنْ رُّفَقَآئِهٖ وَاَوْرِدْنَا حَوْضَهٗ وَاسْقِنَا

ساتھ نصیب فرمانا، ہمیں حضور کے حوضِ کوثر پر آنا نصیب فرمانا، ہمیں حوضِ کوثر کا جام پلانا

بِكَاْسِهٖ وَانْفَعْنَا بِمَحَبَّتِهٖ ۞ اَللّٰهُمَّ اٰمِیْنَ وَ

اور ہمیں عشقِ مصطفٰے کی دولت عطا فرمادے۔ یااللہ! میری دُعائیں قبول فرمالے اور تیرے

اَسْئَلُكَ بِاَسْمَآئِكَ الَّتِیْ دَعَوْتُكَ بِهَآ اَنْ تُصَلِّیَ

جن ناموں کے ساتھ میں نے دُعا کی ہے اُن ناموں کے ساتھ تیری بارگاہ میں یہ دُعا کرتا ہوں

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا وَصَفْتُ وَمِمَّا

کہ جو شمار میں نے بیان کیے اور جو شمار تُو ہی جانتا ہے اُتنی رحمتیں ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی

لَا یَعْلَمُ عِلْمَهٗۤ اِلَّاۤ اَنْتَ وَاَنْ تَرْحَمَنِیْ وَتَتُوْبَ

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر نازل فرما، مجھ پر رحم فرما، میری توبہ قبول فرما،

عَلَیَّ وَتُعَافِیَنِیْ مِنْ جَمِیْعِ الْبَلَآءِ وَالْبَلْوَآءِ

مجھے سب آفتوں آزمائشوں سے عافیت عطا فرما،

وَ اَنْ تَغْفِرَ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَ تَرْحَمَ الْمُؤْمِنِیْنَ

میری اور میرے ماں باپ کی بخشش فرما، ایمان والوں ایمان والیوں،

وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْیَآءَ

مسلمان مَردوں مسلمان عورتوں، زندہ مسلمانوں اور فوت شدہ مسلمانوں

مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ وَاَنْ تَغْفِرَ لِعَبْدِكَ فُلَانِ

پر رحمت فرما اور اپنے گنہگار، خطاکار اور کمزور

ابْنِ فُلَانٍ نِ الْمُذْنِبِ الْخَاطِئِ الضَّعِیْفِ (فلاں

بندے ..... بن ..... کو بخش دے

بن فلاں کی جگہ اپنا اور اپنے والد کا نام لے) وَ اَنْ تَتُوْبَ عَلَیْهِ اِنَّكَ

اور اِس کی توبہ قبول فرما بے شک تُو بخشنے والا

غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۞ اَللّٰھُمَّ اٰمِیْنَ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ۞

مہربان ہے۔ یااللہ! میری دُعائیں قبول فرمالے۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ:

فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہے:

مَنْ قَرَءَ ھٰذِہِ الصَّلٰوۃَ مَرَّۃً وَّاحِدَۃً کَتَبَ اللّٰہُ

جو یہ درود شریف ایک مرتبہ پڑھے اللہ پاک اُس کے لیے ایک

لَہٗ ثَوَابَ حَجَّۃٍ مَّقْبُوْلَۃٍ وَّ ثَوَابَ مَنْ اَعْتَقَ

مقبول حج کا ثواب لکھتا ہے اور حضرت اسماعیل عَلَیْہِ السَّلَام کی اولاد میں سے ایک

رَقَبَۃً مِّنْ وُّلْدِ اِسْمٰعِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ فَیَقُوْلُ

غلام آزاد کرنے والے کا ثواب لکھتا ہے اور ارشاد فرماتا

اللّٰہُ تَعَالٰی: یَا مَلٰٓئِکَتِیْ ھٰذَا عَبْدٌ مِّنْ عِبَادِیْ

ہے: اے میرے فرشتو! یہ میرے بندوں میں سے وہ بندہ ہے جس نے میرے پیارے محمد

اَکْثَرَ الصَّلٰوۃَ عَلٰی حَبِیْبِیْ مُحَمَّدٍ فَوَعِزَّتِیْ وَ

(صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) پر کثرت سے درود پڑھا ہے، مجھے اپنی عزت وجلال، جُود وبُزرگی اور

جَلَالِیْ وَجُوْدِیْ وَمَجْدِیْ وَارْتِفَاعِیْ لَاُعْطِیَنَّہٗ

بلندی کی قسم! اس کے بھیجے ہوئے دُرود کے ایک ایک حرف کے بدلے میں

بِكُلِّ حَرْفٍ صَلّٰى بِهٖ قَصْرًا فِي الْجَنَّةِ وَلْيَأْتِيَنِّيْ

اسے جنت میں ایک ایک محل عطا فرماؤں گا اور یہ قیامت کے دن

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَحْتَ لِوَآءِ الْحَمْدِ نُوْرُ وَجْهِهٖ كَالْقَمَرِ

لواء الحمد کے سائے میں یوں آئے گا کہ اس کے چہرے کا نور چودھویں کے

لَيْلَةَ الْبَدْرِ وَ كَفُّهٗ فِيْ كَفِّ حَبِيْبِيْ مُحَمَّدٍ ۞ (34)

چاند کی طرح ہو گا اس کا ہاتھ میرے پیارے محمد (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) کے ہاتھ میں ہو گا۔

هٰذَا لِمَنْ قَالَهَا فِيْ كُلِّ يَوْمِ الْجُمُعَةِ لَهٗ هٰذَا

جو جمعہ کے دن اسے پڑھے اُس کے لیے یہ فضیلت ہے۔

الْفَضْلُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۞ وَفِيْ رِوَايَةٍ:

یہ اللہ پاک کا فضل ہے اور اللہ پاک بڑے فضل والا ہے۔ ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ مَا حَمَلَ كُرْسِيُّكَ

یااللہ! تیری کرسی تیری جس عظمت وقدرت،

مِنْ عَظَمَتِكَ وَ قُدْرَتِكَ وَ جَلَالِكَ وَ بَهَآئِكَ

جلال وجمال اور بادشاہت کو لیے ہوئے ہے ان کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں اور تُو نے

وَسُلْطَانِكَ وَبِحَقِّ اسْمِكَ الْمَخْزُوْنِ الْمَكْنُوْنِ

اپنے جس پوشیدہ و سربستہ نام سے اپنی ذاتِ کریمہ

الَّذِيْ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ وَاَنْزَلْتَهٗ فِيْ كِتَابِكَ

کو یاد فرمایا ہے، اُسے اپنی کتاب میں نازل فرمایا ہے اور

وَ اسْتَاْثَرْتَ بِهٖ فِيْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ اَنْ

اپنے خاص غیب میں رکھا ہے اُس پیارے نام کے وسیلے سے تیری بارگاہ میں دُعا کرتا ہوں

تُصَلِّيَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ

کہ ہمارے سردار اور اپنے بندے اور رسول حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر رحمتیں نازل فرما۔

وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِيْ اِذَا دُعِيْتَ بِهٖ اَجَبْتَ

تیرے اُس نام کے ساتھ دُعا کرتا ہوں جس نام کے ساتھ تیری بارگاہ میں دُعا کی جائے تو تُو

وَ اِذَا سُئِلْتَ بِهٖ اَعْطَيْتَ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ

قبول فرماتا ہے اور مانگا جائے تو تُو عطا فرماتا ہے اور تیرے اُس نام کے ساتھ دُعا کرتا ہوں

الَّذِيْ وَضَعْتَهٗ عَلَى اللَّيْلِ فَاَظْلَمَ وَعَلَى النَّهَارِ

جسے تُو نے رات پر رکھا تو وہ تاریک ہوئی، دن پر رکھا

فَاسْتَنَارَ وَعَلَى السَّمٰوٰتِ فَاسْتَقَلَّتْ وَعَلَى

تو روشن ہوا، آسمانوں پر رکھا تو وہ بلند ہوئے،

الْاَرْضِ فَاسْتَقَرَّتْ وَعَلَى الْجِبَالِ فَرَسَتْ

زمین پر رکھا تو وہ مضبوطی سے ٹھہر گئی، پہاڑوں پر رکھا تو وہ جم گئے،

وَعَلَى الصَّعْبَةِ فَذَلَّتْ وَعَلٰى مَآءِ السَّمَآءِ

دشوار گزار راستوں پر رکھا تو وہ ہموار ہوگئے، آسمان کے پانی پر رکھا تو

فَسَكَبَتْ وَعَلَى السَّحَابِ فَاَمْطَرَتْ ۞ (35) وَاَسْئَلُكَ

وہ بہنے لگا اور بادلوں پر رکھا تو وہ برسنے لگا۔ میں تیری بارگاہ میں اُن ناموں کے وسیلے سے دُعا

بِمَا سَئَلَكَ بِهٖ سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ نَّبِيُّكَ وَ اَسْئَلُكَ

کرتا ہوں جن کے ساتھ ہمارے سردار اور تیرے نبی حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے

بِمَا سَاَلَكَ بِهٖ سَيِّدُنَآ اٰدَمُ نَبِيُّكَ وَ اَسْئَلُكَ

تیری بارگاہ میں دُعا کی ہے اور اُن ناموں کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جن کے ساتھ ہمارے سردار

بِمَا سَئَلَكَ بِهٖٓ اَنْۢبِيَآؤُكَ وَ رُسُلُكَ وَمَلٰٓئِكَتُكَ

اور تیرے نبی حضرت آدم عَلَیْہِ السَّلَام نے تیری بارگاہ میں دُعا کی ہے اور اُن ناموں کے وسیلے

الْمُقَرَّبُوْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ وَاَسْئَلُكَ

سے دُعا کرتا ہوں جن کے ساتھ تیرے نبیوں، رسولوں اور قرب والے فرشتوں نے تیری بارگاہ

بِمَا سَئَلَكَ بِهٖٓ اَهْلُ طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ اَنْ تُصَلِّيَ

میں دُعا کی ہے، ان سب ہستیوں پر خدا کی رحمتیں ہوں اور تیرے جن ناموں کے ساتھ تیری

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بارگاہ میں تیرے سب فرماں برداروں نے دُعا کی ہے اُن ناموں کے وسیلے سے میں تیری بارگاہ

عَدَدَ مَا خَلَقْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَكُوْنَ السَّمَآءُ

میں دُعا کرتا ہوں کہ ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور آپ کی آل پر اتنی

مَبْنِيَّةً وَّ الْاَرْضُ مَطْحِيَّةً وَّ الْجِبَالُ مَرْسِيَةً وَّ

رحمتیں نازل فرما جتنی مخلوقیں تُو نے آسمان کے بنائے جانے، زمین کے پھیلائے جانے، پہاڑوں

الْعُيُوْنُ مُنْفَجِرَةً وَّ الْاَنْهَارُ مُنْهَمِرَةً وَّ الشَّمْسُ

کے جمنے، چشموں کے پھوٹنے، نہروں کے چلنے، سورج کے نکلنے،

مُضْحِيَةً وَّ الْقَمَرُ مُضِيْٓئًا وَّ الْكَوَاكِبُ مُنِيْرَةً ۞

چاند کے چمکنے اور تاروں کے دمکنے سے پہلے سے پیدا فرمائیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ عِلْمِكَ وَ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر اپنے علم جتنی رحمتیں نازل فرما اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ حِلْمِكَ

وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر اپنے حِلم جتنی رحمتیں نازل

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

فرما اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَآ اَحْصَاهُ اللَّوْحُ الْمَحْفُوْظُ مِنْ

وَسَلَّم کی آل پر اتنی رحمتیں نازل فرما کہ تیرے لامتناہی علم میں سے جتنی باتیں لوحِ محفوظ میں

عِلْمِكَ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

لکھی ہیں۔ یا اللہ! تیرے یہاں کی اصل کتاب (لوحِ محفوظ) میں تیرے قلم نے جتنی چیزوں کی تقدیر لکھی اُتنی

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا جَرٰى بِهِ الْقَلَمُ

رحمتیں ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل

فِيْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ عِنْدَكَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

پر نازل فرما اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّلْءَ سَمٰوٰتِكَ وَ صَلِّ

عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر اپنے آسمانوں کے احاطے جتنی رحمتیں نازل فرما اور ہمارے سردار حضرت

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر اپنی زمین

مِّلْءَ اَرْضِكَ وَ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

کے احاطے جتنی رحمتیں نازل فرما اور تیرے دُنیا بنانے سے قیامت کے دن تک تُو جتنی

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّلْءَ مَآ اَنْتَ خَالِقُهٗ

مخلوقیں پیدا فرمائے اُن سب کے احاطے جتنی رحمتیں ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

مِنْ یَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْیَآ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ ۞

وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ

یااللہ! تیرے دُنیا بنانے سے قیامت کے دن تک فرشتوں کی جتنی صفیں

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ صُفُوْفِ الْمَلٰٓئِکَۃِ وَ

ہیں اور فرشتوں نے جتنی تیری تسبیح کی، تیری پاکی بیان کی، تیری حمد کی،

تَسْبِیْحِھِمْ وَ تَقْدِیْسِھِمْ وَ تَحْمِیْدِھِمْ وَ

تیری بزرگی بیان کی، تیری بڑائی بیان کی اور تیری خُدائی کی گواہی دی ہے

تَمْجِیْدِھِمْ وَ تَکْبِیْرِھِمْ وَ تَھْلِیْلِھِمْ مِّنْ یَّوْمِ

اُتنی رحمتیں ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے

خَلَقْتَ الدُّنْیَآ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ ۞ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر نازل فرما۔یااللہ! تیرے

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

دنیا بنانے سے قیامت تک کے چلتے بادلوں اور بکھیر کر اُڑانے والی ہواؤں

عَدَدَ السَّحَابِ الْجَارِیَۃِ وَ الرِّیَاحِ الذَّارِیَۃِ

جتنی رحمتیں ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے

مِنْ یَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْیَآ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ ۞

سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ

یااللہ! تیرے آسمان سے جتنے قطرے ابھی برستے ہیں اور قیامت تک جتنے

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ کُلِّ قَطْرَۃٍ تَقْطُرُ مِنْ

قطرے برسیں گے اُتنی رحمتیں ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

سَمٰوٰتِکَ اِلٰٓی اَرْضِکَ وَمَا تَقْطُرُ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ ۞

پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

یااللہ! تیرے دُنیا بنانے سے قیامت کے دن تک جتنی مرتبہ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا ھَبَّتِ الرِّیَاحُ وَعَدَدَ

ہوائیں چلیں، درخت جھومے، پتے ہلے، کھیت لہلہائے اور ٹھہراؤ

مَا تَحَرَّکَتِ الْاَشْجَارُ وَالْاَوْرَاقُ وَ الزُّرُوْعُ

کی جگہوں (آسمان و زمین) میں تو نے جتنی مخلوقیں پیدا فرمائیں اُتنی

وَجَمِیْعِ مَاخَلَقْتَ فِیْ قَرَارِ الْحِفْظِ مِنْ یَّوْمِ

رحمتیں ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے

خَلَقْتَ الدُّنْیَآ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ ۞ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر نازل فرما۔ یااللہ! تیرے

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

دُنیا بنانے سے قیامت کے دن تک کی بارش کی بوندوں، قطروں اور زمین سے اُگی سب

عَدَدَ الْقَطْرِ وَالْمَطَرِ وَالنَّبَاتِ مِنْ یَّوْمٍ خَلَقْتَ

چیزوں جتنی رحمتیں ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار

الدُّنْیَآ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ ۞ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر نازل فرما۔ یااللہ! تیرے دنیا بنانے

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

سے قیامت کے دن تک آسمانوں پر جتنے ستارے ہیں اُتنی

عَدَدَ النُّجُوْمِ فِی السَّمَآءِ مِنْ یَّوْمٍ خَلَقْتَ

رحمتیں ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت

الدُّنْیَآ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ ۞ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر نازل فرما۔ یااللہ! تُو نے

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ساتوں سمندروں میں جتنی مخلوقیں پیدا فرمائی ہیں جنہیں تُو ہی جانتا ہے اور

عَدَدَ مَا خَلَقْتَ فِیْ بِحَارِكَ السَّبْعَةِ مِمَّا لَا

جتنی مخلوقیں قیامت تک پیدا فرمائے گا اُتنی رحمتیں ہمارے سردار حضرت محمد

یَعْلَمُ عِلْمَهٗۤ اِلَّاۤ اَنْتَ وَمَاۤ اَنْتَ خَالِقُهٗۤ اِلٰی یَوْمِ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر

الْقِیٰمَةِ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

نازل فرما۔ یااللہ! زمین کے مشرق و مغرب میں ریت کے جتنے ذرّے ہیں اور

عَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الرَّمْلِ وَ الْحَصٰی

کنکر ہیں اُتنی رحمتیں ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے

فِیْ مَشَارِقِ الْاَرْضِ وَ مَغَارِبِهَا ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر نازل فرما۔ یااللہ! تُو نے

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جتنے انسان و جنّات پیدا فرمائے اور جتنے قیامت تک پیدا فرمائے گا اُتنی

عَدَدَ مَا خَلَقْتَ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَمَاۤ اَنْتَ

رحمتیں ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت

خَالِقُهٗۤ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر نازل فرما۔ یااللہ! تیرے دُنیا بنانے سے قیامت کے دن تک

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَنْفَاسِهِمْ

ان انسانوں اور جنّات نے جتنی سانسیں لیں، جتنے الفاظ کہے اور جتنی مرتبہ آنکھوں کے گوشوں

وَاَلْفَاظِهِمْ وَاَلْحَاظِهِمْ مِّنْ یَّوْمٍ خَلَقْتَ الدُّنْیَآ

سے دیکھا اُتنی رحمتیں ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت

اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر نازل فرما۔ یااللہ! تیرے دُنیا بنانے سے قیامت

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ طَیَرَانِ الْجِنِّ

کے دن تک جتنی مرتبہ جنات اور فرشتے اُڑے اتنی رحمتیں ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی

وَالْمَلٰٓئِکَةِ مِنْ یَّوْمٍ خَلَقْتَ الدُّنْیَآ اِلٰی یَوْمِ

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل

الْقِیٰمَةِ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

پر نازل فرما۔ یااللہ! زمین کے مشرق و مغرب میں جتنے پرندے ہیں، کیڑے مکوڑے

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الطُّیُوْرِ وَالْهَوَآمِّ

ہیں، وحشی جانور ہیں اور مٹی کے جتنے تودے (ٹیلے) ہیں اُتنی رحمتیں ہمارے سردار حضرت

وَعَدَدَ الْوُحُوْشِ وَالْاَکَامِ فِیْ مَشَارِقِ الْاَرْضِ

محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر

وَ مَغَارِبِهَا ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

نازل فرما۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے

وَّ عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاَحْيَآءِ وَ

سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی آل پر زندوں اور فوت شدہ لوگوں کی تعداد

الْاَمْوَاتِ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جتنی رحمتیں نازل فرما۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِ

اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی آل پر اتنی رحمتیں نازل

اللَّيْلُ وَمَآ اَشْرَقَ عَلَيْهِ النَّهَارُ مِنْ يَّوْمٍ خَلَقْتَ

فرما جتنی چیزیں رات کے اندھیرے میں ڈوبیں اور جتنی چیزیں دن کی روشنی

كَهْلًا مَّهْدِيًّا فَقَبَضْتَهٗٓ اِلَيْكَ عَدْلًا مَّرْضِيًّا

یوں اپنے پاس بُلایا کہ وہ انصاف فرماتے تھے اور تیرے یہاں مقبول تھے پھر تُو انہیں (قیامت میں)

لِتَبْعَثَهٗ شَفِيْعًا حَفِيًّا ۞ وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَ

یوں اٹھائے گا کہ شفاعت فرمائیں گے اور بہت گڑگڑا کر دُعا مانگیں گے اور حضور پر اور حضور کی آل

عَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ خَلْقِكَ وَ رِضٰى نَفْسِكَ وَزِنَةَ

پر اپنی مخلوق کی تعداد جتنی، اپنی رضا جتنی، اپنے عرش کے وزن جتنی اور اپنے کلمات کی

عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ وَاَنْ تُعْطِيَهُ الْوَسِيْلَةَ

روشنائی جتنی رحمتیں نازل فرما اور حضور کو وسیلہ،

وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَالْحَوْضَ الْمَوْرُوْدَ

فضیلت، بلند مرتبہ، وہ حوضِ کوثر سب پیاسے جس کا رُخ کریں گے،

وَالْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ وَالْعِزَّ الْمَمْدُوْدَ وَ اَنْ تُعَظِّمَ

مقامِ محمود اور عظیم عزّت عطا فرما، اُن کی دلیل کو بڑائی عطا فرما،

بُرْهَانَهٗ وَاَنْ تُشَرِّفَ بُنْيَانَهٗ وَ اَنْ تَرْفَعَ مَكَانَهٗ

اُن کا مقام و مرتبہ بلند و معزّز فرما اور اے ہمارے

وَاَنْ تَسْتَعْمِلَنَا يَا مَوْلَانَا بِسُنَّتِهٖ وَاَنْ تُمِيْتَنَا

مولیٰ! ہمیں حضور کی سنّت پر چلنے کی توفیق عطا فرما، ہمیں حضور کے دین پر ہی

عَلٰى مِلَّتِهٖ وَ اَنْ تَحْشُرَنَا فِيْ زُمْرَتِهٖ وَ تَحْتَ

موت عطا فرمانا، ہمیں حضور کی جماعت میں اور حضور کے جھنڈے تلے

لِوَآئِهٖ وَ اَنْ تَجْعَلَنَا مِنْ رُّفَقَآئِهٖ وَاَنْ تُوْرِدَنَا

اٹھانا، ہمیں حضور کا پڑوس نصیب فرمانا، ہمیں حضور کے حوضِ کوثر پر آنا نصیب

حَوْضَهٗ وَ اَنْ تَسْقِیَنَا بِكَاْسِهٖ وَ اَنْ تَنْفَعَنَا

فرمانا، ہمیں حوضِ کوثر کا جام پلانا، ہمیں عشقِ مصطفٰے کی دولت عطا

بِمَحَبَّتِهٖ وَ اَنْ تَتُوْبَ عَلَیْنَا وَ اَنْ تُعَافِیَنَا

فرما دے، ہماری توبہ قبول فرمالے، ہمیں سب

مِنْ جَمِیْعِ الْبَلَآءِ وَ الْبَلْوَآءِ وَ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ

کھلی چھپی آفتوں، آزمائشوں اور فتنوں سے

مِنْهَا وَ مَا بَطَنَ وَ اَنْ تَرْحَمَنَا وَ اَنْ تَعْفُوَ عَنَّا

عافیت کے ساتھ بچا، ہم پر رحم فرما، ہمیں معاف فرما

وَ تَغْفِرَ لَنَا وَ لِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ

اور ہمیں اور سب ایمان والوں، ایمان والیوں،

وَ الْمُسْلِمِیْنَ وَ الْمُسْلِمَاتِ الْاَحْیَآءِ مِنْهُمْ وَ

مسلمان مَردوں، مسلمان عورتوں، زندہ مسلمانوں اور فوت شدہ مسلمانوں کو بخش دے۔

الْاَمْوَاتِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَ هُوَ حَسْبِیْ

سب تعریفیں اللہ پاک کی ہیں جو سب جہان والوں کا ربّ ہے، وہ مجھے کافی ہے اور

وَ نِعْمَ الْوَكِیْلُ وَ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ

کیا ہی اچھا کام بنانے والا ہے، بلندی وعظمت والے اللہ ہی کی عطا سے نیکی کرنے اور گناہ سے بچنے

الْعَظِیْمِ ۞ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

کی طاقت ملتی ہے۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا سَجَعَتِ الْحَمَآئِمُ

حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر رحمتیں نازل فرما جب تک کبوتر غٹرغوں کرتے رہیں،

وَحَمَتِ الْحَوَآئِمُ وَسَرَحَتِ الْبَھَآئِمُ وَنَفَعَتِ

پرندے منڈلاتے رہیں، چوپائے چرتے رہیں، تعویذات فائدہ

التَّمَآئِمُ وَشُدَّتِ الْعَمَآئِمُ وَنَمَتِ النَّوَآئِمُ ۞

دیتے رہیں، عمامے باندھے جائیں اور بڑھنے والی چیزیں (نباتات وحیوانات وغیرہ) بڑھتی رہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ

مُحَمَّدٍ مَّآ اَبْلَجَ الْاِصْبَاحُ وَ ھَبَّتِ الرِّیَاحُ

عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر رحمتیں نازل فرما جب تک صبح روشن ہوتی رہے، ہوائیں چلتی رہیں،

وَدَبَّتِ الْاَشْبَاحُ وَتَعَاقَبَ الْغُدُوُّ وَالرَّوَاحُ وَ

وجود رینگتے رہیں، صبح و شام ایک دوسرے کے پیچھے آتی رہیں،

تُقُلِّدَتِ الصِّفَاحُ وَاعْتُقِلَتِ الرِّمَاحُ وَصَحَّتِ

تلواریں حمائل کی جاتی رہیں، پنڈلی کے پاس نیزے رکھے جاتے رہیں اور

اَلْاَجْسَادُ وَ الْاَرْوَاحُ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

جسم و جاں ٹھیک ہوتے رہیں۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر اور

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا دَارَتِ

ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی آل پر رحمتیں نازل فرما جب تک فلک گھومتے

اَلْاَفْلَاكُ وَدَجَتِ الْاَحْلَاكُ وَسَبَّحَتِ الْاَمْلَاكُ ۞

رہیں، گھپ اندھیرا چھاتا رہے اور فرشتے تسبیح پڑھتے رہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ

وَسَلَّم کی آل پر رحمتیں نازل فرما جیسا کہ تُو نے حضرت ابراہیم عَلَيْهِ السَّلَام پر رحمتیں نازل فرمائیں

وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَآ اِبْرَاهِيْمَ

کی آل پر سب جہان والوں میں برکتیں نازل فرما جیسا کہ تُو نے ہمارے سردار حضرت ابراہیم عَلَيْهِ

فِى الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۞ اَللّٰهُمَّ

السَّلَام پر برکتیں نازل فرمائیں، بیشک تُو سب خوبیوں والا عزّت والا ہے۔ یااللہ! ہمارے سردار

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِ نَا

حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر رحمتیں

مُحَمَّدٍ مَّا طَلَعَتِ الشَّمْسُ وَمَا صُلِّیَتِ الْخَمْسُ

نازل فرما جب تک سورج نکلتا رہے، جب تک پانچوں نمازیں پڑھی جاتی رہیں،

وَمَا تَاَلَّقَ بَرْقٌ وَّ تَدَفَّقَ وَدْقٌ وَّمَا سَبَّحَ رَعْدٌ ۞

جب تک بجلی چمکتی رہے، جب تک مینہ برستا رہے اور جب تک گرج تسبیح کرتی رہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ

یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّلْءَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمِلْءَ

وَسَلَّم کی آل پر آسمانوں اور زمین کے احاطے جتنی، آسمان و زمین کے درمیان کے احاطے

مَا بَیْنَھُمَا وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَیْءٍ بَعْدُ ۞

جتنی اور پھر تُو جس شے کا چاہے اُس کے احاطے جتنی رحمتیں نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ کَمَا قَامَ بِاَعْبَآءِ الرِّسَالَةِ وَاسْتَنْقَذَ

یااللہ! جیسا کہ حضور نے رسالت کی ذمہ داری اٹھائی، مخلوق کو

الْخَلْقَ مِنَ الْجَھَالَةِ وَ جَاھَدَ اَھْلَ الْکُفْرِ وَ

جہالت سے نکالا، کفر و گمراہی والوں سے جہاد

الضَّلَالَةِ وَدَعَآ اِلٰى تَوْحِيْدِكَ وَقَاسَى الشَّدَآئِدَ

فرمایا، لوگوں کو تیری توحید کی دعوت دی، تیرے بندوں کو سیدھی راہ پر

فِيْ اِرْشَادِ عَبِيْدِكَ فَاَعْطِهِ اللّٰهُمَّ سُؤْلَهٗ وَبَلِّغْهُ

چلانے کے سفر میں مشکلات سہیں، چنانچہ یااللہ! حضور کو اُن کی مراد عطا فرما، حضور کی

مَاْمُوْلَهٗ وَاٰتِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ

آرزو پوری فرما، حضور کو وسیلہ، فضیلت اور بلند مرتبہ عطا فرما اور

الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ

انھیں مقامِ محمود پر فائز فرما جس کا تُو نے اُن سے وعدہ فرمایا ہے،

اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۞ اَللّٰهُمَّ وَاجْعَلْنَا مِنَ

بے شک تُو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔ یااللہ! ہمیں حضور کی شریعت

الْمُتَّبِعِيْنَ لِشَرِيْعَتِهِ الْمُتَّصِفِيْنَ بِمَحَبَّتِهٖ

پر چلنے والوں، حضور کی محبّت سے فیض یاب ہونے والوں اور

الْمُهْتَدِيْنَ بِهَدْيِهٖ وَسِيْرَتِهٖ وَتَوَفَّنَا عَلٰى سُنَّتِهٖ

حضور کے راستے اور حضور کی سیرت پر چلنے والوں میں سے بنادے، ہمیں حضور کی سنّت پر

وَلَا تَحْرِمْنَا فَضْلَ شَفَاعَتِهٖ وَاحْشُرْنَا فِيْ اَتْبَاعِهٖ

ہی موت عطا فرمانا، ہمیں شفاعتِ حضور کی دولت سے محروم نہ فرمانا، ہمیں حضور کے

الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ وَاَشْيَاعِهِ السَّابِقِيْنَ وَاَصْحَابِ

روشن پیشانیوں اور روشن قدموں والے پیروکاروں، سبقت والے رفیقوں اور سیدھی طرف

الْيَمِيْنِ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

والوں (جنتیوں) میں اٹھا اے ہر مہربان سے بڑھ کر مہربان۔ یااللہ! اپنے قرب والے

مَلٰٓئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ وَعَلٰٓى اَنْبِيَآئِكَ الْمُرْسَلِيْنَ

فرشتوں، بھیجے گئے نبیّوں اور سب فرماں برداروں پر رحمتیں نازل

وَعَلٰٓى اَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ وَاجْعَلْنَا بِالصَّلٰوةِ

فرما اور اُن کے لیے دُعائے رحمت کے طفیل ہمیں بھی رحم کئے گئے

عَلَيْهِمْ مِّنَ الْمَرْحُوْمِيْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

افراد میں شامل فرما۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمَبْعُوْثِ مِنْ تِهَامَةَ وَالْاٰمِرِ

محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر رحمتیں نازل فرما جو کہ سرزمینِ تہامہ میں مبعوث کیے گئے،

بِالْمَعْرُوْفِ وَالْاِسْتِقَامَةِ وَالشَّفِيْعِ لِاَهْلِ

بھلائی اور راستی کا حکم دیتے ہیں اور میدانِ قیامت میں گنہگاروں

الذُّنُوْبِ فِيْ عَرَصَاتِ الْقِيٰمَةِ ۞ اَللّٰهُمَّ اَبْلِغْ

کی شفاعت فرمائیں گے۔ یااللہ! ہماری شفاعت فرمانے والے ہمارے پیارے نبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

عَنَّا نَبِیَّنَا وَ شَفِیْعَنَا وَ حَبِیْبَنَا اَفْضَلَ الصَّلٰوةِ

وَاٰلِهٖ وَسَلِّم کو ہماری طرف سے اعلیٰ رحمت و سلامتی عطا فرما،

وَ التَّسْلِیْمِ وَ ابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الْکَرِیْمَ

انھیں معزّز مقامِ محمود پر فائز فرما،

وَ اٰتِهِ الْفَضِیْلَةَ وَ الْوَسِیْلَةَ وَ الدَّرَجَةَ الرَّفِیْعَةَ

انھیں بڑی پیشی کی جگہ (میدانِ حشر میں) فضیلت، وسیلہ اور وہ بلند مرتبہ عطا فرما جس کا

الَّتِیْ وَعَدْتَّهٗ فِی الْمَوْقِفِ الْعَظِیْمِ وَ صَلِّ اللّٰهُمَّ

تُو نے اُن سے وعدہ فرمایا ہے۔ اور یااللہ! حضور پر

عَلَیْهِ صَلٰوةً دَآئِمَةً مُّتَّصِلَةً تَتَوَالٰی وَ تَدُوْمُ ۞

ہمیشہ برسنے اور نہ ٹوٹنے والی رحمتیں نازل فرما جو مسلسل و ہمیشہ نازل ہوتی رہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَیْهِ وَ عَلٰٓی اٰلِهٖ مَا لَاحَ بَارِقٌ

یااللہ! حضور پر اور حضور کی آل پر رحمتیں نازل فرما جب چمکنے والا چمکے،

وَّ ذَرَّ شَارِقٌ وَّ وَقَبَ غَاسِقٌ وَّ انْهَمَرَ وَادِقٌ

جب سورج نکلے، جب اندھیری ڈالنے والا (چاند) ڈوبے اور جب برکھا برسے۔

وَّ صَلِّ عَلَیْهِ وَ عَلٰٓی اٰلِهٖ مِلْءَ اللَّوْحِ وَ الْفَضَآءِ

اور حضور پر اور حضور کی آل پر لوحِ محفوظ اور فضا کے احاطوں جتنی،

وَمِثْلَ نُجُوْمِ السَّمَآءِ وَعَدَدَ الْقَطْرِ وَالْحَصٰى وَ

آسمانوں کے تاروں جیسی اور بارش کے قطروں اور کنکریوں کے شمار میں رحمتیں نازل فرما۔

صَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ صَلٰوةً لَّا تُعَدُّ وَلَا تُحْصٰى ۞

اور حضور پر اور حضور کی آل پر بے گنتی اور بے شمار رحمتیں نازل فرما۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ زِنَةَ عَرْشِكَ وَمِبْلَغَ رِضَاكَ

یااللہ! اپنے عرش کے وزن جتنی، اپنی کامل رضا جتنی، اپنے کلمات کی روشنائی جتنی

وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ وَمُنْتَهٰى رَحْمَتِكَ ۞ اَللّٰهُمَّ

اور اپنی رحمتِ کاملہ جتنی درودیں حضور پر نازل فرما۔ یااللہ! حضور پر

صَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَبَارِكْ

اور حضور کی آل، پاکیزہ بیویوں اور مبارک اولاد پر رحمتیں نازل فرما اور حضور

عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ

پر اور حضور کی آل، پاکیزہ بیویوں اور مبارک اولاد پر برکتیں نازل فرما جیسا کہ تو نے ہمارے سردار

وَبَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَآ اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَآ

حضرت ابراہیم عَلَیْہِ السَّلَام پر اور ہمارے سردار حضرت ابراہیم عَلَیْہِ السَّلَام کی آل پر رحمتیں اور برکتیں

اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۞ وَجَازِهٖ عَنَّآ اَفْضَلَ

نازل فرمائیں، بیشک تُو سب خوبیوں والا عزّت والا ہے۔ اور حضور کو ہماری طرف سے وہ سب

مَا جَازَیْتَ نَبِیًّا عَنْ اُمَّتِهٖ وَاجْعَلْنَا مِنَ

سے اعلیٰ جزا عطا فرما جو تُو نے کسی نبی عَلَیْہِ السَّلَام کو اُن کی امّت کی طرف سے عطا فرمائی، ہمیں

الْمُهْتَدِیْنَ بِمِنْهَاجِ شَرِیْعَتِهٖ وَاهْدِنَا بِهَدْیِهٖ

حضور کی شریعت کے واضح راستے پر چلنے والوں میں سے بنا، ہمیں حضور کے طریقے پر چلا،

وَتَوَفَّنَا عَلٰی مِلَّتِهٖ وَاحْشُرْنَا یَوْمَ الْفَزَعِ الْاَکْبَرِ

ہمیں حضور کے دین پر ہی موت عطا فرما نا، بڑی گھبراہٹ (قیامت) کے دن ہمیں حضور کی

مِنَ الْاٰمِنِیْنَ فِیْ زُمْرَتِهٖ وَاَمِتْنَا عَلٰی حُبِّهٖ

جماعت میں بے خوف اٹھانا، ہمیں حضور کی محبّت اور حضور کی آل و اصحاب واولاد کی

وَحُبِّ اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَ ذُرِّیَّتِهٖ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

محبّت پر مَوت عطا فرمانا۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ اَنْبِیَآئِكَ وَاَکْرَمِ

محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر رحمتیں نازل فرما جو کہ تیرے نبیّوں میں سب سے افضل ہیں، تیرے

اَصْفِیَآئِكَ وَاِمَامِ اَوْلِیَآئِكَ وَخَاتَمِ اَنْبِیَآئِكَ

چُنے ہوئے بندوں میں سب سے معزّز ہیں، تیرے دوستوں میں سب کے پیشوا ہیں، تیرے

وَحَبِیْبِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ شَهِیْدِ الْمُرْسَلِیْنَ

آخری نبی ہیں، سب جہانوں کے رب کے محبوب ہیں، رسولوں کے حق میں گواہی دینے والے

وَشَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ وَسَیِّدِ وُلْدِ اٰدَمَ اَجْمَعِیْنَ

ہیں، گنہگار بندوں کی شفاعت فرمانے والے ہیں، سب آدمیوں کے سردار ہیں،

الْمَرْفُوْعِ الذِّکْرِ فِی الْمَلٰٓئِکَةِ الْمُقَرَّبِیْنَ الْبَشِیْرِ

قرب والے فرشتوں میں اُن کا چرچا اونچا ہے، خوش خبری دینے والے ہیں،

النَّذِیْرِ السِّرَاجِ الْمُنِیْرِ الصَّادِقِ الْاَمِیْنِ الْحَقِّ

ڈر سُنانے والے ہیں، چمکا دینے والے سورج ہیں، سچے ہیں، امانت دار ہیں، روشن حق ہیں،

الْمُبِیْنِ الرَّءُوْفِ الرَّحِیْمِ الْهَادِیْ اِلَی الصِّرَاطِ

مہربان اور رحمت والے ہیں، سیدھے راستے پر چلانے والے ہیں،

الْمُسْتَقِیْمِ الَّذِیْ اٰتَیْتَهٗ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِیْ وَ

جنہیں تُو نے دہرائی جانے والی سات آیتیں (سورۃ الفاتحہ) اور عظمت والا

الْقُرْاٰنَ الْعَظِیْمَ نَبِیِّ الرَّحْمَةِ وَهَادِی الْاُمَّةِ

قرآن عطا فرمایا، نبیِّ رحمت ہیں، رہنمائے امّت ہیں، (قیامت کے دن) سب

اَوَّلِ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ وَیَدْخُلُ الْجَنَّةَ

سے پہلے قبرِ انور سے باہر تشریف لائیں گے، سب سے پہلے جنّت میں تشریف لے جائیں گے،

وَالْمُؤَیَّدِ بِسَیِّدِنَا جِبْرِیْلَ وَمِیْكَآئِیْلَ الْمُبَشَّرِ

ہمارے سردار حضرت جبریل عَلَیْہِ السَّلَام اور حضرت میکائیل عَلَیْہِ السَّلَام کے ذریعے جنہیں مدد دی

بِهٖ فِی التَّوْرَاةِ وَ الْاِنْجِیْلِ الْمُصْطَفٰی الْمُجْتَبٰی

گئی، توریت و انجیل میں جن کی خوش خبری دی گئی، پسندیدہ، خاص اور منتخب بندے ہیں

الْمُنْتَخَبِ اَبِی الْقَاسِمِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

ہمارے سردار ابو القاسم حضرت محمد مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم بن عبدُ اللّٰہ بن

بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمٍ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی

عبد المطّلب بن ہاشم ۔ یااللہ! اپنے فرشتوں پر اور

مَلٰٓئِكَتِكَ وَالْمُقَرَّبِیْنَ الَّذِیْنَ ﴿یُسَبِّحُوْنَ الَّیْلَ وَ

اپنے قرب والوں پر رحمتیں نازل فرما جو ﴿رات دن پاکی بولتے ہیں

النَّهَارَ لَا یَفْتُرُوْنَ ﴿۲۰﴾﴾ (الانبیاء:۲۰) وَ ﴿لَا یَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ

اور سُستی نہیں کرتے﴾اور ﴿اللہ کا حکم نہیں ٹالتے اور جو انھیں حکم

اَمَرَهُمْ وَیَفْعَلُوْنَ مَا یُؤْمَرُوْنَ ﴿۶﴾﴾ (التحریم:۶) اَللّٰهُمَّ

ہو وہی کرتے ہیں﴾یااللہ! جیسا کہ تُو نے فرشتوں کو تیرے

وَكَمَا اصْطَفَیْتَهُمْ سُفَرَآءَ اِلٰی رُسُلِكَ وَاُمَنَآءَ

رسولوں کے پاس پیغام لے جانے، تیری وحی کی حفاظت کرنے

عَلٰی وَحْیِكَ وَشُهَدَآءَ عَلٰی خَلْقِكَ وَخَرَقْتَ لَهُمْ

اور تیری مخلوق پر گواہی دینے کے لیے چُن لیا، اُن فرشتوں کے لیے

كُنُفَ حُجُبِكَ وَاَطْلَعْتَهُمْ عَلٰى مَكْنُوْنِ غَيْبِكَ

اپنے پردے ہٹادیئے، اُنھیں اپنے پوشیدہ غیب پر مطّلع فرمایا،

وَاخْتَرْتَ مِنْهُمْ خَزَنَةً لِّجَنَّتِكَ وَحَمَلَةً لِّعَرْشِكَ

فرشتوں میں سے ہی اپنی جنّت کے دربان چُنے، اپنے عرش کے اٹھانے والے چُنے،

وَجَعَلْتَهُمْ مِّنْ اَكْثَرِ جُنُوْدِكَ وَفَضَّلْتَهُمْ عَلٰى

فرشتوں کو اپنا بڑا لشکر بنایا، اُنھیں مخلوق پر فضیلت دی،[1]

الْوَرٰى وَاَسْكَنْتَهُمُ السَّمٰوٰتِ الْعُلٰى وَنَزَّهْتَهُمْ

اُنھیں اونچے آسمانوں میں بسایا، انھیں نافرمانیوں، عیبوں،

عَنِ الْمَعَاصِیْ وَالدَّنَآءٰتِ وَقَدَّسْتَهُمْ عَنِ

خامیوں اور آفتوں سے پاک و صاف رکھا،

النَّقَآئِصِ وَالْاٰفَاتِ فَصَلِّ عَلَيْهِمْ صَلٰوةً دَآئِمَةً

چنانچہ ان پر ہمیشہ برسنے والی وہ رحمت نازل فرما جو اُن کی

---

1 ... احناف کے نزدیک: انبیائے کرام عَلَیْہِمُ السَّلَام فرشتوں کے رسولوں سے افضل ہیں، فرشتوں کے رسول عام مؤمنین سے افضل ہیں اور عام مؤمنین عام فرشتوں سے افضل ہیں اور عام فرشتے گنہگار مؤمنین سے افضل ہیں۔

(مطالع المسرات، الطبع القدیم، ص۳۴۱، نبراس، ص۳۵۶، مرآۃ المناجیح، ۷/ ۶۰۵ ملخصًا)

تَزِيْدُهُمْ بِهَا فَضْلًا وَّتَجْعَلُنَا لِاسْتِغْفَارِهِمْ بِهَآ

فضیلت بڑھائے اور جس کے طفیل تُو ہمیں اس لائق بنادے کہ فرشتے ہماری بخشش کی دُعا

اَهْلًا ۞ اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ اَنْبِيَآئِكَ وَ

مانگیں۔یااللہ! اپنے سب نبیّوں اور رسولوں پر رحمتیں نازل فرما

رُسُلِكَ الَّذِيْنَ شَرَحْتَ صُدُوْرَهُمْ وَاَوْدَعْتَهُمْ

جن کے سینے تُو نے کھول دیئے، انھیں اپنی حکمت

حِكْمَتَكَ وَطَوَّقْتَهُمْ نُبُوَّتَكَ وَاَنْزَلْتَ عَلَيْهِمْ

سونپی، اُنھیں اپنی پیغمبری کا ہار پہنایا، اُن پر اپنی کتابیں اُتاریں،

كُتُبَكَ وَهَدَيْتَ بِهِمْ خَلْقَكَ وَدَعَوْا اِلٰى تَوْحِيْدِكَ

اُن کے ذریعے اپنی مخلوق کو سیدھا راستہ بتایا، اُنھوں نے لوگوں کو تیری توحید کی طرف بُلایا،

وَشَوَّقُوْآ اِلٰى وَعْدِكَ وَخَوَّفُوْا مِنْ وَّعِيْدِكَ وَاَرْشَدُوْآ

تیرے وعدوں کا شوق دِلایا، تیرے ڈراووں سے ڈرایا، تیرا راستہ

اِلٰى سَبِيْلِكَ وَقَامُوْا بِحُجَّتِكَ وَدَلِيْلِكَ وَسَلِّمِ

دِکھایا اور لوگوں پر تیری حجّت تمام کرتے رہے اور سب نبیّوں اور رسولوں پر سلامتی نازل

اَللّٰهُمَّ عَلَيْهِمْ تَسْلِيْمًا وَّهَبْ لَنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِمْ

فرما اور انبیائے کرام پر دُرود (وسلام) کی برکت سے ہمیں بڑا

اَجْرًا عَظِیْمًا ۞ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ثواب عطا فرما۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً مَّقْبُوْلَۃً

حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر ہمیشہ برسنے والی وہ مقبول درودیں نازل فرما جن کی

تُؤَدِّیْ بِھَا عَنَّا حَقَّہُ الْعَظِیْمَ ۞ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

برکت سے تُو ہم پر لازم ہونے والا حضور کا عظیم حق ادا فرمادے۔ یااللہ! ہمارے سردار

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْحُسْنِ وَ الْجَمَالِ وَ

حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر رحمتیں نازل فرما جو کہ حسن و جمال والے ہیں،

الْبَھْجَۃِ وَالْکَمَالِ وَالْبَھَآءِ وَ النُّوْرِ وَالْوِلْدَانِ

خوب صورتی و کمال والے ہیں، خوش نُما ہیں، نور والے ہیں، غلمان (جنّتی کم سِن خادموں)

وَالْحُوْرِ وَالْغُرَفِ وَالْقُصُوْرِ وَاللِّسَانِ الشَّکُوْرِ

حوروں، اونچے مکانوں، محلّات، شکر گزار زبان والے ہیں،

وَالْقَلْبِ الْمَشْکُوْرِ وَ الْعَلَمِ الْمَشْھُوْرِ وَالْجَیْشِ

خوبیوں کے مالک دِل والے ہیں، مشہور پرچم والے ہیں، فتح یاب لشکر والے ہیں،

الْمَنْصُوْرِ وَالْبَنِیْنَ وَالْبَنَاتِ وَالْاَزْوَاجِ الطَّاھِرَاتِ

بیٹوں اور بیٹیوں والے ہیں، پاکیزہ بیویوں والے ہیں،

وَ الْعُلُوِّ عَلَى الدَّرَجَاتِ وَ الزَّمْزَمِ وَ الْمَقَامِ وَ

بلند مرتبوں والے ہیں، زَم زَم والے ہیں، مقامِ ابراہیم والے ہیں،

الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ وَ اجْتِنَابِ الْاٰثَامِ وَ تَرْبِيَةِ

مشعرِ حرام والے ہیں، گناہوں سے دُور رہنے والے ہیں، یتیموں کو

الْاَيْتَامِ وَ الْحَجِّ وَ تِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ وَ تَسْبِيْحِ

پالنے والے ہیں، حج والے ہیں، تلاوتِ قرآن والے ہیں، رحمٰن عَزَّوَجَلَّ کی پاکی بولنے والے

الرَّحْمٰنِ وَ صِيَامِ رَمَضَانَ وَ اللِّوَآءِ الْمَعْقُوْدِ

ہیں، رمضان کے روزوں والے ہیں، لہراتے پرچم والے ہیں،

وَ الْكَرَمِ وَ الْجُوْدِ وَ الْوَفَآءِ بِالْعُهُوْدِ صَاحِبِ

جود و کرم والے ہیں، وعدے پورے فرمانے والے ہیں، (بھلائی میں)

الرَّغْبَةِ وَ التَّرْغِيْبِ وَ الْبَغْلَةِ وَ النَّجِيْبِ وَ الْحَوْضِ

رغبت رکھنے اور رغبت دِلانے، خچر پر سواری فرمانے، اعلیٰ نسل کی سواری پر سوار ہونے، حوضِ

وَ الْقَضِيْبِ النَّبِيِّ الْاَوَّابِ النَّاطِقِ بِالصَّوَابِ

کوثر، تیز تلوار والے ہیں، وہ نبی ہیں جو بارگاہِ الٰہی کی طرف بہت رجوع لانے، درست بات فرمانے

الْمَنْعُوْتِ فِي الْكِتَابِ النَّبِيِّ عَبْدِ اللّٰهِ النَّبِيِّ كَنْزِ

والے ہیں اور (آسمانی) کتابوں میں اُن کی صفات بیان ہوئیں، وہ نبی ہیں جو اللہ کے بندے ہیں،

اللّٰهِ النَّبِیِّ حُجَّةِ اللّٰهِ النَّبِیِّ مَنْ اَطَاعَهٗ فَقَدْ

وہ نبی ہیں جو اللہ کا خزانہ ہیں، وہ نبی ہیں جو اللہ کی روشن دلیل ہیں، وہ نبی ہیں کہ جس نے اُن کا حکم

اَطَاعَ اللّٰهَ وَ مَنْ عَصَاهُ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ النَّبِیِّ

مانا بلاشبہ اُس نے اللہ کا حکم مانا اور جس نے حضور کی نافرمانی کی اُس نے اللہ کی نافرمانی کی، وہ نبی

الْعَرَبِیِّ الْقُرَشِیِّ الزَّمْزَمِیِّ الْمَكِّیِّ التِّهَامِیِّ صَاحِبِ

ہیں جو عربی ہیں، قریشی ہیں، زمزم والے ہیں اور مکہ وتہامہ والے ہیں، خوب صورت

الْوَجْهِ الْجَمِیْلِ وَ الطَّرْفِ الْكَحِیْلِ وَ الْخَدِّ

چہرے والے ہیں، سرمگیں آنکھوں والے ہیں، (نرم ونازک و) ہموار رخسار والے ہیں،

الْاَسِیْلِ وَ الْكَوْثَرِ وَ السَّلْسَبِیْلِ قَاهِرِ الْمُضَآدِّیْنَ

حوضِ کوثر اور سلسبیل کے مالک ہیں، مخالفوں کو زیر فرمانے والے ہیں،

مُبِیْدِ الْكٰفِرِیْنَ قَاتِلِ الْمُشْرِكِیْنَ قَآئِدِ الْغُرِّ

کافروں کو ہلاک فرمانے والے ہیں، مشرکوں سے جنگ فرمانے والے ہیں، نعمتوں بھری جنّتوں

الْمُحَجَّلِیْنَ اِلٰى جَنّٰتِ النَّعِیْمِ وَجَوَارِ الْكَرِیْمِ

اور ربِّ کریم کے قرب کے راستے میں روشن چہروں اور روشن قدموں والوں کے پیشوا ہیں،

صَاحِبِ جِبْرِیْلَ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَرَسُوْلِ رَبِّ

جبریل عَلَیْہِ السَّلَام کے آقا ہیں، سب جہانوں کے ربّ کے رسول ہیں،

اَلْعٰلَمِیْنَ وَشَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ وَغَایَةِ الْغَمَامِ وَ

گنہگاروں کی شفاعت فرمانے والے ہیں، بادل کا مقصود (کرم کی بارش) ہیں،

مِصْبَاحِ الظَّلَامِ وَقَمَرِ التَّمَامِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

اندھیروں کو جگمگا دینے والے چراغ ہیں، چودھویں کا چاند ہیں، اللہ پاک حضور پر اور

وَعَلٰٓی اٰلِہِ الْمُصْطَفَیْنَ مِنْ اَطْھَرِ جِبِلَّةٍ صَلٰوةً

حضور کی چُنی ہوئی آل یعنی بہت پاکیزہ جماعت پر وہ رحمتیں نازل فرمائے جو

دَآئِمَةً عَلَی الْاَبَدِ غَیْرَ مُضْمَحِلَّةٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

ہمیشہ برستی رہیں اور کبھی ان کا سلسلہ نہ ٹوٹے، اللہ پاک حضور پر

وَعَلٰٓی اٰلِہٖ صَلٰوةً یَّتَجَدَّدُ بِھَا حُبُوْرُہٗ وَیَشْرُفُ

اور حضور کی آل پر وہ رحمتیں نازل فرمائے جن سے حضور کی خوشی دوبالا ہوتی رہے،

بِھَا فِی الْمِیْعَادِ بَعْثُہٗ وَنُشُوْرُہٗ فَصَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

وعدے کی جگہ (حشر میں) اُن کی بعثت کو اور شرف عطا ہو، اللہ پاک حضور پر

وَعَلٰٓی اٰلِہِ الْاَنْجُمِ الطَّوَالِعِ صَلٰوةً تَجُوْدُ عَلَیْھِمْ

اور حضور کی آل چمکتے ستاروں پر وہ رحمتیں نازل فرمائے جو موسلا دھار برستی بارش کی طرح

اَجْوَدَ الْغُیُوْثِ الْھَوَامِعِ اَرْسَلَہٗ مِنْ اَرْجَحِ

ان پر برستی رہیں۔ اللہ پاک نے حضور کو عرب کی اس جماعت میں بھیجا جو بھاری

اَلْعَرَبِ مِیْزَانًا وَّ اَوْضَحِهَا بَیَانًا وَّ اَفْصَحِهَا

پلڑے والے ہیں، خوش بیان ہیں، زبان فصیح ہے،

لِسَانًا وَّ اَشْمَخِهَا اِیْمَانًا وَّ اَعْلٰهَا مَقَامًا وَّ اَحْلٰهَا

ایمان مضبوط ہے، مرتبہ اونچا ہے، باتیں میٹھی ہیں،

كَلَامًا وَّ اَوْفٰهَا ذِمَامًا وَّ اَصْفٰهَا رَغَامًا فَاَوْضَحَ

عہد کے پکّے اور خمیر کے ستھرے ہیں، چنانچہ حضور اقدس صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے سیدھا

الطَّرِیْقَةَ وَ نَصَحَ الْخَلِیْقَةَ وَ شَهَّرَ الْاِسْلَامَ وَ

راستہ بیان فرمایا، لوگوں کے بھلے کو نصیحتیں فرمائیں، اسلام کا چرچا فرمایا،

كَسَّرَ الْاَصْنَامَ وَ اَظْهَرَ الْاَحْكَامَ وَحَظَرَ الْحَرَامَ

بُتوں کو توڑا، شریعت کے احکام ظاہر فرمائے، حرام سے منع فرمایا اور

وَعَمَّ بِالْاِنْعَامِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ فِیْ كُلِّ

عام انعام فرمایا۔ اللہ پاک حضور پر اور حضور کی آل پر ہر محفل

مَحْفِلٍ وَّ مَقَامٍ اَفْضَلَ الصَّلٰوةِ وَ السَّلَامِ صَلَّى

اور ہر جگہ اعلیٰ رحمتیں اور سلامتی نازل فرمائے۔ اللہ پاک حضور پر

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَوْدًا وَّ بَدْءًا صَلٰوةً تَكُوْنُ

اور حضور کی آل پر ابتدا میں اور بعد میں وہ رحمتیں نازل فرمائے جو ہمارے لیے

ذَخِیْرَۃً وَّ وِرْدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ صَلٰوۃً

ذخیرہ اور سیرابی کا جام ہو جائے۔ اللہ پاک حضور پر اور حضور کی آل پر کامل اور بڑھتے

تَآمَّۃً زَاکِیَۃً وَّصَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ صَلٰوۃً

رہنے والی رحمتیں نازل فرمائے۔ اللہ پاک حضور پر اور حضور کی آل پر وہ رحمتیں نازل فرمائے

یَّتْبَعُھَا رَوْحٌ وَّ رَیْحَانٌ وَّ یَعْقُبُھَا مَغْفِرَۃٌ وَّ رِضْوَانٌ

جن کے ساتھ ساتھ راحت اور پھول آئیں اور جن کے پیچھے پیچھے بخشش و رضا آئیں۔

وَّصَلَّی اللّٰہُ عَلٰٓی اَفْضَلِ مَنْ طَابَ مِنْہُ النِّجَارُ

اللہ پاک اُن سب سے اعلیٰ ہستی پر رحمتیں نازل فرمائے جن کا نسب بہت پاکیزہ ہے،

وَسَمَا بِہِ الْفَخَارُ وَاسْتَنَارَتْ بِنُوْرِ جَبِیْنِہِ

جن کی بدولت خوبیوں کو شان ملی، جن کی پیشانی کے نور سے چاند سورج کو روشنی ملی،

الْاَقْمَارُ وَتَضَآئَلَتْ عِنْدَ جُوْدِ یَمِیْنِہِ الْغَمَآئِمُ

جن کے مبارک ہاتھوں کی سخاوت کے آگے بادل اور سمندر بھی ماند پڑ گئے،

وَالْبِحَارُ سَیِّدِنَا وَ نَبِیِّنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ بِبَاھِرِ

ہمارے سردار اور ہمارے نبی حضرت محمد مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم، جن کی جگمگاتی

اٰیَاتِہٖ اَضَآئَتِ الْاَنْجَادُ وَالْاَغْوَارُ وَ بِمُعْجِزَاتِ

نشانیوں سے سب بلند اور نشیبی جگہیں روشن ہو گئیں، حضور کے معجزات کا

اٰیَاتِہٖ نَطَقَ الْکُتُبُ وَتَوَاتَرَتِ الْاَخْبَارُ صَلَّی

قرآنِ پاک میں اور پے درپے آنے والی روایتوں میں بیان ہوا ہے۔ اللہ پاک حضور پر،

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہِ الَّذِیْنَ ھَاجَرُوْا

حضور کی آل پر اور حضور کے پیارے صحابہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمْ پر رحمتیں نازل فرمائے جنھوں نے حضور

لِنُصْرَتِہٖ وَنَصَرُوْہُ فِیْ ھِجْرَتِہٖ فَنِعْمَ الْمُھَاجِرُوْنَ

کی مدد میں ہجرت کی اور جنھوں نے ہجرت پر حضور کی مدد کی، تو کیا ہی اچھے مہاجرین ہیں

وَنِعْمَ الْاَنْصَارُ صَلٰوۃً نَّامِیَۃً دَآئِمَۃً مَّا سَجَعَتْ

اور کیا ہی اچھے انصار (مدد گار) ہیں، اللہ پاک وہ بڑھتے رہنے والی رحمتیں نازل فرمائے جو ہمیشہ

فِیْ اَیْکِھَا الْاَطْیَارُ وَھَمَّعَتْ بِوَبْلِھَا الدِّیَمَۃُ

برستی رہیں جب تک گھنے درختوں میں پرندے چہچہاتے رہیں اور موسلا دھار بارش برستی

الْمِدْرَارُ ضَاعَفَ اللّٰہُ عَلَیْہِ دَآئِمَ صَلَوَاتِہٖ ۞

رہے۔ اللہ پاک حضور پر اپنی ہمیشہ برسنے والی رحمتیں بہت گنا نازل فرمائے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِہٖ

یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور حضور کی

الطَّیِّبِیْنَ الْکِرَامِ صَلٰوۃً مَّوْصُوْلَۃً دَآئِمَۃً

پاکیزہ و معزّز آل پر نہ ٹوٹنے والی اور عظمت و بزرگی والے (ربِّ کریم)

اَلْاِتِّصَالِ بِدَوَامِ ذِی الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ۞

کے دوام کے ساتھ ہمیشہ برستے رہنے والی رحمتیں نازل فرمائے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ ھُوَ

یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر رحمتیں نازل فرما جو کہ

قُطْبُ الْجَلَالَةِ وَشَمْسُ النُّبُوَّةِ وَالرِّسَالَةِ

عظمت کا مرکز ہیں، نبوّت و رسالت کے روشن آفتاب ہیں،

وَالْھَادِیْ مِنَ الضَّلَالَةِ وَالْمُنْقِذُ مِنَ الْجَھَالَةِ ۞

گمراہی سے بچاکر سیدھا راستہ دِکھاتے ہیں اور جہالت سے نجات عطا فرماتے ہیں۔

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ صَلٰوۃً دَآئِمَۃَ الْاِتِّصَالِ وَالتَّوَالِیْ

اللہ پاک حضور پر وہ رحمتیں نازل فرمائے جو ہمیشہ وابستہ اور جُڑی رہیں

مُتَعَاقِبَةً بِتَعَاقُبِ الْاَیَّامِ وَاللَّیَالِیْ ۞

اور دنوں اور راتوں کے تسلسل کے ساتھ برستی رہیں۔

اَلْحِزْبُ الثَّامِنُ
فِيْ يَوْمِ الْاِثْنَيْنِ

اَلْحِزْبُ الثَّامِنُ فِیْ یَوْمِ الْاِثْنَیْنِ

آٹھویں منزل بروز پیر

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الزَّاھِدِ

یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر رحمتیں نازل فرما جنہوں نے دُنیاوی

رَسُوْلِ الْمَلِكِ الصَّمَدِ الْوَاحِدِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

راحتوں کی طرف توجہ نہ فرمائی، یکتا و بے نیاز بادشاہ کے پیغمبر ہیں، اللہ پاک اُن پر وہ رحمتیں

وَسَلَّمَ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً اِلٰی مُنْتَھَی الْاَبَدِ بِلَا اِنْقِطَاعٍ

نازل فرمائے جو ہمیشہ ہمیشہ برستی رہیں نہ کبھی ختم ہوں نہ کبھی ان کا سلسلہ ٹوٹے

وَّلَا نَفَادٍ صَلٰوۃً تُنَجِّیْنَا بِھَا مِنْ حَرِّ جَھَنَّمَ

اور جن کی برکت سے (یااللہ!) تو ہمیں جہنم کی گرمی سے محفوظ رکھے

وَبِئْسَ الْمِھَادُ ۞ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

اور وہ کتنا بُرا بچھونا ہے۔ یااللہ! ہمارے غیب کی خبریں بتانے والے سردار حضرت

مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ صَلٰوۃً

محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم جو دنیا میں کسی سے نہیں پڑھے ان پر اور حضور کی آل پر

لَّا یُحْصٰی لَھَا عَدَدٌ وَّلَا یُعَدُّ لَھَا مَدَدٌ ۞

بے گنتی اور بے شمار رحمتیں اور سلامتی نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُکْرِمُ

یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر وہ رحمتیں نازل فرما جن سے تُو

بِھَا مَثْوَاہُ وَ تُبَلِّغُ بِھَا یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ مِنَ الشَّفَاعَۃِ

حضور کا مقام اَور معزّز فرمائے اور قیامت کے دن حضور کو شفاعت سے حضور کی رضامندی

رِضَاہُ ۞ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ

تک پہنچائے۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر رحمتیں نازل فرما جو کہ

الْاَصِیْلِ السَّیِّدِ النَّبِیْلِ الَّذِیْ جَآءَ بِالْوَحْیِ وَ

اعلیٰ نسب نبی ہیں اور عالی صفات سردار ہیں، وحی اور

التَّنْزِیْلِ وَاَوْضَحَ بَیَانَ التَّاْوِیْلِ وَجَآءَہُ الْاَمِیْنُ

قرآنِ پاک لائے، قرآنِ پاک کے معانی بیان فرمائے، ان کے حضور

جِبْرِیْلُ عَلَیْہِ السَّلَامُ بِالْکَرَامَۃِ وَ التَّفْضِیْلِ

جبریلِ امین عَلَیْہِ السَّلَام بزرگی وفضیلت لیے حاضر ہوئے،

وَ اَسْرٰی بِہِ الْمَلِکُ الْجَلِیْلُ فِی اللَّیْلِ الْبَھِیْمِ

عظمت والے بادشاہ نے انھیں لمبی تاریک رات (کے تھوڑے سے وقت) میں سیر کروائی،

الطَّوِیْلِ فَکَشَفَ لَہٗ عَنْ اَعْلَی الْمَلَکُوْتِ وَ اَرَاہُ

عالَمِ بالا کو ان کے سامنے آشکار فرمایا، انھیں قدرت وعظمت

سَنَآءَ الْجَبَرُوْتِ وَ نَظَرَ اِلٰی قُدْرَةِ الْحَیِّ الدَّآئِمِ

کی بلندی کا جلوہ دکھایا اور انھوں نے زندہ، ہمیشہ رہنے والے اور کبھی فنا نہ

الْبَاقِی الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ

ہونے والے ربِّ کریم کی قدرت کے نظارے کیے۔ اللہ پاک حضور پر

صَلٰوةً مَّقْرُوْنَةً بِالْجَمَالِ وَ الْحُسْنِ وَ الْكَمَالِ

وہ رحمتیں نازل فرمائے جن سے حسن وجمال، بھلائی اور فضل

وَ الْخَیْرِ وَ الْاِفْضَالِ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

واحسان وابستہ ہوں۔ یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاَقْطَارِ ۞

حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر (زمین وآسمان کے) کناروں کے شمار جتنی رحمتیں نازل فرما۔

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

یااللہ! ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

مُحَمَّدٍ عَدَدَ وَرَقِ الْاَشْجَارِ وَ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

وَسَلَّم کی آل پر درختوں کے پتوں جتنی رحمتیں نازل فرما اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ زَبَدِ

وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر سمندر کے جھاگ کی تعداد میں رحمتیں

الْبِحَارِ وَ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ

نازل فرما اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاَنْھَارِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر نہروں کی تعداد میں رحمتیں نازل فرما اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ رَمْلِ

پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر صحراؤں اور بیابانوں کی ریت کی

الصَّحَارٰی وَالْقِفَارِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

تعداد میں رحمتیں نازل فرما اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ ثِقْلِ الْجِبَالِ وَ

حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر پہاڑوں اور پتھروں کے بوجھوں جتنی رحمتیں نازل فرما

الْاَحْجَارِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَھْلِ الْجَنَّۃِ وَاَھْلِ النَّارِ ۞

محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی آل پر جنتیوں اور دوزخیوں کے شمار جتنی رحمتیں نازل فرما۔

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی

مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاَبْرَارِ وَالْفُجَّارِ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

آل پر نیکوں اور بدوں کے شمار جتنی رحمتیں نازل فرما۔ اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا

وَسَلَّم پر اور ہمارے سردار حضرت محمد صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم کی آل پر اتنی رحمتیں نازل فرما جتنے معاملات

يَخْتَلِفُ بِهِ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَاجْعَلِ اللّٰهُمَّ

کو لیے دن اور رات آتے جاتے ہیں اور یااللہ! ہمارے درود

صَلَاتَنَا عَلَيْهِ حِجَابًا مِّنْ عَذَابِ النَّارِ وَسَبَبًا

شریف پڑھنے کو ہمارے لیے جہنّم کے عذاب سے آڑ اور

لِّاِبَاحَةِ دَارِ الْقَرَارِ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ وَ

چین کے گھر (جنّت) کی اجازت ملنے کا بہانہ بنادے بیشک تُو ہی عزّت والا بہت بخشنے والا ہے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ

اور اللہ پاک ہمارے سردار حضرت محمد مصطفےٰ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم پر، حضور کی پاکیزہ آل پر،

وَذُرِّيَّتِهِ الْمُبَارَكِيْنَ وَصَحَابَتِهِ الْاَكْرَمِيْنَ وَ

مبارک اولاد پر ، معزز ترین صحابہ پر اور حضور کی

اَزْوَاجِهٖٓ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ صَلٰوةً مَّوْصُوْلَةً

پاکیزہ بیویوں مسلمانوں کی شفیق ماؤں پر وہ مسلسل رحمتیں نازل فرمائے جو جزا و سزا کے دن

تَتَرَدَّدُ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ۞

(قیامت) تک برستی رہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الْاَبْرَارِ وَ زَیْنِ

یااللہ! اُن مبارک ہستی پر رحمتیں نازل فرما جو نیکوں کے سردار ہیں، معزّز رسولوں

الْمُرْسَلِیْنَ الْاَخْیَارِ وَ اَکْرَمِ مَنْ اَظْلَمَ عَلَیْهِ

کی زینت ہیں، رات کے اندھیرے میں ڈوبنے والے اور دن کی روشنی میں آشکار

اللَّیْلُ وَ اَشْرَقَ عَلَیْهِ النَّهَارُ ۞ (تین بار)

ہونے والے ہر وجود سے زیادہ معزّز ہیں۔

اَللّٰھُمَّ یَا ذَا الْمَنِّ الَّذِیْ لَا یُکَافٰی اِمْتِنَانُهٗ

یااللہ! احسان والے وہ ربّ! جس کا احسان چُکایا نہیں جاسکتا،

وَ الطَّوْلِ الَّذِیْ لَا یُجَازٰی اِنْعَامُهٗ وَ اِحْسَانُهٗ

انعام والے وہ ربّ! جس کے فضل وانعام کا بدل نہیں دیا جاسکتا،

نَسْئَلُكَ بِكَ وَ لَا نَسْئَلُكَ بِاَحَدٍ غَیْرِكَ اَنْ

ہم تجھ سے کسی اور کے وسیلے سے نہیں بلکہ تیرے ہی وسیلے سے دُعا کرتے ہیں کہ (قبر کے)

تُطْلِقَ اَلْسِنَتَنَا عِنْدَ السُّؤَالِ وَ تُوَفِّقَنَا لِصَالِحِ

امتحان میں ہماری زبان پر جوابات جاری فرمانا، ہمیں نیک اعمال کی توفیق عطا فرما

الْاَعْمَالِ وَ تَجْعَلَنَا مِنَ الْاٰمِنِيْنَ يَوْمَ الرَّجْفِ

اور ہمیں تھرتھراہٹ اور زلزلے (یعنی قیامت) کے دن

وَالزِّلْزَالِ يَا ذَا الْعِزَّةِ وَالْجَلَالِ اَسْئَلُكَ يَا نُوْرَ

بے خوفوں میں رکھنا اے عزّت وعظمت والے ربّ۔ میں تیری بارگاہ میں دُعا کرتا ہوں اے

النُّوْرِ قَبْلَ الْاَزْمِنَةِ وَالدُّهُوْرِ اَنْتَ الْبَاقِيْ بِلَا

نُورِ حقیقی! جو سب زمانوں اور وقتوں سے پہلے بھی موجود تھا، تُو زوال سے پاک اور باقی رہنے

زَوَالٍ ۚ الْغَنِيُّ بِلَا مِثَالٍ ۚ الْقُدُّوْسُ الطَّاهِرُ

والا ہے، تُو بے حد بے پروا ہے، کمال پاکی والا،

الْعَلِيُّ الْقَاهِرُ الَّذِيْ لَا يُحِيْطُ بِهٖ مَكَانٌ وَّ لَا

بے عیب اور بلندی اور غلبے والا ہے، کوئی جگہ تجھے گھیر نہیں سکتی ہے اور

يَشْتَمِلُ عَلَيْهِ زَمَانٌ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَآئِكَ

کوئی زمانہ تجھے سمو نہیں سکتا ہے، میں تیرے سبھی بہت اچھے ناموں کے وسیلے سے دُعا

الْحُسْنٰى كُلِّهَا وَبِاَعْظَمِ اَسْمَآئِكَ اِلَيْكَ وَ اَشْرَفِهَا

کرتا ہوں، تیرا جو نام تیرے یہاں سب سے زیادہ عظمت والا، اونچے

عِنْدَكَ مَنْزِلَةً وَّ اَجْزَلِهَا عِنْدَكَ ثَوَابًا وَّ اَسْرَعِهَا

مرتبے والا، بڑے ثواب والا اور جلد قبولیت والا ہے اُس کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں،

مِنْكَ اِجَابَةً وَّ بِاسْمِكَ الْمَخْزُوْنِ الْمَكْنُوْنِ

تیرے سربستہ و پوشیدہ، بزرگ اور بہت

الْجَلِيْلِ الْاَجَلِّ الْكَبِيْرِ الْاَكْبَرِ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ

بزرگی والے، بڑے اور بہت بڑائی والے، عظیم اور بہت عظمت والے اُس نام کے وسیلے سے

الَّذِيْ تُحِبُّهٗ وَتَرْضٰى عَمَّنْ دَعَاكَ بِهٖ وَتَسْتَجِيْبُ

دُعا کرتا ہوں جو تجھے پسند ہے اور جس نام کے ساتھ دُعا کرنے والے سے تُو راضی ہوتا ہے اور

لَهٗ دُعَآئَهٗ ۞ اَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِلَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

اس کی دُعا قبول فرماتا ہے۔ یا اللہ! میں تیری بارگاہ میں اس بات کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں کہ

الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، تُو کمال مہربان ہے، بہت احسان فرماتا ہے، تُو نے کسی نمونے

ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ

کے بغیر آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا، تُو عظمت و بزرگی والا ہے، ہر چُھپے اور کُھلے کو جانتا ہے

الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ

سب سے بڑا اور بلندی والا ہے، اور تیرے عظیم اور بہت عظمت والے اُس نام (اسمِ اعظم) کے

الْاَعْظَمِ الَّذِيْٓ اِذَا دُعِيْتَ بِهٖٓ اَجَبْتَ وَاِذَا سُئِلْتَ

وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جس کے ساتھ تیری بارگاہ میں دُعا کی جائے تو تو قبول فرماتا ہے، مانگا

بِهٖۤ اَعْطَیْتَ وَ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِیْ یَذِلُّ

جائے تو عطا فرماتا ہے، تیرے اُس نام کے وسیلے سے دُعا کرتا ہوں جس کی عظمت کے حضور

لِعَظَمَتِهِ الْعُظَمَآءُ وَ الْمُلُوْكُ وَ السِّبَاعُ وَ الْهَوَآمُّ

سب عظمتوں والے، سب بادشاہ، سب درندوں سے لے کر کیڑے مکوڑوں تک اور تیری

وَكُلُّ شَیْءٍ خَلَقْتَهٗ یَآ اَللّٰهُ یَا رَبِّ اسْتَجِبْ دَعْوَتِیْ

سب مخلوق جھک گئی، یااللہ! اے میرے ربّ! میری دُعا قبول فرمالے،

یَا مَنْ لَّهُ الْعِزَّةُ وَ الْجَبَرُوْتُ یَا ذَا الْمُلْكِ وَ

اے ہر عزّت اور غلبے والے! اے بادشاہی و سلطنت والے!

الْمَلَكُوْتِ یَا مَنْ هُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ سُبْحٰنَكَ رَبِّ

اے وہ زندہ جسے کبھی مَوت نہ آئے گی، تُو پاک ہے، اے میرے ربّ!

مَا اَعْظَمَ شَانَكَ وَ اَرْفَعَ مَكَانَكَ اَنْتَ رَبِّیْ

تیری شان کتنی عظیم ہے، تیری منزلت کتنی بلند ہے، تُو میرا ربّ ہے،

یَا مُتَقَدِّسًا فِیْ جَبَرُوْتِهٖۤ اِلَیْكَ اَرْغَبُ وَ اِیَّاكَ

اے وہ مالک جو اپنی عظمت و قدرت میں کمال پاکی والا ہے، میں تجھی سے امید رکھتا ہوں اور

اَرْهَبُ یَا عَظِیْمُ یَا كَبِیْرُ یَا جَبَّارُ یَا قَادِرُ یَا قَوِیُّ

تیرا ہی ڈر رکھتا ہوں، اے عظمت والے، بڑائی والے، زبردست، قدرت والے، طاقت والے!

تَبَارَكْتَ يَا عَظِيْمُ تَعَالَيْتَ يَا عَلِيْمُ سُبْحَانَكَ

تُو بڑی برکت والا ہے اے عظمت والے، تُو بہت بلندی والا ہے اے علم والے، تُو پاک ہے

يَا عَظِيْمُ سُبْحَانَكَ يَا جَلِيْلُ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ

اے عظمت والے، تُو پاک ہے اے بزرگی والے، میں تیرے عظمت و کمال اور بڑائی والے نام

الْعَظِيْمِ التَّآمِّ الْكَبِيْرِ اَنْ لَّا تُسَلِّطَ عَلَيْنَا جَبَّارًا

کے وسیلے سے تیری بارگاہ میں دُعا کرتا ہوں کہ کسی سرکش ہٹ دھرم،

عَنِيْدًا وَّ لَا شَيْطَانًا مَّرِيْدًا وَ لَآ اِنْسَانًا حَسُوْدًا

سرکش شیطان، حسد والے انسان،

وَّ لَا ضَعِيْفًا مِّنْ خَلْقِكَ وَلَا شَدِيْدًا وَّ لَا بَآرًّا وَّ

اپنی مخلوق میں سے کسی کمزور و زبردست، نیک و بد،

لَا فَاجِرًا وَّ لَا عَبِيْدًا وَّ لَا عَنِيْدًا ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ

عبادت گزار یا نافرمان ضدی کو ہم پر غلبہ نہ دینا۔ یااللہ! میں تیری بارگاہ میں دُعا کرتا ہوں

اَسْئَلُكَ فَاِنِّيْٓ اَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ

کیونکہ میں گواہی دیتا ہوں کہ تُو ہی اللہ ہے، تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں

اِلَّآ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ

تُو اکیلا و یکتا ہے، بے نیاز ہے، تیری کوئی اولاد نہیں،

وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۞ يَا هُوَ يَا مَنْ

تُو کسی کی اولاد نہیں اور تیرے جوڑ کا کوئی نہیں۔ اے وہ ذات! اے وہ ذات جس کے سوا کسی

لَّا هُوَ اِلَّا هُوَ يَا مَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يَا اَزَلِيُّ يَا

کا وجود حقیقی نہیں۔ اے وہ! جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اے وہ جو ہمیشہ سے ہے!

اَبَدِيُّ يَا دَهْرِيُّ يَا دَيْمُوْمِيُّ يَا مَنْ هُوَ الْحَيُّ

اے وہ جو ہمیشہ رہے گا! اے ہمیشگی والے! اے دوام والے! اے وہ جو زندہ ہے جسے کبھی

الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ يَا اِلٰهَنَا وَ اِلٰهَ كُلِّ شَيْءٍ اِلٰهًا

مَوت نہیں آئے گی، اے ہمارے اور ہر چیز کے اکیلے خُدا!

وَّاحِدًا لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ ۞ اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ

تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ یااللہ! اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے

وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الرَّحْمٰنَ

والے! چُھپے اور کُھلے کو جاننے والے! نہایت

الرَّحِيْمَ الْحَيَّ الْقَيُّوْمَ الدَّيَّانَ الْحَنَّانَ الْمَنَّانَ

مہربان! رحم والے! آپ زندہ! اوروں کو قائم رکھنے، جزا دینے والے! کمال مہربان! بہت احسان

الْبَاعِثَ الْوَارِثَ ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ ۞ قُلُوْبُ

فرمانے، حشر میں اٹھانے، مخلوق کی فنا کے بعد باقی رہنے، عظمت و بزرگی والے۔ لوگوں کے دل

اَلْخَلَآئِقِ بِيَدِكَ نَوَاصِيهِمْ اِلَيْكَ فَاَنْتَ تَزْرَعُ

تیرے دستِ قدرت میں ہیں، لوگوں کی پیشانیاں تیرے یہاں ہیں، تُو ہی اُن کے دلوں

اَلْخَيْرَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ وَتَمْحُو الشَّرَّ اِذَا شِئْتَ مِنْهُمْ

میں بھلائی کا بیج بوتا ہے اور جب چاہے اُن سے بُرائی کو مٹاتا ہے، چنانچہ میں

فَاَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ اَنْ تَمْحُوَ مِنْ قَلْبِيْ كُلَّ شَيْءٍ

تجھ سے دُعا کرتا ہوں یااللہ! میرے دل سے ہر وہ چیز مٹادے

تَكْرَهُهٗ وَ اَنْ تَحْشُوَ قَلْبِيْ مِنْ خَشْيَتِكَ وَ

جو تجھے پسند نہ ہو، میرا دل اپنے خوف،

مَعْرِفَتِكَ وَ رَهْبَتِكَ وَ الرَّغْبَةَ فِيْمَا عِنْدَكَ وَ

اپنی معرفت، اپنے ڈر اور اپنے یہاں کی نعمتوں کی رغبت سے اور

الْاَمْنَ وَ الْعَافِيَةَ وَاعْطِفْ عَلَيْنَا بِالرَّحْمَةِ وَ

امن و عافیت سے بھر دے، ہم پر اپنی رحمت و برکت کی

الْبَرَكَةِ مِنْكَ وَ اَلْهِمْنَا الصَّوَابَ وَ الْحِكْمَةَ

مہربانی فرما، ہمیں درستی اور حکمت عطا فرما،

فَنَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ عِلْمَ الْخَآئِفِيْنَ وَ اِنَابَةَ

یااللہ! ہم تجھ سے ڈر والوں کا سا علم، تواضع والوں کا تیری بارگاہ میں رجوع،

الْمُخْبِتِيْنَ وَ اِخْلَاصَ الْمُوْقِنِيْنَ وَ شُكْرَ الصَّابِرِيْنَ

یقین والوں کا اخلاص، صبر والوں کا شکر اور

وَ تَوْبَةَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَ نَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِنُوْرِ

اور صدّیقوں کی سی توبہ مانگتے ہیں اور یااللہ! تیرے وجہِ کریم کے جس نور نے

وَجْهِكَ الَّذِيْ مَلَاَ اَرْكَانَ عَرْشِكَ اَنْ تَزْرَعَ

عرش کے گوشوں کو نورانیت سے بھر دیا ہے اس نور کے وسیلے سے تیری بارگاہ میں دُعا

فِيْ قَلْبِيْ مَعْرِفَتَكَ حَتّٰۤى اَعْرِفَكَ حَقَّ مَعْرِفَتِكَ

کرتا ہوں کہ میرے دل میں اپنی معرفت جمادے یہاں تک کہ میں تیری معرفت رکھوں

كَمَا يَنْبَغِيْۤ اَنْ تُعْرَفَ بِهٖ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا

جیسا تیری معرفت کا حق ہے، جیسی تیری معرفت ہونی چاہیے۔ اور اللہ پاک ہمارے سردار،

مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَ اِمَامِ الْمُرْسَلِيْنَ وَ

آخری نبی اور سب رسولوں کے امام حضرت محمد مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم پر اور حضور

عَلٰۤى اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَ سَلَّمَ تَسْلِيْمًا وَّ الْحَمْدُ لِلّٰهِ

کی آل واصحاب پر رحمتیں اور بہت سلامتی نازل فرمائے اور سب تعریفیں اللہ پاک کی ہیں

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۞

جو سب جہان والوں کا ربّ ہے۔

دُعَاءُ خَتَمِ الدَّلَآئِلِ الْخَیْرَاتِ

دلائل الخیرات شریف کی اختتامی دُعا

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِمُؤَلِّفِہٖ وَارْحَمْہُ وَاجْعَلْہُ مِنَ

یااللہ! دلائل الخیرات کے مؤلف رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ کی مغفرت فرما، اُن پر رحمت فرما،

الْمَحْشُوْرِیْنَ فِیْ زُمْرَۃِ النَّبِیّٖنَ وَ الصِّدِّیْقِیْنَ

انھیں اپنے فضل وکرم سے قیامت کے دن نبیّوں اور صدّیقوں کی جماعت

یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ بِفَضْلِكَ یَا رَحْمٰنُ ۞

میں اٹھائے بہت مہربان۔

حصول شفاعت کا آسان وظیفہ

ہر صبح وشام درود شریف ضرور پڑھنا چاہیے کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: جو روزانہ صبح وشام دس دس بار درود شریف پڑھے تو قیامت کے دن اسے میری شفاعت نصیب ہوگی۔

(مجمع الزوائد، 10/ 163، حدیث 17022، دارالفکر بیروت)

تخریج الاحادیث

(1) "السنن الکبری" للنسائی، 384/1، الحدیث: 1218، دارالکتب العلمیة، بیروت، قال العراقی: النسائی وابن حبان من حدیث ابی طلحة باسناد جید.

(2) "ترمذی"، 27/2، الحدیث: 484، دار الفکر بیروت، قال الترمذی: هذا حدیث حسن غریب.

(3) "المعجم الاوسط" للطبرانی، 449/4، الحدیث: 1654 بتغیر، دارالکتب العلمیة، بیروت، قال العراقی: اخرجه الطبرانی فی الاوسط باسناد حسن.

(4) "القول البدیع"، ص301، مؤسسة الریان، قال العراقی: اخرجه قاسم بن اصبغ من احادیث الحسن بن علی هکذا والنسائی وابن حبان من حدیث اخیه الحسین "البخیل من ذکرت عنده فلم یصل علی" و رواه الترمذی من روایة الحسین بن علی عن ابیه وقال حسن صحیح.

(5) "سنن ابن ماجه"، 291/2، الحدیث: 1637، دارالمعرفة، بیروت وقال ابن الملقن: واسناده حسن.

(6) "عمل الیوم واللیلة" للنسائی، ص166، الحدیث: 64، مؤسسة الرسالة، بیروت، قال العراقی: لابن حبان من حدیث انس نحوه.

(7) "بخاری"، 224/1، الحدیث: 614، دارالکتب العلمیة، بیروت

(8) "تاریخ دمشق"، 80/6، الحدیث: 1422، دارالفکر، بیروت و "المعجم الاوسط"، 497/1، الحدیث: 1835، دار الفکر، بیروت، قال العراقی: اخرجه الطبرانی فی "الاوسط" وابو الشیخ فی "الثواب" والمستغفری فی "الدعوات" من حدیث ابی هریرة بسند ضعیف.

(9) "القول البدیع"، ص378، مؤسسة الریان، بتغیر و "الجامع الصغیر" للسیوطی، ص320، الحدیث: 5191، بتغیر، دارالکتب العلمیة، بیروت، قال العراقی: اخرجه الدارقطنی فی الافراد عن ابی هریرة و حدیث غریب و قال ابن النعمان: حدیث حسن.

(10) لم نجد بهذه الالفاظ وخرج ابن شاهين فی الترغیب بلفظ: "الصلاة علی نور علی الصراط"، "الترغیب" لابن شاہین، ص14، الحدیث:22، دار الکتب العلمیة، بیروت و قال امام فاسی اخرجه الازدی فی الضعفاء و الدار قطنی فی الافراد بسند ضعیف، "مطالع المسرات"، ص43، دار الکتب العلمیة، بیروت.

(11) "ابن ماجه"، 490/1، الحدیث:908، دار المعرفة، بیروت، "حلیة الاولیاء"، 107/3، الحدیث:3353، دار الکتب العلمیة، بیروت.

(12) "شرف المصطفی" للخرکوشی، 75/5، معنا، دار البشائر الاسلامیة و "افضل الصلوات علی سید السادات" للنبهانی، ص17، المکتبة التوفیقیة.

(13) "افضل الصلوات علی سید السادات" للنبهانی، ص22، المکتبة التوفیقیة و "القول البدیع"، ص268، الحدیث:11، مؤسسة الریان، قال السخاوی: ذکره صاحب "الدر المنظم".

(14) "الترغیب" لابن شاہین، ص14، الحدیث:20، بتغیر، دار الکتب العلمیة بیروت، قال السخاوی: حدیث منکر.

(15) "الشفا بتعریف حقوق المصطفی"، 76/2، دار الکتب العلمیة، بیروت، قال السخاوی لم اقف علی سنده.

(16) "افضل الصلوات علی سید السادات" للنبهانی، ص17، المکتبة التوفیقیة قال السخاوی: اخرجه ابن بشکوال بسند لا یصح من قوله "من صلی علی عشر" الی "جسده النار" و "القول البدیع"، ص318، قال الامام محمد المهدی: ذکره ابن وداعة کله من غیر نسبة، "مطالع المسرات"، ص52، دار الکتب العلمیة، بیروت.

(17) قال الامام محمد المهدی: هذا لم اجده "مطالع المسرات"، ص57، دار الکتب العلمیة، بیروت.

(18) "حلیة الاولیا"، 49/8، الحدیث: 11341، دار الکتب العلمیة، بیروت، قال ابو نعیم: غریب.

(19) قال الامام محمد المهدی: هذا الخبر ذکره ابن سبع "مطالع المسرات" ص60، دار الکتب العلمیة، بیروت.

(20) ذکر الامام محمد المهدی عن الشیخ ابو جعفر بن وداعة "مطالع المسرات" ص62، دار الکتب العلمیة، بیروت.

(21) "بستان الواعظین ورياض السامعین"، ص393، بتغیر، دار الکتاب العربی بیروت.

(22) "القول البدیع"، ص414، مؤسسة الریان، بتغیر و بدون قوله: "وتقضی الحوائج" وقال الحافظ السخاوی: مما لم اقف علی اصله.

(23) "بخاری"، 17/1، الحدیث: 15، دار الکتب العلمیة، بیروت بدون قوله: "من نفسه و ماله" و "سنن نسائی"، ص803، الحدیث: 5024، دار الکتب العلمیة، بیروت بدون قوله: ونفسه.

(24) "بخاری"، 283/4، الحدیث: 6632، بتغیر، دار الکتب العلمیة، بیروت، "مسند احمد"، 583/29، الحدیث: 18047، بتغیر، مؤسسة الرسالة، بیروت، "مرقاة"، 145/1، ملخصا، دار الفکر، بیروت.

(25) الی (28) قال الامام محمد المهدی: هذا الحدیث مما لا اعرفه و لم اجده.

(29) لم نجد بهذا اللفظ لکن اخرجه الامام احمد فی معناه "مسند احمد"، 308/35، الحدیث: 21385، معنا، مؤسسة الرسالة، بیروت، وله شواهد.

(30) قال الامام محمد المهدی: هذا الحدیث مما لا اعرفه ولم اجده.

(31) لم نجده.

(32) "المنتظم" لابن جوزی، 39/2، عن ابن عمر، معنا، دار الکتب العلمیة، بیروت و "ترمذی"، 355/5، الحدیث: 3637، دار الفکر، بیروت، ذکره الترمذی بمعناه عن عبد الله ابن سلام، وقال: هذا حدیث حسن غریب.

(33) "المستدرک للحاکم"، 563/5، الحدیث: 8253، دار المعرفة، بیروت، قال الحاکم: هذا حدیث صحیح الاسناد ولم یخرجاه، "تلخیص المستدرک"، للذهبی، 395/4، دار الفکر بیروت و قال الذهبی: صحیح.

(34) هذا مما لم نجده. (35) لم نجده.

دلائل الخیرات شریف کو اللہ پاک نے لوگوں کے لیے بڑی نفع بخش کتاب بنایا ہے اس کی شہرت و مقبولیت شمس و قمر کی طرح پوری دنیا میں پھیلی ہوئی ہے مشرق، مغرب، شہروں، وادیوں میں ہر جگہ اس کی مقبولیت یکساں ہے اور لوگ اس کتاب کے ذریعے نور اور برکتیں پاتے ہیں۔

978-969-722-486-9
01013396
فیضانِ مدینہ، محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی کراچی
+92 21 111 25 26 92
0313-1139278
www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net
feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net